ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کہیں تشریف لے جا رہے تھے کہ ایک نوجوان نے آپ کے قدم پر قدم رکھ کر کہا کہ یوں شیخ کے قدم پر قدم رکھا کرتے ہیں۔ ایک پوستین آپ کی بغل میں تھی اُس نے کہا کہ یا شیخ ایک ٹکڑا اس سے مجھے بھی عنایت فرمائیں تاکہ آپ کی برکات مجھے بھی حاصل ہوں۔ فرمایا اگر تو بایزید کی پوستین پہن لے گا تو تجھے کچھ فائدہ حاصل نہ ہوگا جب تک کہ بایزید جیسا کام نہ کرے گا۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

جنّتی اور دوزخی کا فیصلہ فرمانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ خلیفہ ہارون الرشید اپنی بیوی زبیدہ سے مناظرہ کر رہا تھا اثنائے گفتگو زبیدہ نے ہارون الرشید کو دوزخی کہہ دیا۔ ہارون الرشید نے کہا کہ اگر میں دوزخی ہوں تو تمھیں میری طرف سے طلاق ہے۔ غرض دونوں آپس سے جُدا ہو گئے۔ چونکہ خلیفہ کو زبیدہ سے بہت محبّت تھی۔ اور زبیدہ بھی خلیفہ کو نہایت محبوب رکھتی تھی۔ اس لیے دونوں بے قرار ہوئے۔ تمام علماء کرام کو جمع کر کے فتویٰ طلب کیا۔ مگر چپ رہے اور کہنے لگے کہ سوائے ذاتِ الٰہ العٰلمین کے کوئی نہیں جانتا کہ خلیفہ دوزخی ہے یا بہشتی۔ اس وقت حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی آپ کی مجلس میں موجود تھے اور عمر میں بھی گیارہ سال سے کم تھے۔ آپ نے کھڑے ہو کر کہا کہ اس مسئلہ کا جواب میں دیتا ہوں۔ سب لوگ حیران رہ گئے کہ ایک بچہ کیا جواب دے سکتا ہے۔ تب ہارون الرشید نے آپ کو بلا کر پوچھا تو آپ نے کہا کہ چونکہ آپ سائل ہیں اس لیے تخت سے نیچے اُتر جائیں اور مجھے تخت پر بیٹھنے دیں۔ تب میں جواب دُوں گا۔ خلیفہ نے ایسا ہی کیا۔ جب آپ تخت پر بیٹھ گئے تو فرمایا کہ تمھارے سوال کا جواب بعد میں دُوں گا پہلے تم میری بات کا جواب دو۔ پوچھا کیا سوال ہے۔ فرمایا کہ کیا کبھی کسی گناہ کے کر سکنے کی ہمت ہوتے ہوئے تم نے خوف خداوندی سے اس گناہ کو ترک کیا۔ خلیفہ نے کہا کہ ہاں۔ تب آپ نے فرمایا کہ میں حکم دیتا ہوں کہ تم بہشتی ہو۔ تمام علماء کرام نے یہ سُن کر کہا کہ یہ کس طرح اور کس حکم سے۔ آپ نے فرمایا قرآن کہتا ہے "وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى۔" یہ آیت سُن کر تمام علماء کرام آفرین کہتے ہوئے کہنے لگے کہ جب بچپن میں یہ حال ہے تو جوانی میں کیا ہو گا۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

حضرت عبداللہ بن مبارک اور ایک شہزادے کو زیارت نبوی کا حُصول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک مسجد سے نکلے۔ راستے میں ایک سیّد زادے سے ملاقات ہوئی تو اُس نے آپ سے کہا کہ اے ہندو زادے یہ کیا ٹھاٹھ بنا رکھا ہے؟ میں باوجود اس کے کہ رسول خدا علیہ التحیۃ والثناء کا فرزند ہونے کے بڑی مشکل سے روزی کما کر کھاتا ہوں اور تو اس قدر شان و شوکت کے ساتھ۔ آپ نے فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ جو کچھ تیرے جدّ امجد علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں اس پر عمل پیرا ہوں اور تم عمل پیرا نہیں ہو۔ اسی رات آپ نے خواب میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی کہ آپ ناراض ہیں۔ ناراض ہونے کی وجہ دریافت کی تو آپ نے فرمایا اے عبداللہ! تو نے میرے فرزند کو طعنہ دیا ہے۔ جب عبداللہ خواب سے بیدار ہوئے تو اس سیّد زادے کی تلاش میں نکلے تاکہ معافی مانگیں۔ اللہ کی قدرت کہ اُسی رات اُس سیّد زادے کو بھی نبی کریم علیہ السّلام کی زیارت نصیب ہوئی اور اُسے فرمایا کہ جب تیری یہ حالت تھی تو تُو نے عبداللہ بن مبارک کے ساتھ ایسا سلوک کیوں کیا

Marfat.com
Marfat.com

اگر تو یہ لفظ نہ کہتا تو نہ طعنہ سنتا۔ وہ بھی خواب سے بیدار ہو کر آپ کی تلاش میں نکلا تاکہ معافی مانگے۔ راستہ میں دونوں کی ملاقات ہو گئی۔ ایک دوسرے نے اپنا خواب بیان کر کے معافی مانگی اور آئندہ کے لیے توبہ کی۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور برے آدمی کی صحبت تجھے برا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

عجائب و اسرار کا انکشاف

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ جب میرے پروردگار نے مجھے تمام موجودات سے مستغنی کر دیا اور اپنے نور سے منور کر کے اپنے عجائب و اسرار کا محرم بنایا اور اپنی عظمت و ہیبت مجھ پر ظاہر فرمائی تو میں نے یقین کی آنکھوں سے حق تعالیٰ کو دیکھا اور حق سے اپنی طرف دیکھ کر اپنی صفات پر نظر کی تو معلوم ہوا کہ نورِ الٰہی کے مقابلے میں میرا نور سراسر تاریکی ہے اور میری عظمت اس کی عظمت کے مقابلے میں سراسر حقارت۔ اور اس کی عزت کے مقابلے میں میری عزت بالکل نابود۔ وہاں ہر طرف صفائی ہی صفائی ہے اور مجھ میں کدورت ہی کدورت۔ پھر نگاہ کی تو

Marfat.com
Marfat.com

اپنے نور میں اس کا نور دیکھا۔ اور اُس کی عزت و عظمت میں اپنی عزت و عظمت کو دیکھا۔ اور معلوم ہُوا کہ جو میں کرتا ہوں اُسی کی قدرت سے کرتا ہوں۔ جب اس کا نُور میرے دل میں چمکا تو انصاف و حقیقت کی نگاہ سے دیکھنے پر معلوم ہُوا کہ ساری عبادت حق کی طرف سے ہی تھی نہ کہ میری طرف سے۔ میرا خیال تھا کہ میں اُس کی عبادت کرتا ہوں لیکن معاملہ برعکس نکلا۔ میں نے عرض کیا۔ الٰہی! کیا معاملہ ہے۔ جواب ملا کہ سب کچھ میں ہی ہوں اگرچہ افعال تجھ سے سرزد ہوتے ہیں لیکن ان کی توفیق میں ہی دیتا ہوں۔ پھر میں نے حق تعالیٰ کی طرف نگاہ کی۔ تو حق تعالیٰ کو حقیقت میں دیکھ کر وہاں پر قیام اور اکرام کیا اور کوشش کے کان بند کر لیے اور زُبان کی زُبان کو نامرادی کے منہ میں بند کر کے کسی علم کو ترک کر دیا اور نفس امّارہ کی زحمت کو درمیان سے اُٹھا دیا۔ تب میں نے تمام موجودات کو حق سے دیکھا اور جب میں نے زُبانِ لطف سے اُس کی مناجات کی اور علم حق حاصل ہُوا اور اسی کے نور سے اسے دیکھا اور اُس نے مجھ سے فرمایا۔ اے بایزید! تو بغیر سب کے سب کے ساتھ ہے۔ میں نے عرض کی الٰہی! میں اس پر مغرور نہیں ہوں۔ اور اپنی ہستی پر تجھ سے بے پرواہ نہیں ہو سکتا۔ ہاں تو بغیر میرے میرا ہو جا۔ یہ میرے واسطے بہ نسبت اس کے کہ میں تیرے بغیر اپنا بن جاؤں بہتر ہے کیونکہ میں تیرے ذریعے سے باتیں کرتا ہوں اس لیے یہ دستور ہے کہ تیرے بغیر نفس کے ساتھ تیرے کوچہ میں آؤں۔ ارشاد ربانی ہُوا کہ اب شریعت کا خیال کر۔ اور امر و نہی کی حد سے باہر ہرگز نہ نکل تاکہ تیری کوششوں کو ہم منظور کر لیں۔ میں نے عرض کی کہ میری مراد ہے۔ اور اگر تو مذمّت کرے تو تُو عیب و نقصان سے پاک و منزّہ ہے۔ مجھ سے فرمایا کہ یہ تُو نے کس سے سیکھا۔ عرض کیا کہ سائل مسئول کی نسبت بہتر جانتا ہے کیونکہ وہ مراد بھی ہے اور مرید بھی حجاب میں ہے اور عجیب بھی۔

جب مجھے صفائی حاصل ہو گئی تو میرے دل نے رضائے حق کی ندا کو سُنا اور وہ

Marfat.com
Marfat.com

مجھ سے خوش ہُوا اور اپنے نُور سے مجھے منور کیا اور ظلمتِ نفس اور کدورتِ بشریت کو نظر انداز کر دیا۔ تب میں سمجھا کہ میں زندہ ہوں اور اس کے فضل و کرم سے خوشی کی بساط بچھائی ہے فرمایا کہ جو کچھ تُو چاہتا ہے مانگ لے۔ مَیں نے کہا مَیں تجھے چاہتا ہوں جو کہ افضل سے افضل تر اور کرم سے بزرگ تر ہے اور تجھ سے تجھی پر قناعت کرتا ہوں۔ جب تو میرا ہے تو میں فضل و کرم کی کتاب کو لپیٹ دیتا ہوں تو ماسوا کو میرے سامنے نہ لا۔ اور اپنے آپ سے مجھ کو باز نہ رکھ۔ چنانچہ تھوڑی دیر تک مجھے اس غرض کا کوئی جواب نہ مِلا۔ پھر کرامت کے تاج کو میرے سَر پر رکھ کر فرمایا کہ تو سچّا ہے اور سچ کا متلاشی ہے۔ تو نے حق دیکھ لیا اور سُن لیا۔ میں نے عرض کیا کہ سب کچھ سنا تجھ ہی سے ہے۔ پھر میں نے ثناء کی اور مجھے کبریائی کے بازو دیئے گئے جن کی مدد سے میں نے عزا کے میدان طے کر لیے اور اس کی کاریگری کے کمالات کو دیکھا جب اُس نے میری کمزوری کو دیکھا اور نیازمندی کو پہچان لیا تو اپنی قوت کے ساتھ مجھے قوی بنا دیا اور اپنی زینت سے آراستہ فرمایا اور تاجِ کرامت میرے سر پہ رکھ کر توحید کا دروازہ مجھ پر کھول دیا۔ جب مجھے میری صفات کا اس کی صفات میں مل جانے کی اطلاع ہوئی تو اپنی خودی سے مشرف فرما کر اپنی بارگاہ سے میرا نام رکھا۔ دُوئی جاتی رہی اور یکتائی ظاہر ہو گئی۔ پھر فرمایا کہ جو تیری رضا ہے وہی میری رضا ہے۔ تیری بات میں کسی قسم کی آلائش نہیں ہونی چاہیئے تاکہ مجھے کوئی مغرور نہ کر سکے۔ اس کے بعد مجھے زخم لگایا اور دوبارہ زندہ کر دیا۔ جب امتحان کی بھٹی سے نکلا تو زیادہ خالص بن کر نکلا۔ فرمایا "**لمن الملك**" یعنی کس کی بادشاہی ہے۔ میں نے عرض کی تیری۔ پھر فرمایا کہ کس کا حکم ہے۔ عرض کیا کہ تیرا۔ پھر پوچھا کہ کس کا اختیار ہے جواب دیا تیرا۔ چونکہ یہ عہد و پیمان کی بات تھی۔ جو اس نے شروع میں سننی چاہی تاکہ مجھ پر یہ حقیقت ظاہر کر دے کہ اگر میری رحمت بروئے کار نہ آئی تو مخلوقات کو بالکل آلام

Marfat.com
Marfat.com

نہ ہوتا۔ اگر محبت نہ ہوتی تو نہ ہی قدرت ہوتی اور نہ ہی میں ہوتا۔ پھر جباری کے باعث قہر کی نگاہ سے میری طرف دیکھا تو میرا نام و نشان بھی نظر نہ آیا۔ پھر جب مستی میں مَیں نے تمام جنگل طے کر لیے اور آتشِ غیرت سے ساری کٹھالیوں میں پگھلا کر رکھ دیا اور میدانِ قضا میں طلب کے گھوڑے کو دوڑایا تو نیاز سے بڑھ کر اور کوئی شکار نظر نہ آیا اور خاموشی سے بہتر اور کوئی چراغ نظر نہ آیا اور کوئی بات سوائے اُس کے اچھی نظر نہ آئی اس لیے سرائے ملکوت میں قیام کر لیا۔ صبر کا پیراہن پہن لیا۔ پھر مطلب اس حد تک پہنچ گیا کہ بشریت کا ظاہر و باطن خالی دیکھا۔ اس کے بعد قضا و خدا نے میرے تاریک سینے پر فراخی کر دی۔ توحید اور تجربہ کی زُبان دی۔ اس لیے اَب میری زُبان لطفِ صمدانی سے ہے اور میرا دل نورِ ربانی سے اور آنکھ صفتِ یزدانی سے۔ میں اس مدد سے بولتا ہوں اور قوت حاصل کرتا ہوں۔ چونکہ میں اسی سے زندہ ہوں۔ اس لیے ہرگز نہیں مرتا۔ اور چونکہ میں اس مقام پر پہنچ گیا ہوں اس لیے میری زبان توحید کی زُبان ہے۔ میری زُبان اَبدی ہے اور اشارات ازلی۔ میری جان تجرید کی جان ہے۔ میں خود بخود نہیں کہتا تا کہ محدث نہ بن جاؤں۔ اور نہ ہی خود کہتا ہوں تا کہ مذکر نہ بن جاؤں۔ جس طرح چاہتا ہے زُبان کو وہی حرکت دیتا ہے۔ میں تو درمیان میں صرف ترجمان ہوں۔ حقیقت میں گفتگو کرنے والا وہی ہے۔ مَیں نہیں ہوں۔ چونکہ اس نے مجھے بزدلی دی ہے اس لیے فرمایا کہ خلقت تجھے دیکھنا چاہتی ہے۔ لیکن میں نے عرض کیا کہ میں مخلوق سے وابستہ نہیں چاہتا۔ اگر تو مخلوق پر میرا ظہور چاہتا ہے تو میں تیرے احکام کی خلاف ورزی نہیں کر سکتا۔ مجھے اپنی وحدانیت سے آراستہ کر تا کہ مخلوق مجھے دیکھے۔ میرے درمیان کوئی واسطہ نہیں رہے۔

میری یہ مراد پوری کر دی گئی اور کرامت کا تاج میرے سر پر رکھا گیا اور حدودِ بشریت سے مجھے پار کر دیا اس کے بعد حکم کیا کہ میری مخلوق کے پاس جاؤ۔ میں نے ابھی ایک ہی قدم بارگاہ سے باہر رکھا تھا کہ دوسرے قدم پر گر پڑا۔ اسی وقت ہاتفِ غیب سے آواز

Marfat.com
Marfat.com

سنائی دی کہ میرے دوست کو واپس لے آؤ کیونکہ وہ میری بے اَدبی نہیں کر سکتا اور میرے سوا کسی اور کی راہ پر نہیں چلتا۔ جب میں وحدیت کو پہنچا تو وہ پہلا ہی لمحہ تھا جب میں نے توحید کو دیکھا کئی سال تک فہم کے قدموں سے اس وادی میں چلتا رہا۔ پھر ایک پرندہ بن گیا جس کی آنکھ یگانگی کی کتھی۔ جب میں مخلوق سے غائب ہُوا تو میں نے کہا کہ میں خالق تک پہنچ گیا ہوں۔ اس کے بعد میں نے وادیٔ ربوبیت سے سر نکالا اور ایک پیالہ پیا جس سے اَبد تک ذکر کی پیاس نہ بجھی۔ اس کے بعد وحدانیت کے میدان میں اُترا۔ تیس ہزار سال تک وہاں اُڑتا رہا اور پھر تیس ہزار سال تک اُلوہیّت کے میدان میں اُڑتا رہا۔ اور تیس ہزار سال تک فردانیت کے میدان میں۔ نوّے ہزار سال گزر جانے کے بعد میں نے بایزید کو دیکھا۔ جو کچھ دیکھا وہ میں ہی تھا۔ اس کے بعد چار ہزار وادیاں طے کیں اور ولایت کے آخری دَرجے کو پہنچا۔ غور کرنے پر معلوم ہُوا کہ میں انبیاء کے ابتدائی درجے پر ہوں۔ انبیاء کے اُنتہائی درجے کی کوئی حد نہیں۔ میری رُوح ملکوت کے تمام ملک پر پھری۔ اُسے بہشت و دوزخ دکھایا گیا لیکن اُس نے کسی طرف بھی کوئی توجہ نہ کی جو اُس کے سامنے آیا کسی میں بھی اس کی طاقت تھی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جان تک پہنچ سکے۔ مگر سلام کیا۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی جان تک میری رُوح پہنچی تو اُسے لاکھوں آتشی دریاؤں کی طرح دیکھا جس میں ہزاروں نور کے حجاب تھے۔ اگر میں پہلے ہی دریا میں قدم رکھتا تو جل جاتا اور تباہ و برباد ہو جاتا۔ چنانچہ اس خوف و دہشت سے میں اس قدر مدہوش ہو گیا کہ میں کچھ بھی نہ رہا۔ اگرچہ میں نے بہت چاہا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے خیمے کی رسّی ہی کو دیکھ سکوں لیکن میری جرأت نہ ہو سکتی تھی حالانکہ میں اللہ تعالیٰ تک پہنچ گیا تھا۔ جب تک کوئی شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی وادی کو طے نہ کر لے گا تو مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ تک نہیں پہنچ سکے گا۔ اگرچہ یہ دونوں وادیاں ایک ہی ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com

ازاں بعد حضرت بایزید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کی اے الٰہ العالمین میں نے جو کچھ دیکھا وہ میں ہی تھا اب میں اپنا آپ لے کر تیری راہ تک پہنچ نہیں سکتا اور خودی کے باعث نہیں گزر سکتا۔ اب مجھے کیا کرنا چاہیئے۔ ارشادِ خداوندی ہوا کہ اے بایزید تو ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت کے سوا اپنی خودی سے نجات نہیں پا سکتا اس لیے اپنی آنکھوں میں اس کی خاک قدم کو سرمہ بنا کر ڈال اور اسی کی فرماں برداری پر قائم رہو۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

دو ہزار یہودیوں کا قبولِ اسلام

جب حضرت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا وصال ہوا اور جنازہ اٹھایا گیا تو پرندے آپ کے جنازے پر پٹختے تھے۔ اس دن دو ہزار یہودی اور آتش پرست مشرف بہ اسلام ہوئے۔ کسی نے ایک بزرگ سے پوچھا کہ یہ کیا وجہ ہے۔ فرمایا آپ کی دعائیں مقبول ہوئیں جو آپ نے بوقت وصال کی تھیں، اوّل یہ کہ الٰہی! جسے تو نے ایمان سے سرفراز فرمایا ہے اسے حالتِ ایمان میں ہی موت دے اور شیطان کی شیطنت سے محفوظ فرما۔ اور جسے ایمان نہیں دیا اُسے ایمان سے سرفراز فرما۔

Marfat.com
Marfat.com

ظاہر میں زندہ حقیقت میں مُردہ بن

ایک کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم محبوب سبحانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے قوم! اس خالق کو پہچانو اور اس کے سامنے اَدب سے رہو جب تک تمہارے دل اس سے دور ہیں تم بے اَدب بنے رہو گے۔ پس جب تمہارے قلوب اس سے نزدیک ہو جائیں گے قلب اچھا ادب کرنے لگیں گے۔ غلاموں کی دروازہ پر بیہودہ بکواس بادشاہ کے سوار ہونے سے پہلے تک رہتی ہے پس جب بادشاہ سوار ہو جاتا ہے تو غلاموں کو گونگا پن آجاتا ہے اور با اَدب ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ وہ بادشاہ سے نزدیک ہونے والے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک ایک گوشے کی طرف بھاگنے لگتا ہے خلق کی طرف توجہ بھی بعینہٖ اللہ تعالیٰ سے اعراض ہے۔ تجھے فلاح و نجات جب تک حاصل نہیں ہو سکتی کہ جب تک تو دوستوں سے علیٰحدہ نہ ہو اور اسباب سے قطع تعلق نہ کرے اور نفع و نقصان میں مخلوق کی طرف توجہ کو نہ چھوڑ دے۔ تم بظاہر تندرست ہو لیکن باطن میں بیمار۔ تم بظاہر غنی ہو حقیقۃً فقیر، بظاہر زندہ ہو حقیقۃً مردہ، بظاہر موجود ہو حقیقۃً معدوم۔ یہ اللہ تعالیٰ سے بھاگنا، اس سے روگردانی کرنا کب تک رہے گی۔ دنیا کی تعمیر و آبادی آخرت کی بربادی و خرابی کب تک کرو گے۔ تم میں سے ہر ایک کے ایک ہی قلب تو ہے پس اس سے دنیا و آخرت دونوں کی کیسے محبت کرو گے اس میں خلق و خالق دونوں کیسے سما جائیں گے۔ یہ بات ایک حالت میں کیونکر حاصل ہو سکتی ہے۔ یہ دعویٰ جھوٹا ہے اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ

Marfat.com
Marfat.com

والتسلیم نے فرمایا کہ جھوٹ ایمان سے دوری رکھنے والا ہے۔ ہر ہر برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں موجود ہو۔ تیرے عمل تیرے اعتقاد پر دلیل ہیں۔ تیرا ظاہر تیرے باطن پر دلیل ہے اور اسی واسطے بعض اہل اللہ نے فرمایا کہ ظاہر باطن کا عنوان ہے۔ تیرا باطن اللہ تعالیٰ اور اُس کے خاص بندوں کے نزدیک ظاہر ہے۔ ان خاص بندگانِ خدا سے اگر کوئی تیرے ہاتھ لگ جائے تو اُس کے روبرو ادب کے ساتھ رہ اور توبہ کر اور اس کی ملاقات سے پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کر، اس کے روبرو ذلیل ہو کر رہ اور اس کے لیے تواضع کر۔ جب تو صالحین کے لیے تواضع کرے گا پس تو نے اللہ تعالیٰ کی تواضع کی۔ تواضع اختیار کر بہ تحقیق جو تواضع اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے بلند کر دیتا ہے۔ جو تجھ سے بڑا ہو اس کے روبرو نہایت ادب سے پیش آ۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ہے کہ برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے۔ پھر جناب غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے شرح حدیث میں فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اس حدیث میں محض عمر کی بڑائی مراد نہیں لی بلکہ کبر سنی کے ساتھ اوامر میں بجا آوری احکام الٰہی اور منہیات میں امور منہیہ سے باز رہنا، اور کتاب وسنت کا لازم پکڑنا جو تقویٰ کے ساتھ ہو ان کا بھی اضافہ فرمایا ہے۔ حقیقتاً فرمانبرداری ہی بڑا ہے ورنہ کتنے باعتبار عمر کے بوڑھے ہیں جن کی تعظیم اور ان پر سلام کرنا بھی جائز نہیں اور ان کے دیکھنے میں برکت بھی نہیں۔ اکابر وہ ہیں جو متقی، صالح، پرہیزگار، علم پر عمل کرنے والے عمل میں اخلاص کرنے والے ہیں۔ اکابر وہی ہیں جن کے قلوب صاف اور ماسوی اللہ سے اعراض کرنے والے ہیں۔ اکابر وہی

Marfat.com
Marfat.com

اہلِ قلوب ہیں جو عارف باللہ ہیں اور خدا کے لیے عمل کرنے والے اور اس سے قریب۔ قلوب کا علم جب بڑا ہو جاتا ہے وہ اپنے اللہ تعالیٰ سے قریب ہو جاتا ہے۔ ہر وہ دل جس میں دنیا کی محبت ہے وہ اللہ تعالیٰ سے محجوب ہے اور ہر قلب جس میں آخرت کی محبت ہے پس وہ اللہ کے قریب ہے محجوب ہے۔ جس قدر تجھے دنیا میں رغبت ہوگی اُسی قدر تیری آخرت میں رغبت کم ہو جائے گی اور جس قدر تیری رغبت آخرت میں ہوگی اُسی اندازہ سے تیری محبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ کم ہو جائے گی۔ تم اپنی حیثیت و مراتب کو پہچانو اور اپنے نفوس کو ایسی منزل پہ نہ چھوڑو جس میں اللہ تعالیٰ نے انھیں جگہ نہیں دی ہے اور اسی وجہ سے بعض اہل اللہ نے فرمایا کہ جس نے اپنا مرتبہ نہ پہچانا اس کو تقدیر الٰہی اس کے مرتبہ کی پہچان کرا دے گی۔ تو ایسی جگہ میں نہ بیٹھ جہاں سے اُٹھا دیا جائے۔ جب تو کسی گھر میں داخل ہو تو ایسی جگہ پر نہ بیٹھ جہاں تجھ کو مالک مکان نے نہ بٹھایا ہو کیونکہ تو وہاں سے ہٹا دیا جائے گا اور تجھ سے اجازت بھی نہ لی جائے گی اور اگر تو منع کرے گا تو ذلت کے ساتھ کھڑا کر کے تجھے نکال دیا جائے گا۔"

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

دُنیا کو بیتُ الخلا تصوّر کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور داتا غریب نواز علی ہجویری ثم لاہوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے میرے طالب! تو میرا لختِ جگر ہے۔ میری ان باتوں پر عمل کر۔ اے علی! تو کیوں باتیں بناتا ہے اپنا کام کر۔ کیا تو نے تجربہ کاروں کا یہ قول نہیں سُنا کہ تعلقات کو قطع کر دو اور حق کے واصل بنو اور اللہ کے سوا کسی کے متلاشی نہ ہو۔ میرے پاس بہت عجیب باتیں ہیں۔ میں ہر وقت اپنے محبوب کے سوا کسی اور سے پیار نہیں کرتا صرف اُسی کا دیدار منتہائے مقصود ہے۔ اس کے ذکر کے علاوہ مجھے کوئی اور کام نہیں۔ کبھی میں اس کے چاند سے دیوانہ کر دینے والے رخسار کو دیکھتا ہوں اور کبھی اس کے دونوں رخساروں پر نظر کرتا ہوں اور کبھی اس کے نقشِ پا کو چودھویں کا چاند خیال کرتا ہوں کبھی اس کے دمکتے دانتوں کی لڑی پر جان جاتی ہے۔ رات بھر اس کے عشق سے خوار ہوتا ہوں اور سارا دن اس کی منت وزاری میں گزار دیتا ہوں۔ میرا دل اس کا اس قدر دیوانہ ہے کہ میں نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے یہاں تک کہ ننگا ہو گیا۔ میں خطا کار ہوں اور روتا ہوں۔ فقیر ہوں میرا دل اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کے حبیب صلی

Marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عشق میں اس قدر پاگل ہوا ہے کہ میں اس کے سوا اور کچھ نہیں کرتا کہ ہر دم عشق میں ڈوبا ہُوا ہوں۔ میں دنیا کو بیت الخلا سمجھتا ہوں۔ میں نے کبھی بھی اسے آرام کی جگہ تصوّر نہیں کیا۔ کبھی اپنے عشق کے ہاتھوں آسمان تک جا پہنچتا ہوں تو کبھی زمین پر رہ جاتا ہوں۔ میں نے عشق میں اپنے آپ کو خاک کی مانند بنا لیا ہے۔"

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وُہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی

صُحبتِ طالع ترا طالع کند
اَور بُرے آدمی کی صُحبت تجھے بُرا کر دے گی

دِل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

پانچ اشیاء کا حُصول باقی سب کچھ فضول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ سوائے پانچ اشیاء کے باقی تمام دنیا بالکل فضول ہے:

اول یہ کہ کھانا اس قدر کھایا جائے کہ جس سے آدمی زندہ رہ سکے۔
دوم یہ کہ پانی اس قدر پیا جائے کہ جس سے پیاس بجھ سکے۔
سوم یہ کہ کپڑا اس قدر پہنا جائے کہ جس سے ستر چھپایا جائے۔
چہارم یہ کہ عمل اس قدر حاصل کرے کہ جس پر عمل کر سکے۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

دُعا کا مُستجاب ہونا اور نذرانہ قبول نہ کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ عمرو لیث بیماری میں مبتلا ہو گئے۔ ہر چند علاج معالجہ کیا مگر کچھ بھی فائدہ حاصل نہ ہوا۔ آخر لوگوں نے کہا کہ کسی ایک ایسے شخص سے دُعا کرائیں جس کی دعا مستجاب ہو۔ کسی نے حضرت عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ کا پتہ دیا۔ آپ کو بلایا گیا۔ آپ عمرو لیث کے سامنے آ کر بیٹھ گئے اور فرمایا کہ دُعا اس کے حق میں منظور ہوتی ہے جو تائب ہو کر رجوعِ الٰہی ہو جائے اور قید خانہ میں سے تمام بے گناہ قیدیوں کو رہا کر دے۔ عمرو لیث نے ایسا ہی کیا۔ خدا کی قدرت کہ عمرو لیث کو فوراً صحت و تندرستی مل گئی۔ عمرو لیث نے بہت سا مال نذر کی آپ کی خدمت میں پیش کیا مگر آپ نے لینے سے انکار کر دیا۔ جب آپ باہر نکلے تو ایک مرید نے عرض کیا کہ اگر آپ نذرانہ لے لیتے تو ہمارا قرض ادا ہو جاتا۔ فرمایا کیا تجھے زر کی ضرورت ہے۔ دیکھ جب اس نے اُوپر نظر کی تو ہر چیز سونا نظر آئی۔ پھر فرمایا کہ جس کا واسطہ خدا کے ساتھ ہو وہ کسی سے کیا قبول کر سکتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

مردِ خدا سے ملاقات

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک جنگل میں کہیں جاتے ہوئے راستہ بھول گئے۔ وہاں ایک طرف ایک اعرابی کو بیٹھے ہوئے دیکھا آپ راستہ دریافت کرنے کی غرض سے اُس کی طرف گئے۔ جب جا کر پوچھا تو اس نے رونا شروع کر دیا۔ آپ سمجھے کہ شاید بھوکا ہے۔ ایک ٹکڑا روٹی کا آپ کے پاس تھا وہ اُسے دیا مگر وہ ناراض ہو گیا اور کہنے لگا تُو کون ہے کہ خدا کے گھر کو جاتا ہے مگر اس کے روزی رساں ہونے پر ایمان نہیں رکھتا تب ہی تو راستہ بھول گیا۔ یہ سُن کر آپ آتشِ حسرت سے جَل گئے اور بارگاہِ خداوندی میں عرض کی الٰہی! تیرے ایسے ایسے باکمال بندے گوشوں میں چھپے بیٹھے ہیں۔ اُس نے کہا کہ تم نے کیا کہا کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے ایسے بندے موجود ہیں کہ جس بات کی وہ اللہ تعالیٰ کو قسم دیں کہ ایسا ہی کر تو اللہ تعالیٰ ایسا ہی کر دے۔ اس وقت ہاتفِ غیبی سے آواز آئی کہ احمد دل کو نگاہ میں کیوں نہیں رکھتے ابھی تو ہم نے تمھیں صرف ایک ہی بندہ دکھایا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دِل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

حضرت عبداللہ بن مبارک کا تائب ہونا

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک عورت پر اس قدر فریفتہ تھے کہ کسی پہلو چین نہ آتا تھا۔ جاڑے کے موسم میں ایک رات معشوقہ کی دیوار کے ساتھ صبح تک لگے کھڑے رہے۔ جب صبح کی اذان ہوئی تو آپ نے سمجھا کہ عشاء کی نماز کا وقت ہے لیکن فوراً ہی لوگوں کی آمد و رفت اور روشنی نمودار ہونے پر معلوم ہوا کہ میں تمام رات معشوقہ کی دیوار سے لگا کھڑا رہا ہوں اور مفت میں ایک مخلوق کا اس قدر منتظر رہا اپنے آپ سے کہنے لگا کہ مبارک کے بیٹے شرم کر۔ ہوائے نفسانی کی خاطر تو نے ساری رات گزار دی اگر نماز میں ساری رات کھڑا رہتا تو کیا نہ ہوتا فوراً توبہ کی اور عبادتِ الٰہی میں مشغول ہو گئے اور یہاں تک درجہ حاصل کیا کہ ایک روز آپ کی والدہ نے دیکھا کہ آپ ایک درخت کے نیچے سوئے ہوئے ہیں اور ایک سانپ نرگس کی شاخ منہ میں لیے آپ کی مگس رانی کر رہا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

اُنگلیوں کے سہارے عبادت کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک رات حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ عشاء کی نماز کے بعد صبح تک پاؤں کی اُنگلیوں کے سہارے کھڑے رہے اور آنکھوں سے خون ٹپک رہا تھا۔ خادم یہ حالت دیکھ رہا تھا۔ بڑا حیران و پریشان ہوا۔ صبح کو آپ سے دریافت کیا کہ یہ کیا حال تھا اس میں سے کچھ خاکسار کو بھی حصّہ عطا فرمائیں۔ فرمایا کہ پہلا قدم جو میں نے اُٹھایا تو عرش پر پہنچا لیکن اس کو بھوکے بھیڑیئے کی طرح خالی پیٹ پایا۔ میں نے کہا اے عرش تیرا پتہ تو الرحمٰن علی العرش استویٰ ملتا ہے۔ دکھا تو کیا رکھتا ہے۔ عرش نے کہا کہ ہم بھی تمہارے دل کا نشان دیتے ہیں انا عند المنکسرۃ قلوبھم میں متواضع منکسر القلب شخصوں کے پاس ہوں۔ آسمان والے زمین والوں سے طلب کرتے ہیں۔ زاہد خراباتی سے اور خراباتی زاہد سے۔ بوڑھے جوانوں سے اور جوان بوڑھوں سے دریافت کرتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ مقام قرب پر پہنچا تو حکم ہوا کہ مانگ کیا مانگتا ہے؟ میں نے کہا میری کوئی خواہش نہیں۔ بجز اس کے کہ تجھ کو حاصل کروں

Marfat.com
Marfat.com

جواب ملا کہ جب تک بایزید کا وجود ذرّہ بھر بھی درمیان ہے یہ خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ اپنے نفس کو چھوڑ دو اور آؤ۔ میں نے کہا کہ بغیر کوئی کلمہ کہے نہ جاؤں گا۔ فرمایا کہو کیا چاہتے ہو؟ عرض کیا کہ تمام مخلوق پر رحم کر۔ حکم ہوا غور سے دیکھو۔ جب میں نے غور سے دیکھا تو کسی مخلوق کو بغیر شفیع کے نہ پایا اور ذات باری تعالیٰ کو اپنے آپ سے اِن پر زیادہ مہربان پایا۔ چنانچہ خاموش ہو گیا۔ اس کے بعد میں نے کہا کہ ابلیس پر بھی رحم کر۔ فرمایا تو گستاخی کرتا ہے خاموش ہو جا وہ آگ سے ہے۔ آگ کیلئے آگ درکار ہے تو اس بات کی کوشش کر کہ اپنے آپ کو آگ کے قابل بنانے کی طرف توجہ نہ کرے کہ تو اس آگ کی طاقت نہیں رکھتا۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

سچّا عابد کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ سچّا عابد اور سچّا عامل وہ شخص ہے جو کوشش کی تلوار سے اپنی تمام مرادوں کو قتل کر دے اور تمام خواہشات کو محبتِ خداوندی میں تباہ و برباد کر دے۔ اور مولیٰ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہے اور ہر اُس بات کی تمنا کرے جس کا حق تعالیٰ شاہد ہو۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

حضرت شفیق بلخی اور ایک بُت پرست کا مکالمہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت شفیق بلخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دوران تجارت ترکستان کے ایک بُت خانہ کو دیکھنے کے لیے تشریف لے گئے۔ وہاں ایک بُت پرست کو بتوں کی عبادت میں نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ مصروف دیکھا۔ آپ نے اس سے مخاطب ہو کر کہا کہ تیرا خالق زندہ اور قادر ہے۔ اس کی عبادت کر اور بتوں کو چھوڑ کیونکہ یہ تیرے کسی کام بھی نہ آئیں گے۔ یہ کلمات سُن کر بُت پرست نے کہا کہ اگر تیرا خدا ایسا ہی ہے تو کیا تجھے تمہارے اپنے شہر میں روزی نہیں دے سکتا۔ یہ سن کر آپ کے دل پر سخت چوٹ لگی۔ آپ نے اُسی وقت بلخ کا رُخ کیا۔ واپسی پر ایک آتش پرست آپ کے ساتھ تھا اس نے پوچھا کہ کیا کام کرتے ہو۔ آپ نے کہا سوداگری کا کام کرتا ہوں۔ آتش پرست نے کہا ایسی روزی کی خاطر کوشش کرنا جو تمہاری قسمت میں نہ ہو عمر ضائع کرنا ہے۔ اگر ایسی روزی کے لیے جدوجہد کرتے ہو جو تمہاری قسمت میں لکھی ہے تو یہ اور فضول بات ہے۔ ایسی روزی ہر حال میں تمھیں مل کر رہے گی۔ یہ کلام سُن کر آپ کے دل پر اور سخت چوٹ لگی اور

Marfat.com
Marfat.com

دنیا کی محبّت آپ کے دل سے نکل گئی۔

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بَن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نُورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

قرآن خالق ہے یا مخلوق

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ بغداد شریف میں فرقہ معتزلہ کا غلبہ ہُوا۔ لوگوں نے حضرت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو تکلیف دینی چاہی تاکہ آپ بھی قرآن مجید کو مخلوق کہیں آپ کو خلیفہ کے دربار میں لے گئے۔ وہاں دروازے پر ایک دربان کو دیکھا۔ اُس نے کہا امام المسلمین خبردار رہنا اور بہادروں کی طرح مقابلہ کرنا۔ میں نے ایک دفعہ چوری کی تھی مجھے ہزارہا تکالیف دی گئیں لیکن میں نے اقبال نہیں کیا آخر بری کر دیا گیا۔ یاد رکھو میں نے باطل پر صبر کیا اور تم حق پر ہو اس لیے تمہیں مجھ سے زیادہ صبر کرنا چاہیئے امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ دربان کی یہ بات میرے دل میں بہت اثر کر گئی۔ اگرچہ آپ ضعیف تھے اور آپ کو ہر طرح سے تکلیف دی گئی مگر آپ نے قرآن کو مخلوق نہ کہا۔ اسی اثناء میں جبکہ ظالم آپ کو مار پیٹ رہے تھے اور آپ کے دونوں ہاتھ بندھے ہوئے تھے کہ آپ کا کمر بند کھل گیا اور ابھی برہنہ نہ ہونے پائے تھے کہ قدرتِ الٰہی

Marfat.com
Marfat.com

سے دو ہاتھ غیب سے نمودار ہوئے جنہوں نے آپ کے کمربند کو باندھ دیا۔ یہ حال دیکھ کر آپ کو رہا کر دیا گیا۔ اسی تکلیف دہی کے دوران آپ کا وصال ہو گیا اور وصال کی وجہ بھی یہی تکالیف بنیں، وصال کے وقت لوگوں نے آپ سے پوچھا کہ جن لوگوں نے آپ کو تکالیف دی ہیں اُن کے حق میں آپ کا کیا خیال ہے۔ فرمایا کہ اُنہوں نے مجھے خدا کے لیے مارا ہے کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ ہم حق پر ہیں۔ بروز محشر میں ان سے کوئی بدلہ طلب نہیں کروں گا۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

صابر اور صالح فقراء کی صحبت اختیار کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت حارث محاسبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ جس شخص نے ریاضت کر کے اپنے نفس کو مہذّب بنا لیا اُسے جادۂ سلوک پر گامزن ہونا چاہیئے جو شخص بہشت کی لذّت حاصل کرنا چاہے اُسے لازم ہے کہ وہ صابر اور صالح فقراء کی صحبت اختیار کرے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

ایک کو دوسرے پر بہتر سمجھنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت حارث محاسبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا کہ؛

اوّل یہ کہ قسم ہرگز نہ کھاؤ خواہ سچی ہو یا جھوٹی۔
دوم یہ کہ جھوٹ سے قطعی پرہیز کرو۔
سوم یہ کہ اگر وعدہ وفا کر سکتے ہو تو وعدے کی خلاف ورزی نہ کرو۔
چہارم یہ کہ جہاں تک ہو سکے کوئی وعدہ ہی نہ کرو۔
پنجم یہ کہ کسی پر لعنت نہ بھیجو خواہ وہ ظالم ہی کیوں نہ ہو۔
ششم یہ کہ کسی کے لیے بُری دُعا نہ مانگو بلکہ ہر تکلیف کو خدا کے لیے برداشت کرو۔
ہفتم یہ کہ کسی قسم کی شہادت نہ دو چاہے سچی ہو یا جھوٹی۔
ہشتم یہ کہ ظاہر و باطن میں کسی قسم کے گناہ کا ارادہ نہ کرو۔ اپنے اعضاء کو گناہوں سے دور رکھو۔ کسی کو تکلیف نہ دو۔ اپنا بوجھ خود اٹھاؤ۔ مخلوق سے کسی قسم کا طمع نہ رکھو اور سب سے نا اُمید ہو جاؤ۔ عزت و بلندی کی تلاش کرو۔ مخلوق میں ہر شے کو اپنے سے بہتر سمجھو۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

گاڑی جوتنا اور خواہش نفس پورا کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میں ریاضت و مجاہدہ کے لیے جگہ جگہ پھرا اور کمال حاصل کیا اور تمام مال و زر خدا کی راہ میں لٹا کر نفس سے کہا کہ اب میں مفلس ہوں کسی چیز کی بھی مجھ سے خواہش نہ کرنا۔ اس کے بعد آپ حج کے لیے مکہ معظمہ کی طرف روانہ ہوئے۔ جب کوفہ پہنچے تو نفس نے کہا کہ اب مجھے ایک ٹکڑا روٹی اور مچھلی کھلا دو۔ پھر میں مکہ معظمہ تک آپ سے کوئی چیز طلب نہ کروں گا آپ نے ایک گاڑی میں ایک اونٹ جتا دیکھ کر گاڑی والے سے پوچھا کہ ایک دن کے لیے اسے کتنے درہم دو گے۔ اُس نے کہا دو درم۔ آپ نے فرمایا اونٹ کھول دو اور شام تک مجھے گاڑی میں جوت دو۔ آپ صبح سے شام تک گاڑی میں جتے رہے۔ شام کو ایک درم حاصل ہوا جس نے آپ نے روٹی اور مچھلی خرید کر اپنے نفس کے سامنے رکھی اور کہا کہ یاد رکھ اگر تو پھر ایسی آرزو کرے گا تو سارا سارا دن بیلوں کا کام کرنا پڑے گا۔ پھر آپ مکہ معظمہ پہنچے۔ مشائخ سے ملاقات کر کے فیض حاصل کیا اور کبھی دیوار سے پشت نہیں لگائی کبھی پاؤں نہ پھیلائے۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

ایسا کمال کر کہ مطلوب بن جائے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت غوث اعظم محبوب سبحانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے غلام! چاہیئے کہ گونگا پن تیری عادت ہو اور گمنامی تیرا لباس ہو اور مخلوق سے بھاگنا تیرا مقصود ہے۔ اور اگر تو اس بات پر قدرت رکھتا ہے کہ زمین میں سرنگ لگا کر اس میں چھپ جائے پس کر گزر۔ یہ طریقہ تیرا اُس وقت تک رہے کہ تیرا ایمان بڑھ جائے اور تیرے ایقان کا قدم مضبوط ہو جائے اور تیری سچائی کے بازوؤں پر پَر نکل آئیں اور تیرے قلب کی دونوں آنکھیں کھُل جائیں۔ اس حالت پر پہنچ کر تُو اپنے گھر کی زمین سے بلند ہو جائے گا اور علم الٰہی کے میدان میں اُڑنے لگے گا۔ خشک و تر، شرق و غرب، زمِ زمین اور پہاڑ، اور آسمان و زمین کا طواف کرے گا اور تیرے ساتھ راہبر امان دینے والا اس سفر و حضر کا رفیق ہو گا۔ پس اس حالت

Marfat.com
Marfat.com

میں تو اپنی زبان کو گفتگو میں گویا کر دینا اور گمنامی لباس اُتار دینا اور مخلوق کی طرف سے بھاگنے کو چھوڑ دینا اور اپنی سرنگ خلوت خانہ سے نکل کر اُن کی طرف آجانا۔ پس بہ تحقیق تو اُن کی دَوا ہے اور اپنے نفس کے لیے کسی سے طالبِ مدد نہیں تو اُن کی کمی اور زیادتی اور توجہ اور بے توجہی اور ان کی تعریف و بُرائی کی پرواہ نہ کر تو کسی قسم کی پرواہ نہ کر جہاں بھی گرے گا اُٹھا لیا جائے گا اور تو اپنے ربّ تعالیٰ جل جلالہٗ کے ساتھ ہو گا۔"

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی

صُحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دِل بدست آور کہ حجِ اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حجِ اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیرِ خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

نجات کا حُصول کیسے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:
"جو گناہ شہوت کی وجہ سے ہو گا اُس کی بخشش کی اُمید رکھنی چاہیئے اور جو گناہ غرور و تکبّر کے باعث ہو گا اُس کی کوئی اُمید نہیں کہ بخشا جائے یا نہ بخشا جائے۔"

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

مخلوق کی اقسام

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث الثقلین نے فرمایا کہ مخلوق کی تین قسمیں ہیں:
پہلی قسم عامی۔
دوسری قسم خاص۔
تیسری قسم خاص الخاص۔

عامی وہ مسلمان ہے جو متقی پرہیزگار ہو۔ شریعت کو اپنے ہاتھ میں لے کر اس پر عمل پیرا رہے۔ اسی کو لازم پکڑے اور اس سے دور نہ ہو۔ پس جب یہ اس کے حق میں تمام ہو جاتا ہے اور وہ اس پر ظاہراً باطناً عمل کرنے لگتا ہے تو اس کا قلب ایسا منور ہو جاتا ہے کہ وہ اس سے ہر شے کو دیکھنے لگتا ہے۔ پس جب وہ کوئی شے شریعت کے ہاتھ سے لیتا ہے تو اپنے قلب سے فتویٰ چاہتا ہے اور الہامِ الٰہی طلب کرتا ہے اس واسطے کہ الہام الٰہی ہر شے میں عام ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے فلھمھا الخ پس اللہ نے نفس کو کر دیا اس کا فجور اور تقویٰ۔ الغرض وہ قلب سے فتویٰ لیتا ہے اور

Marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے الہام کا منتظر رہتا ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ جو کچھ اس معیشت تبار کرنے والی دکان میں ہے دینے والا دے رہا ہے۔ سب اس کی ملکیت اور اس کے قبضے کا سمجھتا ہے۔ اس کے بعد وہ رجوع کرتا ہے اور اپنے نورِ قلبی سے فتویٰ چاہتا ہے اور اس معاملے میں حکم قلب کا منتظر رہتا ہے اور اس مرتبہ کا حصول جب ہوتا ہے جب کہ وہ عمل بالشرع سے فارغ ہونے والے اور اس کی قوتِ ایمانی اور قوتِ توحیدی قوی ہو جائے اور اس کا قلب دنیا اور مخلوق سے علیٰحدہ ہو جائے ان کے جنگلوں اور دیہاؤں کو عبور کرے پھر اس حصول کے بعد اس کی صبح نمودار ہوتی ہے۔ نورِ ایمان اور نورِ قرب حق تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اور نورِ عمل اور نورِ بصر اور نورِ اطمینان و آہستگی اسے مل جاتا ہے۔ تمام امور حقوق شرع کے ادا کرنے اور اس کی پیروی کی برکت کا نتیجہ ہوتے

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

سب سے زیادہ طاقت ور کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:
"سب سے زیادہ طاقت ور وہ ہے جو اپنے غصّے پر غالب آجائے۔"

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

عاشقِ صادق کی نشانی

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور داتا علی ہجویری ثم لاہوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"میں نے کاملین سے سُنا کہ اُنھوں نے ایک بھنورے کو چنبیلی کے اُگنے کی جگہ پہ لوٹتے دیکھا کہ زمین پر لوٹتا ہے اور غمگین ہے۔ استفسار کیا کہ اے بھنورے تیری چنبیلی کو کیا ہوا۔ اُس نے کہا کہ میں نے سُنا ہے کہ وہ جل چکی ہے۔ اس پر لوگوں نے کہا کہ اے بھنورے تیرا عشق خام ہے اگر تیرا عشق صادق ہوتا تو تُو اس سے پیچھے نہ رہتا۔ اسی کے ساتھ جل مرتا۔ اُس نے کہا دوستو میں پردیس میں تھا یہ سب بھنبھادی میری غیر موجودگی میں ہوئی اَب میں واپس آیا ہوں۔ تو اسے بھی بہت جانتا ہوں کہ اس کے پیدا ہونے کی جگہ ہی نظر پڑے تاکہ اس مٹی کو میں سر کا تاج بناؤں۔ یہی وجہ ہے کہ میں اس مٹی پر لوٹ

Marfat.com
Marfat.com

رہا ہوں اور اسے سر پر ڈالتا ہوں۔ اے دوست اگر تو اپنے شیخ کامل کا سچا عاشق ہے تو تجھ پر لازم ہے کہ اپنے شیخ کے قدموں میں جان دے، تو ہمیشہ مرشد کے نزدیک رہ تاکہ تو اس کے دیدار سے فیضیاب ہوتا رہے اور اس کی صحبت سے تجھ پر حقیقت کے راز ہائے سربستہ آشکار ہوتے رہیں۔"

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

فقر کی غارت گری

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور داتا غریب نواز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"فقیر کے لیے لازم ہے کہ وہ اُمراء اور بادشاہوں کے ساتھ میل ملاپ اور دوستی کو سانپ اور اژدہا کے ساتھ دوستی تصور کرے۔ کیونکہ جب کوئی فقیر بادشاہ سے قریب ہو جائے تو گویا اس کا زادِ راہ اور فقر غارت ہو گیا۔"

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتے با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

ورع کسے کہتے ہیں؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ورع کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"ورع کے معنی ترکِ دنیا کے ہیں اور دنیا نفس ہے جو شخص اپنے نفس کو دوست رکھتا ہے وہ خدا کے دشمن کو دوست رکھتا ہے اور نفس سے خدا کی طرف سفر کرنا کارِ دارد ہے اور نفس ہر حال میں تین حالتوں سے خالی نہیں ہوتا۔ یہ کافر ہے یا منافق ہے یا ریاکار ہے۔ نفس کی شرارتیں بہت سی ہیں۔ ان میں ایک یہ ہے کہ فرعون کو خدائی دعویٰ پر آمادہ کر دیا۔"

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وُہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی
صُحبتِ طالع ترا طالع کند
اَور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دِل بدست آور کہ حجِ اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حجِ اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیرِ خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

وکّل علَی اللہ کیسے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ بلخ میں سخت قحط پڑا اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ لوگ یک دوسرے کو کھانے لگے۔ اس حالت میں حضرت شفیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک غلام وخوش وخرم پھرتے دیکھ کر پوچھا کہ یہ کونسی خوشی کا وقت ہے کیا تو مخلوق کو بھوکوں مرتے ہیں دیکھتا۔ غلام نے کہا مجھے کیا فکر میرا آقا امیر آدمی ہے اور غلّے کے سینکڑوں انبار اس کے پاس موجود ہیں۔ یہ سُن کر آپ کے دل پر اور چوٹ لگ گئی اور کہا الٰہی! ایک غلام ایک محتاج آقا پر اس قدر ناز کرتا ہے تو تیری ذات بابرکات پر جس قدر بھی ناز کیا جائے لم ہے۔ اُسی وقت دنیاوی شغل کو ترک کر دیا اور توبہ کر کے توکل کو مضبوطی سے تھام لیا اور اکثر فرمایا کرتے کہ میں ایک غلام کا شاگرد ہوں۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

حضرت بایزید کا اپنے مرید کو وصیت کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ایک مرید نے سفر کی تیاری کی اور روانگی کے وقت آپ سے وصیت طلب کی۔ آپ نے مرید سے فرمایا کہ دورانِ سفر تین باتوں کی طرف دھیان رکھنا،

اوّل یہ کہ اگر تجھ کو کسی بد اخلاق سے واسطہ پڑے تو اُس کی بد خلقی کو اپنی خوش خلقی سے تبدیل کر دینا۔

دوم یہ کہ اگر کوئی تجھ پر احسان کرے تو اوّل خدا کا شکر ادا کرنا اور پھر محسن کا کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی نے اس کے دل کو تجھ پر مہربان کیا ہے۔

سوم یہ کہ اگر تجھے کوئی مصیبت پیش آجائے تو فوراً اپنی عاجزی کا اقرار کرنا اور فریاد کرنا کہ میں اس مصیبت کو برداشت نہیں کر سکتا۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے
مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت
بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ
چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

مملکت پیش کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے دو ہزار مقام پر مجھے اپنے سامنے حاضر کیا اور ہر مقام پر مجھے ایک مملکت پیش کی. مگر میں نے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ آخر کار پوچھا گیا کہ تمھاری کیا خواہش ہے۔ میں نے کہا میری کوئی خواہش نہیں ۔ لوگ بیان کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر دُعا کا سوال کرتا تو آپ فرماتے کہ اے الٰہ العٰلمین تُو ان کا خالق ہے اور یہ تیری مخلوق ہے مَیں کَون ہوں جو تیرے اور تیری مخلوق کے درمیان واسطہ بنُوں ۔ پھر خود سے فرماتے ہیں کہ وہ ذاتِ الٰہ العٰلمین واقفِ اسرا ہے مجھے ایسی فضول باتوں سے کیا کام؟

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

جلوۂ نور دکھانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ازلی علم کا دعویٰ کرنا اُس شخص کو زیبا ہے جو سب سے پہلے جلوۂ نور اپنے آپ پر دکھا سکے۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے
نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے
یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے
دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

عرش سر پر اُٹھانا

حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایک خاص مرید جس کا نام ابو موسیٰ تھا نے بیان کیا کہ جس رات حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہُوا اس رات میں پاس نہیں تھا۔ میں نے خواب دیکھا کہ عرش کو سر پر اُٹھائے ہوئے لا رہا ہوں۔ میں اس خواب سے بہت یشان ہُوا۔ صبح اس خیال سے کہ خواب کا ذکر اپنے شیخ سے کروں۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہُوا لیکن آپ کا انتقال ہو چکا تھا۔ بہت سے لوگوں نے جب آپ کے جنازے کو اُٹھایا میں نے بھی کوشش کی کہ کسی طرح مجھے ایک کونہ جنازے کا مل جائے مگر موقعہ نہ ملا۔ آخر میں جنازے کے نیچے ہو گیا۔ خواب مجھے بھول چکا تھا۔ اس وقت میں نے دیکھا لہ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ یہ تمہارے رات کے خواب کی تعبیر ہے۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

دُنیا کے مال سے نفرت انگیزی

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ خلیفہ ہارون الرشید نے ابو یوسف سے درخواست کی کہ

Marfat.com
Marfat.com

مجھے حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں لے چلو۔ جب ابو یوسف خلیفہ کو لے کر آپ کے پاس آئے تو آپ نے ملاقات کے لیے اجازت نہ دی۔ پھر آپ کی والدہ محترمہ کی سفارش حاصل کی گئی۔ آپ کی والدہ محترمہ نے فرمایا بیٹا! میرے دودھ کے صدقہ میں تم ابو یوسف اور خلیفہ کی درخواست قبول کرو۔ تب آپ نے فرمایا الٰہی! میں ان ظالم لوگوں سے ملاقات نہیں چاہتا مگر چونکہ تیرا حکم ہے کہ میری رضا والدہ کی رضا میں مضمر ہے اس لیے میں ماں کا حکم مانتا ہوں۔ تب آپ نے ان سے ملاقات کی۔ رخصتی کے وقت خلیفہ ہارون الرشید نے اشرفیوں کی تھیلی نذرانہ کے طور پر پیش کی اور عرض کی حضور یہ مال حلال ہے اسے قبول فرمائیے۔ آپ نے نذرانہ قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کی مجھے ضرورت نہیں میں نے اپنا مکان حلال طور پر فروخت کر دیا ہے وہ میرے لیے کافی ہے اور بارگاہِ الٰہ العلمین میں دُعا ہے کہ جب یہ خرچ ہو جائے تو میری جان قبض کرلے تاکہ دنیا میں کسی کا محتاج نہ ہونا پڑے۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود	ایں سخن حق است باللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے	خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے
صُحبتِ صالح ترا صالح کند	صُحبتِ طالع ترا طالع کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی	اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی
ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت یعقوب علیہ السّلام کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ حضرت آپ نے پورے جہان میں کیا شور مچا رکھا ہے کہ اگر آپ کو ذاتِ باری تعالیٰ سے کامل محبت ہے تو یوسف علیہ السّلام کا ذکر چھوڑ دیں۔ اُسی وقت ہاتف غیبی سے ندا آئی کہ سری ذرا دل کو قابو میں رکھو۔ اس کے ساتھ جلوۂ یوسفی دکھایا گیا۔ اور آپ نعرہ مار کر بیہوش ہو گئے اور تیرہ دن تک بیہوش رہے۔ ہوش آنے پر ہاتف غیبی سے ندا آئی کہ ایسے شخص کی یہی سزا ہے جو ہماری بارگاہ کے متوالوں پر گستاخی کرتا ہے۔

اَولیا را ہست قدرت از اِلٰہ — تیر جستہ باز گردانند ز راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشتِ گلے — بوسہ زن بر آستانِ کاملے
ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیاء کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیا — چُوں محمد درمیانِ انبیا
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے — جیسا کہ نبی پاک کا انبیاء کے درمیان

دروازہ الٰہی پر کھڑا ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:
"تجھ پر افسوس! تو میرے ساتھ استہزاء کرتا ہے حالانکہ میں اللہ تعالیٰ

Marfat.com
Marfat.com

کے دروازہ پر کھڑا ہُوا مخلوق کو اس کی طرف بلا رہا ہوں۔ عنقریب تو اپنا جواب ملاحظہ کرلے گا۔ بہ تحقیق میں اُوپر کی طرف ایک ہاتھ ہوں اور نیچے ہزاروں ہاتھ۔"

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی

صُحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دِل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

سات سال کی عمر میں حافظِ قرآن اور بارہ سال کی عمر میں عالمِ دین

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ جب میں مکتب جانے کے قابل ہوا تو مجھے مکتب میں بھیج دیا گیا۔ اور میں نے اُستاد سے یہ بات طے کرلی کہ سبق پڑھنے کے بعد میں مکتب سے فوراً واپس چلا آیا کروں گا۔ میں نے سات سال کی عمر میں قرآن حفظ کر لیا اور بارہ سال کی عمر میں ایک ایسا مسئلہ مجھے درپیش آیا جسے کوئی حل نہ کر سکتا تھا میری مرضی کے مطابق مجھے بصرہ بھیج دیا گیا۔ میں نے وہاں کے علماء کرام سے مسئلہ دریافت کیا مگر کسی سے تسلی بخش جواب نہ مل سکا۔ آخر آبادان میں حبیب حمزہ نے میرے مسئلہ کو حل کیا اور میں انہی کے ہاں ٹھہر گیا اور بہت سے فوائد کا حصول ہُوا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

حضرت معروف کرخی کا قبولِ اسلام

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے والدین نصرانی تھے۔ جب والدین نے آپ کو مکتب بھیجا تو اُستاد نے آپ سے کہا کہ خدا تین میں ایک ہے۔ فرمایا نہیں خدا ایک ہے۔ اُستاد نے بہت زور لگایا کہ آپ خدا کو تین میں سے ایک کہیں۔ لیکن آپ نے نہ کہا۔ آخر بہت سی مار کھا کر بھاگ نکلے۔ ہر چند آپ کو تلاش کیا مگر آپ نہ مل سکے۔ مکتب سے بھاگ کر آپ حضرت امام علی بن موسیٰ رضا کے دستِ حق پرست پر مسلمان ہوئے۔ اور کچھ عرصہ بعد گھر واپس آئے۔ دروازے پر آکر دستک دی تو اندر سے آواز آئی۔ کون ہے؟ آپ نے کہا معروف کرخی ہوں۔ پوچھا کس دین پر ہو؟ فرمایا دینِ محمدی پر ہوں۔ یہ سن کر والدین جوشِ اشتیاق سے باہر نکلے اور خود بھی مشرف بہ اسلام ہو کر۔ اس کے بعد آپ حضرت داؤد طائی کی خدمت میں پہنچے اور طاعت و ریاضت میں مشغول ہو گئے۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

حضرت معروف کرخی کا ایک کتے کی خدمت کرنا

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایک ماموں جو شہر کا حاکم اعلیٰ تھا۔ ایک دن وہ کسی بُری جگہ جا رہا تھا کہ راستہ میں حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا جو ایک جگہ بیٹھے ہوئے روٹی کھا رہے تھے۔ ایک لقمہ اپنے منہ میں ڈالتے اور دوسرا لقمہ ایک کتے کے منہ میں ڈالتے جو پاس بیٹھا ہوا تھا۔ ماموں نے کہا معروف شرم کرو کتے کے ساتھ روٹی کھا رہے ہو۔ فرمایا کہ میں شرم ہی کی وجہ سے کتے کے ساتھ کھا رہا ہوں۔ پھر سر اُٹھایا اور ایک پرندے کی طرف اشارہ کیا جو ہوا سے اُتر کر آپ کے ہاتھ پر آ کر بیٹھ گیا۔ فرمایا۔ ماموں جان! جو شخص اللہ تعالیٰ سے شرم رکھتا ہے اس سے تمام چیزیں شرم رکھتی ہیں۔ یہ بات سُن کر آپ کا ماموں شرمسار ہو گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے
مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت
بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ
چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

تصرفاتِ الٰہی کے کرشمے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے منافقو! تم اللہ تعالیٰ کے عذاب اور اُس کے دنیا و آخرت کے عقاب کو عنقریب دیکھ لوگے۔ زمانہ حاملہ ہے جو کچھ اس سے پیدا ہونے والا ہے تم عنقریب دیکھ لوگے میں تو تصرفاتِ الٰہی کے قبضہ میں ہوں۔ کبھی وہ مجھے پہاڑ بنا دیتا ہے اور کبھی وہ مجھے ذرّہ بنا دیتا ہے اور کبھی دریا کرتا ہے، اور کبھی وہ مجھے قطرہ بنا دیتا ہے اور کبھی آفتاب اور کبھی چمک اور روشنی۔ وہ مجھے ویسا ہی پلٹا دیتا رہتا ہے۔ جیسے رات اور دن کو اس کی شان ہر دن بلکہ ہر لحظہ جُدا جُدا ہے، سارا دن تمہارے لیے ہے اور ایک لحظہ میں تمہارے غیر کے لیے۔"

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

عارف کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:
"عارف وہ ہے جس کا کھانا بیماروں کی طرح اور سونا مار گزیدہ کی طرح اور عیش غرق شدہ کی طرح ہو۔"
اور ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:
"اے میرے بندے جب میرا ذکر تجھ پر غالب ہوتا ہے تو میں تیرا عاشق بن جاتا ہوں۔"
پھر فرمایا کہ:
"عارف آفتاب کی مانند ہے کہ سب پر روشنی ڈالتا ہے اور زمین کی مانند ہے کہ تمام موجودات کا بوجھ اٹھاتا ہے۔ پانی کی طرح ہے کہ اس سے دلوں کو زندگی ملتی ہے۔"

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

خصوصیاتِ عشقِ الٰہی

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ عشقِ الٰہی نے ماسوا کو دور کر دیا اور اس کا نشان تک باقی نہ رہنے دیا جب تک ذاتِ باری تعالیٰ کی طرح یگانہ نہ ہو گیا۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مردہ ایں عالم و زندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مردہ ہے

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا
اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

ایک ولی اللہ کا استقبال

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک مسجد میں تشریف فرما تھے کہ یکایک آپ نے فرمایا اٹھو! اولیاء اللہ میں سے ایک اللہ کے ولی اللہ کا استقبال کریں۔ جب دروازے سے باہر نکلے تو حضرت ابراہیم ہروی کو دیکھا جو ایک گدھے پر سوار تشریف لا رہے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ مجھے اطلاع دی گئی ہے کہ اٹھ کر استقبال کرو اور ہمارے حضور میں اُسے شفیع بنا کر لاؤ۔ ابراہیم ہروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اگر شفاعتِ اولین تمھیں اور شفاعتِ آخرین مجھے دی گئی تو سید العالمین شفیع المذنبین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے مقابلے میں ایک مشتِ خاک کے برابر ہوں گے آپ نے جب یہ بات سُنی تو بہت حیران ہوئے۔ جب کھانا کھانے کا وقت ہُوا تو عمدہ عمدہ کھانے لائے گئے۔ ابراہیم ہروی کے دل میں خیال پیدا ہُوا کہ شیخ ایسے کھانے کھاتے ہیں۔ لیکن آپ کو یہ بات معلوم ہو گئی۔ جب کھانے سے فارغ ہو گئے تو آپ ابراہیم ہروی کا ہاتھ پکڑ کر ایک طرف کو لے گئے اور ایک دیوار پر ہاتھ مارا۔ جہاں ایک دروازہ کھل گیا۔ دیکھا کہ ایک دریائے ذخّار موجیں مار رہا ہے۔ فرمایا کہ آؤ اس دریا سے پار چلیں۔ لیکن ابراہیم ڈر گئے اور کہا کہ یہ میرا مقام نہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ صحرا سے وہ جو جن کو آپ نے چن کر کھانا پکایا ہے اور توشہ دان میں رکھا ہے۔ وہ جو چارپایوں کے کھائے ہوئے ہیں لیکن تم نے دانوں کو اکٹھا کر کے روٹی پکائی اور کھائی جب اس کے متعلق زیادہ تحقیق کی گئی تو ایسا ہی پایا۔ چنانچہ ابراہیم نے توبہ کی۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل. اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کا مناجات کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بارگاہِ الٰہ العٰلمین میں عرض کی الٰہی! میرے اور تیرے درمیان کب تک دُوئی رہے گی اسے درمیان سے نکال دے تاکہ میں "تو" ہو جائے اور میں کچھ نہ رہوں۔ الٰہی! جب تک تو میرے ساتھ ہے میں سب سے بڑا ہوں اور جب تک میں اپنے ساتھ ہوں سب سے اَدنیٰ ہوں۔ الٰہی فقر و فاقہ نے مجھے تجھ تک پہنچایا ہے الٰہی مجھے زہد و عبادت درکار نہیں۔ اگر تو مجھے نیک بنانا چاہتا ہے تو اپنے اسرار کا ایک ذرّہ مجھے بھی عنایت فرما اور اپنے دوستوں کے درجے تک پہنچا۔ یہ کوئی تعجب کا مقام نہیں کہ میں باوجود عاجز، کمزور اور ضعیف بندہ ہونے کے تجھے دوست رکھتا ہوں بلکہ تعجب کی بات یہ ہے کہ تُو مالک، خالق اور قادر بے پرواہ ہونے کے سبب مجھ سے محبت کرتا ہے۔ الٰہی! جب خوف کی حالت میں تجھ سے اس قدر خوش ہوں تو بے خوف ہونے پر میں کس قدر خوشی نہ کروں گا۔ الٰہی! میں عمر بھر کی ریاضت کو فروخت نہیں کرتا۔ رات کی نمازیں پیش نہیں کرتا۔ تجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ ان باتوں

Marfat.com
Marfat.com

پر مجھے ذرّہ بھر بھروسہ نہیں اور جو کچھ عرض کر رہا ہوں فخر کے طور پر نہیں۔ میرا مدعا یہ ہے کہ کچھ میں نے آج تک کیا اس پر شرمندہ ہوں جبکہ تو نے مجھے اس قدر عطا کیا۔ تیرا کام علت سے نہیں۔ تیری قبولیّت اطاعت پر موقوف نہیں۔ مجھ سے گناہ کی گرد کو جھاڑ دے کیونکہ اطاعت کے گمان کی گرد کو میں نے صاف کر دیا۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

عالمِ ملکوت کے خیال میں محو ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ چاندنی رات میں اپنے مکان کی چھت پر چڑھ گئے اور آسمان کی طرف نظر کر کے عالم ملکوت کے خیال میں محو ہو گئے اور رونے لگے۔ یہاں تک کہ بے خود ہو کر گر پڑے۔ ہمسایہ سمجھا کہ شاید کوئی چور چھت پر چڑھ گیا ہے تلوار لے کر جھپٹا مگر قریب پہنچ کر دیکھا کہ حضرت داؤد طائی ہیں۔ پوچھا تمھیں کس نے گرایا۔ فرمایا خبر نہیں۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ — اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

سرمایۂ عبادت کیا ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ
"سرمایۂ عبادت دنیا میں زہد ہے اور سرمایۂ فتوت دنیا سے بے رغبتی"

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وُہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند — صُحبتِ طالع ترا طالع کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی — اَور بُرے آدمی کی صُحبت تجھے بُرا کر دے گی

دِل بدست آور کہ حج اکبر است — ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے — اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیرِ خلیل اطہر است — دِل تجلّی جلیل اکبر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے — دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

چہرے پر پردہ ڈالنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ایک روز میں قرآن اور مصلیٰ مسجد میں چھوڑ کر طہارت کے لیے دجلہ پر گیا۔ اتنے میں ایک بوڑھی عورت آئی اور میرے قرآن اور مصلیٰ کو اٹھا کر لے گئی۔ میں اس کے پیچھے پیچھے جاتا تھا۔ جب اس کے پاس پہنچا تو میں نے اپنا سر نیچے جھکا لیا تاکہ اس کے چہرے پر میری نظر نہ پڑے۔ بوڑھی عورت سے پوچھا کہ کیا تمہارے ہاں کوئی قرآن پڑھنے والا ہے۔ اُس نے کہا نہیں۔ پھر میں نے کہا کہ تو پھر قرآن مجھے دے دو اور مصلیٰ تم لے جاؤ۔ یہ بات سن کر وہ عورت حیران ہو گئی۔ اور دونوں چیزیں واپس کر دیں میں نے کہا کہ مصلیٰ تو میں نے تمہیں دے ہی دیا ہے۔ یہ اَب تمہاری ملکیت ہے

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

حیا اور اُنس کیا ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:

Marfat.com
Marfat.com

"حیا اور اُنس دل کی طرف آتے ہیں۔ اگر دل میں زہد و ورع دیکھتے ہیں تو ٹھہر جاتے ہیں ورنہ واپس چلے جاتے ہیں۔"

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے

گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندۂ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے

مُردہ ایں عالم و زندہ خدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت

بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے وَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ

چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

ریاکار کی شناخت

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوثِ پاک رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"ریاکار کے کپڑے صاف ستھرے اور دل نجس ہوتا ہے۔ وہ مباح چیزوں میں رغبت کرتا ہے اور کمانے میں کاہلی کرتا ہے اور دین کے بدلہ میں کھانا کھلاتا ہے۔ پرہیزگاری ذرا بھی نہیں کرتا کھلا ہُوا حرام کھاتا ہے اور اس کا معاملہ عام لوگوں پر مخفی رہتا ہے اور اللہ کے خاص بندوں پر مخفی نہیں رہتا۔ کل زہد و طاعت اس کی ظاہرداری کی ہے اس کا ظاہر آباد ہے اور باطن ویران۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیرِ خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

نفس مُردہ اور دل زندہ ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:
"جب تک نفس مُردہ نہ ہو دل زندہ نہیں ہو سکتا ہے۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے

نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے

یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حبِّ درویشاں کلیدِ جنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے

دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے ہیں

ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

مشتبہ کھانا تناول نہ فرمانا

ایک دن کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ جن کا نام نامی اسم گرامی حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہے فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت حارث محاسبی رحمۃ اللہ علیہ میرے ہاں تشریف لائے۔ میں نے انھیں قیافہ سے بھوکا سمجھ کر عرض کیا کہ حضور! کھانا تناول فرمائیں گے۔ آپ نے فرمایا۔ لے آؤ۔ چنانچہ میں کھانا لینے کے لیے گیا۔ رات کو کسی کے ہاں سے کچھ آیا تھا وہ لاکر آپ کے سامنے رکھ دیا لیکن کھاتے وقت آپ کے ہاتھ نے متابعت نہ کی۔ پھر اُٹھ کر چلے گئے۔ پھر حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ سے پوچھا تو فرمایا کہ میں بھوکا تھا لیکن میں نہ کھا سکا کیونکہ وہ کھانا مشتبہ تھا۔ نامعلوم وہ کہاں سے آیا تھا۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے

گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے

مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت

بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ

چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

مشتبہ چیز کی شناخت ہونا

حضرت محاسبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اگر کسی مشتبہ چیز کھانے کی طرف ہاتھ بڑھاتے تو آپ کی اُنگلیوں کی رگیں کھچ جاتی تھیں اور آپ وہ لقمہ اُٹھا سکتے تھے۔ آپ سمجھ جاتے تھے کہ یہ مشتبہ چیز ہے اور ترک کر دیتے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

رحمت کا بادل

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ بھوک ایک ایسا بادل ہے جس سے رحمت کی بارش کے سوا اور کچھ نہیں برستا۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے
نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے
یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حبِّ درویشاں کلیدِ جنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے
دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

ایک برہمی سے مناظرہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ابو عبداللہ محمد بن خفیف شیرازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ایک برہمی سے مناظرہ کیا۔ برہمی نے کہا کہ اگر آپ کا مذہب سچا ہے تو آیئے ہم دونوں چالیس دن تک کھانا نہ کھائیں۔ دونوں نے ایسا ہی کیا لیکن حضرت شیرازی نے چالیس دن پورے کیے مگر برہمی پورے نہ کر سکا۔ اسی طرح ایک اور برہمی نے آپ کو پانی کے نیچے رہنے کی دعوت دی۔ مدت معینہ ختم نہیں ہوئی تھی کہ برہمی مر گیا اور آپ زندہ سلامت عرصہ پورا کر کے پانی سے باہر تشریف لائے۔

اَولیا را ہست قدرت از اِلٰہ — تیر جستہ باز گردانند ز راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اولیا کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشت گلے — بوسہ زن بر آستانِ کاملے
ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم درمیانِ اولیا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اولیا کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیا — چوں محمد درمیانِ انبیا
وہ اولیاء کاملین کی صف میں اس طرح بیٹھتا ہے — جیسا کہ نبی پاک کا انبیا کے درمیان

کائنات دو اُنگلی میں دیکھنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میرے پروردگار جل شانہٗ نے مجھے وہ مقام عطا فرمایا ہے کہ میں تمام کائنات کو اپنی دو اُنگلیوں میں دیکھتا ہوں۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے۔ — کمان سے چھوٹے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیاء کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبی پاک کا انبیاء کے درمیان

سات سو علماء کے ارشادات

حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میں نے سات سو علماء کرام سے پانچ باتیں دریافت کیں جو درج ذیل ہیں اور سب نے ایک جیسا ارشاد فرمایا:

۱۔ عقل مند کون ہے؟
۲۔ اَمیر کون ہے؟
۳۔ زیرک کون ہے؟
۴۔ بخیل کون ہے؟
۵۔ درویش کون ہے؟

۱۔ عقل مند وہ ہے جو دنیا کو محبوب نہ رکھے۔
۲۔ زیرک وہ شخص ہے جو دنیا کو اپنے آپ پر فریفتہ نہ کرے۔
۳۔ امیر وہ ہے جو خدا کی تقدیر پر راضی رہے۔
۴۔ بخیل وہ شخص ہے جو زکوٰۃ ادا نہ کرے۔
۵۔ درویش وہ شخص ہے جس کے دل میں دنیا کی زیادتی کی خواہش نہ ہو۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

عہدۂ قاضی سے فرار ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ خلیفۂ وقت نے ایک مجلس قائم کی جس میں حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اُستاد شیعی اور دوسرے اکابر علماء کو جمع کیا اور داروغہ کو حکم دیا کہ ہر ایک خادم کے نام کچھ جائداد ملک کر کے اقرار نامہ کے طور پر تحریر لکھ دو اور علماء کرام کی گواہی کروا لو۔ کاغذ پر تحریر لکھی گئی۔ تمام علماء کرام اور آپ کے اُستاد نے اس کاغذ پر دستخط کر دیئے۔ جب وہ کاغذ امام اعظم کے پاس پہنچا تو آپ نے فرمایا کہ امیر المومنین یہاں آئیں یا میں اُن کے پاس چلا جاؤں تب گواہی صحیح ہوگی۔ یہ لفظ سُن کر داروغہ نے کچھ درشتی سے کام لیا اور کہا کہ سب علمائے کرام نے شہادت لکھ دی آپ کیوں نہیں لکھتے فضول باتیں بناتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہر ایک فعل اس کے اپنے لیے ہے۔ آپ نے شہادت لکھنے سے انکار کر دیا۔ جب خلیفہ کو خبر ہوئی تو اُس نے آپ کے اُستاد شیعی کو بلا کر پوچھا کہ گواہی میں اپنی آنکھوں سے دیکھنا ضروری ہے۔ کہا کہ ہاں۔ پھر خلیفہ نے پوچھا کہ اگر یہ بات صحیح ہے تو

Marfat.com
Marfat.com

تم نے بغیر دیکھے گواہی کیوں لکھ دی۔ شیبی نے کہا کہ مجھے معلوم تھا کہ آپ کے حکم سے ہے خلیفہ نے کہا یہ بات حق سے دُور ہے اور تم منصبِ قضا کے قائل نہیں ہو۔ اس کے بعد خلیفہ نے اکابر علماء کے مشورے کے بعد ابو حنیفہ۔ سفیان۔ مسعر بن خرام اور شریح کو منتخب کیا کہ ان میں سے کسی ایک کو قاضی بنانا چاہیئے۔ ان چاروں کو طلب کر کے خلیفہ نے اپنی رائے کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ لوگ اپنے میں سے کسی ایک کو قاضی مقرر کر لیں یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ میں تو قضاء کو قبول نہیں کروں گا۔ آپ نے اپنے دوسرے ساتھیوں سے فرمایا کہ نجات کی ایک سبیل میں تمھیں بتاتا ہوں۔ سب کے اتفاق پر آپ نے فرمایا کہ سفیان کو بھاگ جانا چاہیئے۔ مسعر بن خرام آپ کو دیوانہ بنا لیں۔ میں انھیں قبول نہیں کروں گا۔ اور شریح کو قاضی بنا لیا جائے۔ چنانچہ اسی تجویز کے مطابق سفیان تو بھاگ گیا اور باقی تینوں دربار میں پہنچے۔ خلیفہ نے آپ کو قاضی بنانا چاہا مگر آپ نے فرمایا کہ میں اس قابل نہیں ہوں۔ اگر میں اس بات میں سچا ہوں تو فی الحقیقت قاضی بننے کے قابل نہیں۔ اگر جھوٹا ہوں تو جھوٹا شخص بھی قاضی نہیں بن سکتا۔ علاوہ ازیں میں قریشی نہیں ہوں بلکہ سوالی ہوں اور عرب کے لوگ میری قضا کو قبول بھی نہیں کریں گے اس کے بعد مسعر نے آگے بڑھ کر خلیفہ کا ہاتھ پکڑا اور دیوانہ پن کی باتیں شروع کیں۔ انھیں بھی نکال دیا گیا اس کے بعد شریح کو قاضی بنا دیا گیا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں
کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

هر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے
چوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

قرآن کو مخلوق نہ کہنے پر قید کی سزا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت محمد بن اسلم طوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو معتزلہ نے دو سال تک آپ کو قید رکھا کہ قرآن کریم کو مخلوق کہو۔ لیکن آپ نے نہ کہا۔ ہر جمعہ کے دن جیل میں ہی غسل فرماتے اور جائے نماز کاندھے پر ڈال کر دروازے تک آتے۔ جب داروغہ جیل منع کرتے تو واپس لوٹتے ہوئے فرماتے الٰہی! میں نے اپنا حق ادا کر دیا اب تو جانے اور تیرا کام۔ قید سے رہائی کے بعد حاکم نیشاپور آپ کے شہر میں آیا جس کا اُمراء نے خوب استقبال کیا۔ اور تین دن تک تمام شہر کے لوگ قدم بوسی کو آتے رہے تیسرے دن پوچھا کہ کیا کوئی ایسا شخص شہر میں رہ گیا ہے جو میرے سلام کو نہ آیا ہو۔ لوگوں نے کہا صرف دو شخص احمد حرب اور محمد بن اسلم طوسی نہیں آئے۔ پوچھا کہ کیوں تو لوگوں نے کہا کہ وہ عالم ربانی ہیں۔ بادشاہوں کے سلام کو نہیں آتے۔ عبداللہ بن طاہر حاکم نیشاپور نے کہا کہ اگر وہ ہمارے سلام کو نہیں آتے تو ہم اُن کے سلام کو جاتے ہیں۔ پہلے وہ احمد حرب کی خدمت میں گیا۔ دیکھا کہ احمد حرب سر نیچا کیے بیٹھے ہیں۔ دیر تک حاکم بیٹھا رہا۔ جب شیخ نے سر اُٹھایا تو فرمایا کہ میں نے سُنا تھا تو بہت خوب صورت ہے ویسا ہی پایا۔ اے عبداللہ! ایسے منہ کو معصیت اور حکم خدا کی مخالفت سے بدصورت نہ بنانا۔ پھر عبداللہ حاکم نیشاپور آپ کی خدمت میں آیا لیکن آپ نے ملاقات کی اجازت نہ دی۔ مگر وُہ دروازے پر کھڑا رہا۔ کہ جب نماز کے وقت نکلیں گے تو سلام کر لوں گا۔ غرض جب

Marfat.com
Marfat.com

آپ نماز کے لیے باہر آئے تو عبداللہ گھوڑے پر سے کود پڑا۔ اور آپ کے پاؤں پر سے بوسہ دے کر کہا کہ الٰہی تیرے دوست اس وجہ سے مجھے دشمن سمجھتے ہیں کہ میں بُرا ہوں لیکن میں ان لوگوں کو ان کے اچھا ہونے کی وجہ سے دوست رکھتا ہوں تو اپنے فضل سے مجھ بُرے کو اُن اچھے لوگوں کا طفیلی بنا دے۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

حضرت عبداللہ تستری اور ایک ولیہ کا مکالمہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ میں نے جنگل میں ایک بوڑھی عورت کو دیکھا جو عصا ہاتھ میں لیے اور سر پر کپڑا باندھے ہوئے ہے۔ میں خیال کیا کہ شاید قافلہ سے پیچھے رہ گئی ہے اسے کچھ دینے کے لیے جیب میں ہاتھ ڈالا مگر اس عورت نے ہوا میں ہاتھ اُچھال کر اور مٹھی بند کر کے کہا کہ تم جیب سے لیتے ہو لیکن میں غیب سے لیتی ہوں۔ یہ کہہ کر وہ عورت غائب ہو گئی۔ میں اس کی تلاش میں مکّہ مکرمہ تک پہنچا۔ اور اس عورت کو کعبہ کے گرد طواف کرتے دیکھا۔ مجھے دیکھ کر اس نے فرمایا کہ اے سہیل جو شخص جمالِ کعبہ کے لیے قدم اُٹھائے اُسے طواف ضرور کرنا چاہیئے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیا کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے چھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

دُنیا کا عشق میں جل جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سَری سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ہمشیرہ نے چاہا کہ آپ کے گھر کو صاف کر دوں۔ مگر صفائی کرنے کی اجازت نہ دی۔ ایک دن آپ کی ہمشیرہ نے دیکھا کہ ایک بوڑھی عورت آپ کے گھر کی صفائی کر رہی ہے۔ ہمشیرہ نے آپ سے کہا کہ بھائی تم نے مجھے کیوں صفائی کے لیے نہ کہا اور صفائی کی اجازت کیوں نہ دی اور آپ نے ایک غیر محرم کو بلا کر صفائی کروائی۔ فرمایا اے میری ہمشیرہ دل کو قابو میں رکھو۔ غم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ دُنیا ہے جو ہمارے عشق میں جل گئی اور ہم سے محروم تھی۔ اَب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے صفائی کرنے کی اجازت مل گئی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآرا ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک آتش پرست اور حضرت احمد حرب کا مکالمہ

حضرت احمد حرب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ایک آتش پرست ہمسایہ جس کا نام بہرام تھا۔ ایک دفعہ اس کے گھر میں چوری ہو گئی۔ آپ اپنے چند مریدوں کو ساتھ لے کر اس کے گھر افسوس کے لیے گئے۔ اس وقت سخت قحط پڑا ہُوا تھا۔ آتش پرست نے خیال کیا کہ شاید کچھ کھانے کے لیے آئے ہیں۔ آتش پرست نے اُٹھ کر آپ کی تعظیم کی اور اسی خیال میں تھا کہ آپ کے سامنے کیا چیز رکھے۔ لیکن آپ نے اس کے خیال کو بھانپ کر فرمایا خاطر جمع رکھو ہم آپ کے پاس اظہارِ افسوس کے لیے آئے ہیں کچھ کھانے پینے کے لیے نہیں آئے۔ بہرام نے کہا فی الحقیقت میرے ہاں چوری ہو گئی لیکن پھر بھی تین شکر واجب ہیں ؛

اوّل یہ کہ کسی نے میرا مال چرایا میں نے کسی کی چوری نہیں کی۔

دوم یہ کہ آدھا مال چوری ہُوا۔

سوم یہ کہ دنیا چوری ہوئی ہے اور میرا دین سلامت ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

آپ کو یہ بات بہت پسند آئی اور فرمایا کہ:

"کلمہ تو اس سے محبّت اور دوستی کی خوشبو آتی ہے۔"

پھر آپ نے فرمایا کہ:

"تم آگ کی پرستش کیوں کرتے ہو۔"

آتش پرست نے کہا کہ:

"کل قیامت کے دن مجھ کو عذاب نہ کرے۔"

آپ نے فرمایا کہ:

"تیرا یہ خیال بالکل غلط ہے۔ جو چیز اس قدر ضعیف ہو کہ اگر ایک لڑکا اس پر پانی ڈال دے تو یہ فوراً بجھ جائے وہ کل تم کو خدا کے عذاب سے کیسے نجات دے سکتی ہے۔ اسے ذرہ بھر تمیز نہیں وہ ادنیٰ اعلیٰ سب کو جلا دیتی ہے۔ اگرچہ تم نے ستر سال تک اس کی پوجا کی ہے اور میں نے اس کی پوجا نہیں کی۔ آیئے ہم دونوں آگ میں ہاتھ رکھیں دیکھیں کہ وہ تمہارا لحاظ کس قدر کرتی ہے۔ اس بات نے بہرام کے دِل پر بہت گہرا اثر کیا اور پوچھا کہ چار باتوں کا جواب دیں:

اوّل یہ کہ ذات باری تعالیٰ نے مخلوق کی تخلیق کیوں فرمائی۔

دوم یہ کہ اگر تخلیق فرمائی تو رزق کیوں دیا۔

سوم یہ کہ اگر رزق دیا تو موت کیوں۔

چہارم یہ کہ اگر موت دی تھی تو پھر قیامت کے دن زندہ کس لیے کرے گا۔

حضرت احمد حرب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس آتش پرست کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ:

اوّل یہ کہ اُس نے خالقیت سے کام لیکر خلق کو پیدا کیا تاکہ اسے پہچانیں۔

دوم یہ کہ رازقیت سے رزق دیا تاکہ وہ اُسے پہچانیں۔

Marfat.com
Marfat.com

سوم یہ کہ موت اس لیے دی کہ وہ اُس کے قہرالٰہی کو سمجھیں۔
چہارم یہ کہ دوبارہ اس لیے زندہ کیا کہ وہ اس کی قدرت کو پہچانیں۔

آپ کا یہ جواب سُن کر آتش پرست نے کہا کہ آگ لائیں اور تجربہ کریں۔ چنانچہ حضرت احمد حرب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کافی دیر تک اپنا ہاتھ آگ میں ڈالے رکھا لیکن آگ نے کچھ بھی اثر نہ کیا۔ آتش پرست یہ دیکھ کر کلمہ پڑھ کر مشرف بہ اسلام ہو گیا۔ آپ نے اُس وقت نعرہ مارا اور بیہوش ہو کر گر پڑے۔ بہت دیر بعد ہوش آیا تو دوستوں نے وجہ دریافت کی۔ فرمایا کہ جب بہرام نے کلمۂ شہادت پڑھا تو میرے دل نے کہا کہ بہرام ستر (۷۰) سال کے بعد ایمان لے کر بارگاہِ خداوندی میں جائے گا۔ تو ستّر سال سے مسلمان ہے آخر خدا کے ہاں کیا لے جائے گا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

راز و نظر کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی تخلیق کر کے فرمایا کہ راز مجھ سے کہو۔ اگر راز نہ کہو تو نظر مجھ پر رکھو۔ اور اگر

Marfat.com
Marfat.com

یہ بھی نہ ہو تو حاجت مجھ سے طلب کرو۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

حقیقت میں فقیر کون ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"فقیر کے لیے اپنے مرشد کی رضا سے بڑھ کر کچھ نہیں پس مرشد کے کسی نشان کو تو ہمیشہ ذہن میں رکھ، آدمی حقیقتاً اُسی وقت فقیر ہے جب وہ مسافر، مفلس، قلاش اور مصیبت زدہ ہو۔"

نُورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

Marfat.com
Marfat.com

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است　　دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے　　ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے
گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا　　ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

تقدیر کے ساتھ موافقت کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:

"اے قوم! اللہ تعالیٰ کے تصرفات تم میں اس لیے ہوتے ہیں کہ وہ ظاہراً تمہارے اعمال کو دیکھے کہ آیا تم ثابت قدم رہتے ہو یا بھاگ جاتے ہو۔ آیا اُمورِ تقدیری کی تصدیق کرتے ہو یا انھیں جھٹلاتے ہو۔ جو شخص تقدیر کے ساتھ موافقت نہیں کرتا وہ موافقت نہیں کیا جاتا، اور نہ ہی توفیق دیا جاتا ہے۔ جو احکامِ قضاؤ قدر سے راضی نہیں ہوتا اس سے رضامندی نہیں کی جاتی۔ جو دوسروں کو نہیں دیتا وہ عطا نہیں کیا جاتا۔ جو ملاقات نہیں کرتا سوال نہیں کیا جاتا۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود　　گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے　　اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو
سایۂ یزداں بود بندہ خدا　　مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے　　اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

شکم سیر ہو کر کھانے میں خرابی

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ ابو سلیمان دارائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ جو شخص شکم سیر ہو کر کھاتا ہے اُس میں چھ باتیں ظاہر ہوتی ہیں:

اوّل یہ کہ عبادت میں لطف نہیں آتا۔

دوم یہ کہ قوتِ حافظہ کمزور ہو جاتی ہے۔

سوم یہ کہ مخلوق پر شفقت کرنے سے محروم ہو جائے گا۔ کیونکہ وہ سارے جہان کو سیر ہی سمجھے گا۔

چہارم یہ کہ شہوت زیادہ ہو گی اور عبادت کرنا مشکل ہو جائے گی۔

پنجم یہ کہ بھوکا رہنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک خزانہ ہے۔ جسے وہ اُسے ہی دیتا ہے جسے وہ دوست رکھتا ہے۔

ششم یہ کہ جب آدمی سیر ہو جاتا ہے تو تمام اعضاء شہوت کے بھوکے ہوتے ہیں اور جب تمام اعضاء بھوکے ہوتے ہیں تو شہوت سیر ہوتی ہے یعنی جب تک پیٹ نہ بھرے گا تو کسی شہوت کی آرزو نہ ہو گی۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود

اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند — صحبتِ طالع ترا طالع کند

نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی — اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

Marfat.com
Marfat.com

دِل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لعاب دہن امام شافعیؒ کے منہ میں

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ خواب میں مجھے حضور پرنُور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپ نے مجھ سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! مَیں آپ کا اُمّتی ہوں۔ تب آپ نے فرمایا کہ قریب آؤ۔ چنانچہ جب میں آپ کے نزدیک ہُوا تو آپ نے اپنا لعابِ دہن میرے منہ میں ڈالا اور فرمایا جاؤ اَب اللہ تعالیٰ تمھیں برکت دے گا۔

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے

نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے

یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دِیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے

دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نُورِ خُدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

دیدارِ الٰہی سے مشرف فرمانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ میرے رَب نے چاہا کہ ہم کو دیکھے مگر ہم نے چاہا کہ اسے دیکھیں۔ یعنی بندے کی کوئی خواہش نہیں ہوتی۔ چالیس سال تک میں دنیا کی طرف متوجہ رہ کر اہل دنیا کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتا رہا لیکن ایک شخص بھی نہ آیا۔ جب میں لوگوں سے منہ پھیر کر حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہُوا تو اہل دنیا کو اپنے آپ سے پہلے وہاں موجود پایا۔ مطلب یہ ہے کہ مخلوق کے حق میں اپنی عنایت کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی عنایت کو زیادہ پایا۔ جس بات کا میں خواہش مند تھا میری التجا ہے پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے خود بخود ان کو دے دیا۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

دُنیا کی حیثیت کیا ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ دنیا چیز ہی کیا ہے جسے ترک کرنے کو ایک کام خیال کیا جائے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

منزلِ مقصود تک رسائی کیسے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ستر زنّار اپنی کمر سے کھولے۔ ایک زنّار باقی رہ گیا۔ ہر چند کوشش کی مگر وہ زنّار نہ ٹوٹا۔ بالآخر بارگاہ الٰہ العالمین میں آہ وزاری کی کہ اے میرے پروردگار مجھے ایسی قوّت عطا فرما کہ میں اِسے بھی توڑ ڈالوں۔ آواز آئی کہ اس کو توڑنا تیرا کام نہیں۔ فرماتے ہیں کہ میں نے تمام ہاتھوں سے اللہ کو ڈھونڈا مگر جب تک بلّی کے ہاتھ سے نہ ڈھونڈا نہ ملا۔ تمام قدموں سے اس کی راہ میں گیا مگر جب تک دل کے قدموں سے نہ گیا منزلِ مقصود تک نہ پہنچ سکا۔

اولیا را ہست قدرت از الٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے
تیر جستہ باز گردانند ز راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشتِ گلے
ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔
بوسہ زن بر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

آدمی کا شرم سے پانی بن جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص نے حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمتِ قدسیّہ میں حاضر ہو کر "حیا" کے متعلق سوال کیا۔ آپ نے انھیں "حیا" کے متعلق ایسا جواب کہ وہ شخص خدا کی قدرت سے شرم کے مارے حقیقت میں پانی ہی بن گیا۔ اس کے بعد ایک مرید آپ کی خدمت میں حاضر ہُوا۔ اُس نے یہ پانی دیکھ کر پوچھا کہ یہ پانی کیسا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ ایک شخص نے حیا کے متعلق سوال کیا تھا جواب کی طاقت نہ رکھنے کے باعث وہ پانی ہو گیا ہے۔

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نُورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

حضرت شفیق بلخی کا خلیفہ ہارون رشید کو نصیحت کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت شفیق بلخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حج کی غرض سے مکہ مکرمہ تشریف لے جا رہے تھے۔ جب بغداد پہنچے تو خلیفہ ہارون رشید نے آپ کو بلایا۔ جب خلیفہ کے پاس گئے تو خلیفہ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور کچھ نصیحت فرمائیں نے خلیفہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ:

اللہ تعالیٰ نے تجھے صدیق کا جانشین کیا تجھ سے صدق طلب کرے گا۔
اللہ تعالیٰ نے تجھے فاروق کی جگہ بخشی تجھ سے حق و باطل کی تمیز طلب کرے گا۔
اللہ تعالیٰ نے تجھے ذوالنورین کی گدی پر بٹھایا تجھ سے حیا اور کرم کا مطالبہ کرے گا۔
اللہ تعالیٰ نے تجھے حیدر کرار کی جگہ عطا کی تجھ سے عدل اور علم طلب کرے گا

ہارون رشید نے کہا اور فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ:

اللہ تعالیٰ نے دوزخ بنا کر تجھے اس کا دربان مقرر کیا ہے اور مال شمشیر اور تا دے کر تجھے حکم دیا ہے کہ لوگوں کو دوزخ کی طرف مت آنے دو۔ اس لیے جو حاجت تیرے پاس آئے اُسے مال دے۔ جو حکم خدا کے خلاف کرے اُسے تازیانہ سے سزا اور جو کوئی کسی کو قتل کرے اس کا قصاص لے۔ اگر ایسا نہ کرے گا تو دوزخیوں کا سردار تو ہی ہوگا۔

ہارون نے کہا اور کچھ فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ:

تُو چشمہ ہے اور تیری رعایا کے اعمال نہریں۔ اگر چشمہ صاف ہے تو نہروں کا میلا ہونے سے کوئی حرج نہیں۔ لیکن اگر چشمہ ہی گدلا ہوگا تو نہروں کے صاف ہونے کی کوئی صورت ہی نہیں ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

پھر خلیفہ نے کہا کچھ اور فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ:
اگر تو جنگل میں اس قدر پیاسا ہو جائے کہ قریب المرگ ہو جائے اور کوئی شخص ایک گھونٹ پانی آدھی سلطنت کے عوض بیچے تو کیا تو خرید لے گا۔
پھر فرمایا کہ:
اگر تیرا پیشاب بند ہو جائے اور کوئی شخص کہے کہ اگر آدھی سلطنت مجھے دے دے تو تیرا علاج کرتا ہوں تو تُو پھر کیا کرے گا۔
ہارون نے کہا:
میں اُسے آدھی سلطنت دے دُوں گا۔
پھر آپ نے فرمایا کہ:
ایسی حکومت پر کیا ناز ہے جس کی قیمت پانی کا ایک گھونٹ ہو۔
یہ سُن کر ہارون رشید رونے لگا اور احترام کے ساتھ آپ کو واپس کیا۔
جب آپ مکہ معظمہ پہنچے تو لوگ آپ کے گرد جمع ہو گئے۔ آپ نے فرمایا کہ اس جگہ روزی کی تلاش کرنا نادانی ہے اور روزی کے لیے کام کرانا حرام ہے۔ پھر حضرت ابراہیم اَدہم رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی۔ آپ نے پوچھا کہ ابراہیم معاش کے بارہ میں تم کیا کرتے ہو۔ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اگر مل جائے تو شکر کرتے ہیں۔ اگر نہیں ملتی تو صبر کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ حالت تو ہمارے شہر کے کتّوں کی بھی ہے ابراہیم نے پوچھا کہ تم کیا کرتے ہو؟ آپ نے فرمایا کہ اگر مل جائے تو خیرات کرتا ہوں۔ اگر نہیں ملتا تو شکر کرتا ہوں۔
یہ سن کر ابراہیم اَدہم نے آپ کا سر منہ چوما اور کہا کہ تم میرے بھی اُستاد ہو۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک کافر کا قبولِ اسلام

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مُبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جہاد میں ایک کافر سے لڑ رہے تھے کہ اسی اثناء میں کافر کی نماز کا وقت آ گیا۔ اُس نے آپ سے مہلت مانگی۔ آپ نے اجازت دے دی۔ جب وہ بُت کی عبادت میں مشغول ہو گیا تو آپ کے دل میں خیال پیدا ہُوا کہ اَب موقع ہے کہ اسے قتل کرنا چاہیئے فوراً تلوار سونت لی۔ وار کرنا ہی چاہتے تھے کہ غیب سے آواز آئی۔ اے عبداللہ! اقوا بالعھد ان ان العھد کان مسئولہ۔ اقرار کو پورا کرو بیشک اقرار کی بابت پوچھا جائے گا۔ یہ آواز سُن کر آپ رونے لگے۔ جب کافر نے اپنی عبادت سے فارغ ہو کر دیکھا تو رونے کی وجہ پوچھی۔ فرمایا کہ تجھے عبادت میں مصروف دیکھ کر خیال آیا کہ اب تمھیں ہلاک کرنے کا اچھا موقع ہے چنانچہ تلوار سونت کر وار کرنا ہی چاہتا تھا کہ بارگاہِ الٰہی سے تمھاری خاطر مجھے منع کیا گیا۔ یہ سُن کر بُت پرست نے ایک نعرہ لگا کر کہا کہ ایسے خدا کا نافرمان ہونا جو دشمن کی خاطر دوست کو عتاب کرتا ہے جوانمردی کے خلاف ہے اور فوراً اسلام قبول کر لیا۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

مدعی اور عارف میں فرق

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ عارف لوگ عیاں میں مکان کو دیکھتے ہیں اور عین میں نشان نہیں بتاتے مگر عرش تا فرش لاکھوں آدمی ہوں اور اُن کی اولاد جن میں جبرائیل و مکائیل جیسے مقرب فرشتوں کا سا درجہ رکھنے والے عارف کے دل رکھ دیئے جائیں تو معرفت الٰہی کے مقابلے میں ان سب کی موجودگی محض ہیچ ہو اور اُن کے آنے جانے کی اطّلاع تک بھی اِسے نہ ہو۔ اگر معاملہ اس کے برخلاف ہے تو وہ صرف مدعی ہے عارف نہیں ہے۔

اللہ اللہ گُفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وُہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند — صُحبتِ طالع ترا طالع کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی — اور بُرے آدمی کی صُحبت تجھے بُرا کر دے گی

Marfat.com
Marfat.com

دِل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

بہتر توشہ کیا ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا کہ میں حج کے لیے جا رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا تو اپنے پاس کیا توشہ رکھتا ہے اس نے کہا چار چیزیں بطور توشہ رکھتا ہوں:

اوّل یہ کہ اپنی روزی سے کسی کو اپنے سوا نزدیک نہیں دیکھتا۔

دوم یہ کہ نہ ہی اپنے سے زیادہ دُور کسی کو دیکھتا ہوں۔

سوم یہ کہ خدا کا حکم جہاں بھی میں ہوں گا مجھے پہنچ جائے گا۔

چہارم یہ کہ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ جہاں بھی ہو اور جس حال میں بھی ہو مجھے دیکھتا ہے۔

یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ تمہارے پاس بہت اچھا توشہ ہے۔ تجھے یہ توشہ مبارک ہو۔

اَولیا را ہست قدرت از الٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے

تیر جستہ باز گردانند ز راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشت گلے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔

بوسہ زن بر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

هر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے
چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

نفس کی پہچان خدا کی پہچان ہے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:
"نفس کی مخالفت سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی اور کوئی عبادت نہیں ہے جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔ وہ دریائے اندوہ و شادی میں غرق ہو گیا۔"

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے
نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بَن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے
یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے
دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نُورِ خُدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

حضرت امام احمد حنبل کا تقویٰ

حضرت احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ بغداد میں رہائش پذیر ہونے کے باوجود بھی بغداد کے آٹے کی روٹی نہیں کھاتے تھے بلکہ موصل سے آٹا منگوا کر روٹی پکوا کر کھایا کرتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ بغداد کو خلیفۃ المسلمین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غازیوں پر وقف کر دیا تھا۔

اَولیآ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

اللہ اکبر کہہ کر زمین پر گر پڑنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ کو صبح کے وقت دیکھ رہا تھا کہ بایزید کیا کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ حضرت خواجہ بایزید رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ اکبر کہا اور زمین پر گر پڑے۔ زمین پر گرتے ہی جسم سے خون جاری ہو گیا۔ لوگوں نے پوچھا کہ حضرت یہ کیا حالت تھی۔ فرمایا۔ ہاتفِ غیبی سے ندا آئی کہ تُو کون ہے؟ جو ہماری باتیں کرتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے
مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت
بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ
چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

حج کی حقیقت کیا ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حج سے فراغت کے بعد حرم شریف میں ہی سو گئے خواب میں دیکھا کہ دو فرشتے آسمان سے آئے۔ ایک نے دوسرے سے پوچھا کہ اس سال کتنے فرد حج کے لیے آئے۔ دوسرے نے کہا چھے لاکھ۔ پھر پوچھا کہ کتنے لوگوں کا حج قبول ہُوا۔ دوسرے نے جواب دیا کہ کسی کا بھی حج قبول نہیں ہُوا۔ یہ باتیں سُن کر آپ گھبرا گئے کہ اس قدر مخلوق کی تمام سفر کی تکالیف اور اخراجات سب کے سب اکارت گئے۔ اس کے دوسرے فرشتے نے کہا کہ دمشق میں ایک شخص جس کا نام علی بن موفق موچی ہے اگرچہ وہ حج کو نہیں آیا لیکن اس کا حج قبول ہو گیا اور باقی تمام مخلوق کا حج محض اس کی وجہ سے مقبول ہُوا۔ یہ خواب دیکھ کر آپ نیند سے بیدار ہو گئے اور دمشق میں جا کر علی بن موفق موچی کی زیارت کے لیے چل پڑے۔ وہاں جا کر اُسے اس کے گھر پر ملے۔ علیک سلیک کے بعد فرمایا کہ میں نے تم سے کچھ دریافت کرنا ہے۔ اُس نے کہا فرمائیے۔ آپ نے اس سے خواب کا

Marfat.com
Marfat.com

تمام واقعہ بیان کیا۔ علی بن موفق نے کہا آپ کا نام کیا ہے۔ آپ نے اپنا نام بتایا۔ علی بن موفق آپ کا نام سنتے ہی ایک نعرہ مار کر بیہوش ہو گیا۔ جب کچھ عرصہ بعد ہوش میں آیا تو کہا کہ میں نے حج کے ارادے سے ساری عمر چمڑا سی کر تیس ہزار درم جمع کیے تھے حج کے لیے بالکل تیار تھا کہ ایک دن میری بیوی نے کہا کہ ہمسائے کے گھر سے گوشت پکنے کی خوشبو آ رہی ہے۔ ذرا سا سالن لے آؤ۔ میں ان کے گھر گیا اور تھوڑا سا سالن طلب کیا۔ اس نے کہا کہ یہ گوشت تمہارے لیے حلال نہیں ہے کیونکہ سات فاقہ کے بعد بچوں کی بھوک سے بیتاب ہو کر آج تھوڑا سا مردار پکایا ہے جو تمہارے لیے حلال نہیں ہے۔ یہ سن کر میرے تن بدن میں آگ لگ گئی فوراً آ کر تیس ہزار درم لے کر ہمسایہ کی خدمت میں پیش کر دیئے تا کہ وہ اپنے بال بچوں پر صرف کرے۔ یہ واقعہ سُن کر آپ نے کہا کہ واقعی ملائکہ نے سچ کہا ہے۔

اَولیآ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے

تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔

بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے

غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے

چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

دو جلوے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ سانپ کی کینچلی اُتارنے کی مانند جب میں بایزید سے نکلا تو دیکھا کہ عاشق و معشوق ایک ہی ذات کے دو جلوے ہیں۔ کیونکہ توحید کے عالم میں ایک ہی کو دیکھا جا سکتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اظہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

یک بڑھیا کا حضرت عبداللہ بن مبارک کو میدان عرفات میں لیجانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ذوالحجہ کے مہینے میں جنگل میں تشریف لے گئے۔ حج کی آرزو سے جنگل میں چل پھر رہے تھے۔ دل میں کہنے لگے کہ اگرچہ میں خانہ کعبہ میں نہیں ہوں تاہم لازم ہے کہ حاجیوں کے سے اعمال بجالاؤں کہ ان کی متابعت کے باعث حاجیوں جیسا ثواب حاصل کروں کیونکہ حجامت نہ بنوانے و ناخن نہ اُتروانے سے حج کا ثواب ملتا ہے۔ اسی اثناء میں ایک بڑھیا کو دیکھا جو عصا ہاتھ میں لیے آپ کے پاس آئی اور کہا کہ عبداللہ کیا تو حج کی تمنا رکھتا ہے۔ آپ نے کہا ں۔ بڑھیا نے کہا مجھے تمہارے لیے ہی بھیجا گیا ہے تاکہ میں تجھے میدانِ عرفات میں پہنچا دوں۔ آپ نے دل میں کہا کہ صرف تین دن حج میں باقی ہیں اس قدر دور دراز کا سفر ہے یہ کمزور عورت کس طرح مجھے تین دن میں عرفات تک پہنچا سکتی ہے۔ آپ کے دل کے ں خدشے کو بڑھیا نے معلوم کر کے کہا کہ جس عورت نے صبح کی سنتیں سنجاب میں ادا کی وں اور فرض دریائے جیحوں پر ادا کر کے سورج نکلنے تک مرو میں پہنچ گئی ہو اس کے

Marfat.com
Marfat.com

ساتھی بن سکتے ہو۔ کہا بڑے شوق سے اس کا ساتھی بنوں گا۔ آپ بڑھیا کے ہمراہ چل پڑے راستے میں کئی دریا آئے جن کو کشتی میں عبور کرنا مشکل تھا لیکن کنارے پر پہنچ کر بڑھیا عورت آپ کو آنکھ بند کرنے کا حکم دیتی اور جب آپ آنکھ کھولتے تو اپنے آپ کو دریا کے دوسرے کنارے پر پاتے۔ غرض تین دن میں اس عورت نے آپ کو میدان عرفات میں پہنچا دیا۔ مراسم حج ادا کرنے کے بعد اُس بڑھیا نے آپ سے کہا کہ آپنے میرا ایک بیٹا ایک غار میں ریاضت کر رہا ہے اس کی خبر بھی لیتے جائیں۔ چنانچہ آپ اس بڑھیا کے ساتھ چل دیئے۔ جب غار میں پہنچے تو دیکھا کہ ایک نوجوان جو ریاضتِ شاقہ کے باعث صرف ہڈیوں کا پنجر ہی رہ گیا ہے محوِ عبادت ہے۔ جب اُس نے اپنی والدہ کو دیکھا تو تعظیم کے لیے کھڑا ہو گیا والدہ کی قدم بوسی کے بعد عرض کی کہ میں جانتا ہوں کہ تو خود ہی نہیں آئی بلکہ میری تجہیز و تکفین کی غرض سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بھیجا ہے۔ یہ سُن کر اُس عورت نے کہا کہ عبداللہ ذرا ٹھہرو تاکہ کفن دفن کا انتظام کریں۔ اس کے بعد نورانی چہرے والے نوجوان کی رُوح پرواز کر گئی۔ اس کے دفن کرنے کے بعد بڑھیا نے کہا کہ اَب دنیا میں میرا کوئی کام باقی نہیں ہے میں اس کی قبر پر ہی بیٹھی رہوں گی۔ جب تم اگلے سال آؤ گے تو مجھے بھی نہ پاؤ گے۔ میرے لیے دُعائے خیر کرنا۔

اَولیاؔ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

هر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے
چوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایمان کا نگہبان

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص جس کا نام عبداللہ مہدی تھا اس نے کہا حضرت خواجہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بوقت نزع فرمایا کہ میرا منہ زمین کی طرف رکھو۔ چنانچہ تعمیل حکم کے بعد میں باہر نکلا تاکہ لوگوں کو خبر کردوں۔ واپس آنے پہ دیکھا کہ سب لوگ جمع ہیں اور آپ نے سرہانے سے ایک روپوں کی تھیلی نکالی اور فرمایا کہ اسے صدقہ کردو۔ لوگوں نے کہا کہ آپ تو فرمایا کرتے تھے کہ دنیا کا مال جمع نہیں کرنا چاہیئے اور خود اس قدر مال جمع کر رکھا ہے۔ فرمایا کہ یہ میرے ایمان کا نگہبان ہے اس سے میں نے اپنے ایمان کو سلامت رکھا کیونکہ اس کی موجودگی میں شیطان مجھ پہ غالب نہ آسکا۔ کیونکہ اگر وہ کہتا کہ آج کیا کھاؤ گے اور کیا پہنو گے تو میں کہہ دیتا کہ میرے پاس زر ہے۔ اگر کہتا کہ تیرے پاس کفن نہیں تو میں اسے یہ روپے دکھا دیتا تھا اور اس کے وسواس کو رفع کر دیتا تھا اگرچہ مجھے اس کی ضرورت تھی۔ یہ کہہ کر کلمۂ شہادت پڑھا اور رُوح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے
نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے
یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

Marfat.com
Marfat.com

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

معرفت الٰہی کا حصول اور زبان کا گنگ ہو جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مُبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جہاد کی غرض سے روم گئے۔ وہاں دیکھا کہ ایک جگہ ایک آدمی کو ٹکٹکی سے باندھا ہُوا ہے۔ بہت سے لوگ اس کے گرد جمع ہیں اور اسے کہہ رہے ہیں کہ اگر تُو ذرّہ بھر بھی اُف کرے گا تو بڑا بُت تجھ سے سخت ناراض ہو جائے گا۔ وہ بیچارہ سخت تکلیف میں تھا لیکن مُنہ سے اُف تک نہیں کہتا تھا۔ آپ نے دریافت کیا کہ اتنی تکلیف ہونے کے باوجود بھی تو اُف تک بھی نہیں کرتا۔ وہ کہنے لگا کہ مجھ سے ایک بہت بڑا گناہ سرزد ہو چکا ہے اور میرے مذہب کا یہ قاعدہ ہے کہ جب تک کوئی شخص گناہوں سے پاک نہ ہو جائے بڑے بُت کا نام نہیں لے سکتا۔ تُو مجھے مسلمان معلوم ہوتا ہے۔ سُن میں نے ترازو کے پلڑوں کے درمیان بڑے بت کا نام لیا ہے جس کی پاداش میں مجھے یہ سزا مل رہی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے مذہب میں یہ سزا ہے کہ جو شخص اُسے پہچان لیتا ہے وہ اُسے یاد نہیں کر سکتا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو پہچان لیتا ہے وہ زبان سے گونگا ہو جاتا ہے۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

عمل کے دریا میں غوطہ زن ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ہر شخص عمل کے دریا میں غرق ہوتا ہے یعنی ریاضت کا خیال کرتے ہیں لیکن میں مراد کے سمندر میں غرق ہوا۔ یعنی عنایت الٰہی سے اُمیدوار ہوا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود

اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند — صحبتِ طالع ترا طالع کند

نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی — اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است — ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے — اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است — دل تجلّی جلیل اکبر است

کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے — دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

عارف کے لیے اجر

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے عارف کا اجر و ثواب خود ذاتِ باری تعالیٰ ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

مخلوقِ خدا سے پیار کرنے پر جنت کا حصول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بازار سے گزر ہوا دیکھا کہ ایک پرندہ پنجرہ میں پڑا تڑپ رہا ہے۔ آپ نے اسے فوراً خرید کر آزاد کر دیا۔ پھر وہ پرندہ روزانہ آپ کے گھر آتا۔ آپ تمام رات نماز میں مشغول رہتے تو وہ پرندہ آپ کو دیکھتا جب لوگ آپ کا جنازہ لے کر جا رہے تھے تو وہ پرندہ اپنے آپ کو قبر پر دے مارتا تھا۔ پھر قبر سے آواز آئی کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے سفیان کو اسی وجہ سے بخش دیا کہ وہ اللہ کی مخلوق سے بہت پیار کرتا تھا۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مردہ ایں عالم و زندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

حق تک رسائی کیسے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمتِ قدسیہ میں حاضر ہو کر وصیت کے لیے عرض پرداز ہوا جس پر آپ نے فرمایا کہ:

اوّل یہ کہ مردہ لوگ تمہارے منتظر ہیں ان کے لیے کچھ نہ کچھ ہدیہ بھیجتے رہا کرو۔ تاکہ انھیں قبر میں راحت پہنچے۔

دوم یہ کہ اگر تو سلامتی چاہتا ہے تو دنیا کو رخصتی سلام کر۔

سوم یہ کہ اگر تو کرامت کا طالب ہے تو آخرت کو بھول جا۔

چہارم یہ کہ دونوں جہانوں سے بے نیاز ہو جا تب تجھے حق تک رسائی ہو جائے گی ورنہ نہیں۔

زُبان کی حفاظت کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص نے حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمتِ قدسیہ میں حاضر ہو کر عرض کی حضور کچھ وصیت کیجئے جس پر آپ نے فرمایا کہ:

اوّل یہ کہ دنیا میں سلامتی ایمان کی کوشش کرو۔

دوم یہ کہ زُبان کی حفاظت کرو

سوم یہ کہ مخلوق سے علیحدگی اختیار کرو۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

صادق کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"صادق وہ ہے کہ جس پر اللہ تعالیٰ فرشتہ مقرر کرے۔ جب نماز کا وقت آئے تو اُسے نماز میں مشغول کر دے۔ سویا ہوا ہو تو اُسے بیدار کر دے۔"

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے
مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

قلب پر انوارِ الٰہی کا منقش ہو جانا

ایک شخص کے متعلق مشہور ہے کہ وہ عرصہ تیس سال سے مجاہدہ میں مستغرق تھا اُس سے پوچھا کہ تو نے یہ رتبہ کیسے پایا؟ اس نے کہا کہ حضرت سری سقطی کی دُعا سے پوچھا کیسے؟ کہا کہ ایک دفعہ میں اِن سے ملاقات کے لیے گیا۔ آپ اُس وقت عالمِ تنہائی میں تھے۔ دستک دینے پر پوچھا کہ کون ہے۔ میں نے کہا کہ آشنا ہوں۔ فرمایا کہ اگر تو آشنا ہے تو اس کی طرف مشغول کیوں نہیں ہوتا اور ہماری پرواہ نہ کرتا۔ پھر بارگاہِ خداوندی میں دُعا کی۔ الٰہی اسے اپنی طرف مشغول کر لے تاکہ اسے کسی اور کی پرواہ نہ رہے۔ اُسی وقت میرے دل میں نورِ الٰہی منقش ہو گیا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود

اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند — صحبتِ طالع ترا طالع کند

نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی — اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حجِ اکبر است — ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

دُوسروں کی دلداری کر کہ یہ حجِ اکبر ہے — اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیرِ خلیل اطہر است — دل تجلّی جلیل اکبر است

کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے — دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

جھوٹے دعوے کی شناخت

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ

"اے جاہل! تو اُمورِ تقدیر یہ میں تغیر و تبدل چاہتا ہے تیرا ارادہ کیا ہے؟ کیا تو دوسرا معبود ہے؟ تو چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تیری موافقت کرے۔ یہ اَمر تو بالعکس ہے تو اس کا برعکس کر راہِ ثواب پائے گا۔ اگر مقدرات و خدائی اندازہ نہ ہوتے تو جھوٹے دعوے نہ پہچانے جاتے۔ جوہر تجربہ کے وقت ہی ظاہر ہوتے ہیں۔ اپنے نفس کا اس طرح انکار کر جیسا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا انکار کرتا ہے۔ جب تو اپنے نفس پر منکر ہو جائے گا تو دوسرے کے انکار پر بھی قدرت پالے گا۔ اپنی قوت ایمانیہ کے اندازہ کے مطابق تو خرابیوں کا ازالہ کر سکتا ہے اور اس کے ضعف کے اندازہ کے مطابق گھر میں بیٹھے گا تو بزدل ہو جائے گا اور اس کے دُور کرنے سے عاجز اور گونگا ہو جائے گا۔ ایمان کے قدم ہی ایسے ہیں جو انس و جنّ کے شیطانوں کے مقابلہ کے وقت ثابت قدم رہے گا۔ وہی ایسے ہیں جو مصیبتوں اور بلاؤں کے نازل ہوتے وقت سنبھلے رہتے ہیں۔ تیرے ایمان کے قدموں کو جب اثبات و قرار نہ ہو تو ایمان کا دعویٰ ہی نہ کر۔ اگر دعویٰ ہے تو ہر ایک کا دشمن بن اور کل کے خالق سے دوستی کر۔ پس اگر اس کی مشیت و مرضی ہو گی کہ تو مبغوض چیزوں میں کسی کو دست رکھے تو تو اس میں محفوظ رہے گا اس واسطے کہ اس کی محبت ڈالنے والا وہ ہو گا نہ کہ تو۔ اور اسی واسطے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمھاری دنیا میں سے تین چیزیں ایسی ہیں جو میری محبوب بنادی گئی ہیں۔ خوشبو، عورتیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ یہ چیزیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبوب اس کے بعد کی گئیں کہ آپ ان کو مبغوض سمجھتے تھے۔ آپ نے انھیں چھوڑ دیا تھا۔ ان سے زہد

Marfat.com
Marfat.com

اعراض فرماتے تھے۔ تو اپنے دل سے ماسوی اللہ سے فارغ کرلے تاکہ وہ ان میں
سے جس کی بھی چاہے تیرے دل میں محبّت ڈال دے۔

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ اِلٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

خُدا ہی ہر مشکل کا رفع کرنے والا ہے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے غلام! جب تو خدمت کرے گا تو مخدوم بنا دیا جائے گا۔ جب تو تقدیر کے ساتھ موافقت کرے گا تو فیقِ خیر دے دیا جائے گا۔ اللہ کی خدمت گزاری کر اور دُنیا کے ان بادشاہوں کی خدمت میں مشغول ہو کر جو تجھے نفع و نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ خدا کی طرف سے لاپروائی مت کر یہ تجھے کیا دیں گے۔ جو چیز تیری قسمت میں نہیں کیا وہ تجھے دے سکتے ہیں اور کیا تیرے لیے ایسی چیز مقسوم کر دینے پر انھیں قدرت ہے جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لیے مقرر و مقدور نہیں فرمائی ان کے نزدیک کوئی چیز نئی نہیں ہے جو بھی تیرا مقسوم ہے

Marfat.com
Marfat.com

وہی دے سکتے ہیں۔ اگر تو یہ کہے کہ ان کی عطا مستقلاً جدید اِنہیں کی طرف سے ہے تو تُو کافر بن جائے گا کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دینے والا منع کرنے والا نفع ونقصان پہنچانے والا نہیں ہے اور نہ ہی کوئی اس سے مقدّم ہے اور نہ ہی مؤخّر۔ بعد میں باقی رہنے والا اللہ ہی اللہ ہے۔ پس اگر تو یہ کہے کہ میں اسے جانتا ہوں تو میں تجھ سے کہوں گا کہ تو اسے کیسے جانتا ہے۔ اگر تو اسے جانتا تو پھر غیر خدا کو اس پر کیسے مقدم رکھتا۔"

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ — اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

آسمان تک پرواز کیسے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن میں حضرت عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں گیا۔ آپ کے گھر میں ایک سانپ دیکھ کر میں ڈر گیا اور آپ سے پوچھا کہ کیا میں اندر آؤں۔ فرمایا اندر آجاؤ۔ پھر فرمایا کہ کوئی شخص حقیقت کے آسمان تک نہیں پہنچتا جب تک کہ زمین کی کسی شے سے ڈرتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

فتویٰ کی درستگی کروانا

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ زیادہ تر حضرت امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دروازے پر کھڑے رہتے۔ جو شخص فتویٰ لے کر آتا اُسے دیکھتے اگر وہ درست نہ ہوتا تو آپ کہہ دیتے اسے واپس لے جاؤ اور درست کروا کر لاؤ۔ وہ شخص واپس جا کر فتویٰ کی صحت طلب کرتا۔ جب امام مالک فتویٰ کو دوبارہ ملاحظہ کرتے تو حق امام شافعی کی طرف پاتے اور مالک اس پر ناز کرتے۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے
نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے
یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

Marfat.com
Marfat.com

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

بادشاہی خزانوں کی اطلاع ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

جو شخص مدعی ہوگا وہ خائف نہیں۔ جو خائف نہیں وہ امین نہیں جو امین نہیں وہ بادشاہی خزانوں پر مطلع نہیں ہو سکتا۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
ولی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا
اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

ایک مالدار شخص کا تائب ہونا

ایک امیر شخص جو کہ حضرت ذوالنورین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اختلاف رکھتا تھا اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہودی کہتا تھا جب یہ بات آپ کے کانوں تک پہنچی تو آپ نے اسے بلایا اور فرمایا کہ میں تمہاری لڑکی کا نکاح فلاں یہودی سے کر دوں گا۔ امیر کہنے لگا آپ امام المسلمین ہو کر ایسا گناہ کا کام کریں گے کہ ایک مسلمان کی لڑکی کا نکاح یہودی سے کر دیں گے اور میں یہ کیسے برداشت کروں گا کہ میری لڑکی کا نکاح یہودی سے ہو جائے۔ آپ نے فرمایا سبحان اللہ! تمہیں اپنی لڑکی یہودی کے گھر برداشت نہیں اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی دو لڑکیاں یہودی کے حوالے کر دو۔ یہ بات سُن کر وہ شخص فوراً سمجھ گیا اور اپنی بات سے تائب ہو گیا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

اندھے کو بصارت دلوانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کہیں جا رہے تھے کہ ایک اندھے

Marfat.com
Marfat.com

کو دیکھ کر فرمایا کہ عبداللہ بن مبارک آرہے ہیں جو چاہتا ہے مانگ اس نے عرض کیا کہ دعا کر کہ اللہ تعالیٰ مجھے بصارت عطا کرے۔ آپ نے دُعا کی تو فوراً اُسے بصارت مل گئی۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نُورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نُور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

امام شافعی کا دریائے دجلہ پر جائے نماز بچھانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ خلیفہ کے دربار میں روم سے ہر سال خراج آیا کرتا تھا۔ ایک د
قیصر روم نے مال کے ساتھ کچھ اپنی قوم کے مذہبی عالموں کو بھیجا اور پیغام دیا کہ تم مسلمانوں سے
بحث کرو۔ اگر مسلمان غالب آئے تو خراج بھیج دیا جائے گا اور اگر تم غالب آگئے تو مال خرا
بند کر دیا جائے گا۔ چنانچہ حسب خواہش قیصر روم خلیفہ نے تمام علماء کو جمع کیا۔ سب نے بالاتفا
کہا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بحث کریں گے پھر خلیفہ کے حکم سے سب لوگ دریائے دجلہ
کے کنارے جمع ہوئے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنا جائے نماز پانی کے اُوپر یعنی دریا
کے درمیان بچھا دیا اور بیٹھ گئے اور کہا کہ جس شخص کو بحث کرنا ہو وہ میرے پاس آجائے
یہ حال دیکھ کر وہ سب کے سب مسلمان ہو گئے۔ جب قیصر کو اس بات کا علم ہُوا تو کہنے لگا
کہ شکر ہے کہ وہ شخص روم میں نہیں آیا ورنہ سب لوگ اسلام قبول کر لیتے۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے
مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت
بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ
چوں محمّد درمیانِ انبیا
ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

عارِف کی مختلف حالتیں

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ جب عارِف چپ ہو جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے بات کرے جب عارف آنکھوں کو بند کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آنکھیں کھولنے پر دیدارِ الٰہی کا جلوہ دیکھے اور جب عارف سر بہ زانو ہوتا ہے تو اس کی یہ تمنا ہوتی ہے کہ اسرافیل علیہ السّلام کے صُور پھونکنے تک سَر کو نہ اُٹھائے کیونکہ ذاتِ اللہ العٰلمین سے اس کی اُمّیدیں وابستہ ہوتی ہیں۔

خانہ کعبہ کا طواف کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ مدّت تک میں طوافِ کعبہ کرتا رہا لیکن جب خدا تک پہنچ گیا تو کعبۃ اللہ میرا طواف کرنے لگا۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور برے آدمی کی صحبت تجھے برا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

توشۂ آخرت اکٹھا کرنا کیسا ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت قدسیہ میں حاضر ہو کر کچھ وصیت کے لیے درخواست کرنے لگا جس پر آپ نے فرمایا کہ:

اوّل یہ کہ دنیا کے لیے صرف اتنی کوشش کر جو دنیا میں رہنے تک کام آئے

دوم یہ کہ آخرت کے لیے اس قدر کوشش کر کہ جو آخرت میں ہمیشہ رہنے تک کام آئے۔

سوم یہ کہ دنیا میں سلامتیٔ ایمان کی کوشش کر جیسے کہ دنیا کے لوگ دنیا کی حفاظت کی کوشش کیا کرتے ہیں۔

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے
نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے
یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

Marfat.com
Marfat.com

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است　　دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است

درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے　　ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا　　ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما

خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

خادم مخدوم بن جاتا ہے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے قوم! تم خدا کی اطاعت کرو تاکہ تمہاری اطاعت کی جائے خدمت کرو تاکہ تمہاری خدمت کی جائے۔ قضاء و قدر کی پیروی کر کے اس کے خادم بن جاؤ۔ تم ان کے سامنے جھک جاؤ تاکہ وہ تمہارے سامنے جھکیں۔ کیا تم نے نہیں سُنا جیسی کرنی ویسی بھرنی، جیسے تم ہو گے ویسا ہی تم پر حاکم مقرر کیا جائے گا۔ تمہارے عمل تمہارے حاکم ہیں۔ اللہ تعالیٰ بندوں کے واسطے ظالم نہیں۔ تھوڑے عمل پر وہ بہت اجر عطا کرتا ہے۔ وہ صحیح کا فاسد اور سچے کا جھوٹا نام تجویز نہیں کرتا۔"

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی　　نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی

اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے　　تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ　　یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا

کامل پیر اللہ کا سایہ ہے　　یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

Marfat.com
Marfat.com

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

نماز کی ادائیگی کیسے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر دریافت کرنے لگا کہ آپ نماز کس طرح ادا فرماتے ہیں۔ آپ نے فرمایا:

جب نماز کا وقت آتا ہے تو پانی سے ظاہر کا وضو اور توبہ سے باطن کا وضو کرتا ہوں
پھر مسجد سے جا کر مسجد الحرام کا مشاہدہ کرتا ہوں۔
مقام ابراہیم کو نوابروں کے درمیان تصوّر کرتا ہوں۔
بہشت کو دائیں ہاتھ اور دوزخ کو بائیں ہاتھ دیکھتا ہوں۔
پُل صراط کو زیرِ قدم سمجھتا ہوں۔ اور ملک الموت کو پشت پر۔
پھر خدا کے سپرد کر کے تعظیم کے ساتھ۔ حرمت سے قیام۔ ہیبت سے قرأت۔ تواضع سے رکوع۔ تضرع سے سجدہ۔ حکم سے تعوذ اور شکر سے سلام کرتا ہوں۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو
سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا — چوں محمدؐ درمیانِ انبیا

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

بایزید ہمارا دوست ہے

جب حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو دفن کیا گیا تو حضرت احمد خضرویہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی بیوی آپ کی زیارت کے لیے آئی اور زیارت سے فارغ ہو کر پوچھا کہ کیا تم جانتے ہو بایزید کون تھا۔ لوگوں نے کہا آپ بہتر جانتی ہیں۔ فرمایا کہ میں ایک رات خانہ کعبہ کا طواف کر رہی تھی۔ ایک گھڑی آرام کے بعد آنکھ لگ گئی تو کیا دیکھا کہ مجھے آسمان پر لے گئے ہیں۔ عرش کے نیچے ایک بے پایاں جنگل دیکھا جس میں ہر درخت کے پتے پر بایزید ہمارا دوست لکھا ہوا دیکھا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود

اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند — صحبتِ طالع ترا طالع کند

نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی — اور برے آدمی کی صحبت تجھے برا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است — ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے — اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است — دل تجلّی جلیل اکبر است

کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے — دل اللہ تعالیٰ کی تجلی گاہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

مَعرفت کا پہلا قدم

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فخر کہ میں تیس سال تک بارگاہِ الٰہ العٰلمین میں عرض پرداز رہا کہ اے میرے پروردگار تو ایسا کر۔ ایسا کر۔ مگر جب معرفت کے پہلے قدم پر پہنچا تو میں نے کہا کہ ابھی تُو میرا ابن اور جس طرح چاہے کر۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

ایک ولی اللہ کا پانی پر چلنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عتبہ بن الغلام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دریا کے کنارے کنارے کہیں جا رہے تھے کہ یکایک پانی کے اُوپر چلنے لگے۔ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ جو آپ کے اُستاد بھی تھے ساتھ تھے۔ آپ کو پانی کے اُوپر چلتے دیکھ کر پوچھا کہ یہ مقام کیسے حاصل کیا۔ آپ نے جواب دیا کہ تم وہ کرتے ہو جس کا حکم دیا جاتا ہے اور میں وہ کرتا ہوں جو وہ چاہتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی
صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے
ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے
دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

عارف کے لیے معرفتِ الٰہی کا سہل ہو جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کچھ لوگوں نے حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا کہ کیا آپ نے کبھی کوئی عجب بات دیکھی یا سُنی ہے۔ فرمایا کہ ہاں۔ ایک دفعہ ایک پادری کو دیکھا جو ریاضت کے سبب کمزور ہو گیا تھا۔ میں نے اُس سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کی کس قدر راہیں ہیں اور وہ کیسی ہیں۔ پادری نے جواب دیا کہ اگر تو اِسے جان لے تو اس تک پہنچنے کے راستے بھی تمھیں معلوم ہو جائیں۔ میں تو بغیر دیکھے اس کی عبادت کرتا ہوں جو اسے پہچان لیتا ہے گنہ گار ہو جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ معرفت خوف کی مقتضی ہے لیکن تیرے دل میں خوف نہیں ہے اور کفر و جہالت کا مقتضی ہے۔ اُس نے محض خوف کے باعث اپنے آپ کو نحیف کر لیا ہُوا تھا۔ اس کی یہ بات میرے لیے ایک نصیحت ہو گئی اور بہت سی ناکرنے والی باتوں سے بچ گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

ہاتھ کا خشک ہو جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ محمد رازی نامی نے فرمایا کہ میں کئی سال تک حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں رہا لیکن میں نے صرف ایک مرتبہ آپ کو غصّے کی حالت میں دیکھا اور اُس دن غصّہ کی یہ بات تھی کہ بازار میں جاتے ہوئے ایک دکاندار نے آپ کے شاگرد کو پکڑ لیا اور کہا کہ تو نے میری فلاں چیز کھالی ہے اس کے دام دے دے۔ آپ نے یہ ماجرا دیکھ کر دکاندار سے کہا کہ بھائی اسے معاف کر دے۔ دکاندار نے کہا میں ہرگز اسے معاف نہیں کروں گا۔ اس بات پر آپ کو غصّہ آگیا اور اپنی چادر کندھے سے اُتار کر زمین پر پٹخ دی۔ اُسی وقت وہ چادر سیم وزر سے بھر گئی۔ آپ نے دکاندار سے فرمایا کہ جتنا تیرا حق ہے اس میں سے لے لے مگر خبردار زیادہ نہ لینا اگر زیادہ لے گا تو ہاتھ خشک ہو جائے گا۔ دکاندار نے اپنے حق کے مطابق اُٹھا لیا لیکن پھر وہ لالچ کی وجہ سے جو دوبارہ ہاتھ بڑھایا تو ہاتھ خشک ہو گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

قبر کھود کر محراب میں نماز ادا کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک کا ایک غلام تھا جس پر کسی نے کفن چور ہونے کا الزام لگایا اور آپ کے کان میں بھی یہ بات ڈالی گئی۔ یہ سُن کر آپ بہت غمگین ہوئے لیکن جب تک اپنی آنکھوں سے اسے کفن چُراتے نہ دیکھ لیں کچھ نہیں کہہ سکتے تھے۔ ایک دن آپ غلام کے پیچھے اس طرح ہو لیے کہ اسے اس کی خبر نہ ہو سکے۔ قبرستان میں گئے دیکھا کہ آپ کے غلام نے ایک قبر کھودی جس میں ایک محراب نمودار ہوئی۔ غلام اُس قبر میں نماز کے لیے کھڑا ہو گیا تو آپ نے بڑھ کر دیکھا کہ غلام ٹاٹ کی دری گلے میں گودڑی ڈالے سربسجود ہو کر زار و قطار رو رہا ہے۔ آپ یہ دیکھ کر پیچھے ہٹ گئے۔ غلام صبح تک وہیں روتا رہا۔ پھر غلام نے قبر کو بدستور بند کر دیا اور مسجد کی طرف آ گیا۔ آپ بھی اس کے پیچھے پیچھے آ گئے۔ غلام نے نماز ادا کرنے کے بعد بارگاہِ خداوندی میں دُعا مانگی۔ الٰہی! اَب دن چڑھ آیا ہے میرا آقا مجھ سے دام طلب کرے گا تو ہی مجھ جیسے ناکارے کی عزّت کا محافظ ہے۔ معًا ایک چاندی کا

Marfat.com
Marfat.com

دام غلام کے ہاتھ میں آپڑا۔ یہ حالت دیکھ کر آپ بیتاب ہو گئے۔ فوراً تڑپ کر غلام کو بغل میں لے کر پیار کیا اور کہا کہ ایسے غلام پہ آقا کی ہزار جانیں قربان ہوں کاش کہ تو آقا ہوتا اور میں غلام ہوتا۔ یہ حالت دیکھ کر آپ کے غلام نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ الٰہی! اب میرا راز ظاہر ہو گیا۔ اب دنیا میں میرا زندہ رہنا مناسب نہیں۔ تجھے اپنی عزت کی قسم مجھے رُسوا نہ کرنا۔ ابھی دُعا ختم نہ ہونے پائی تھی کہ غلام کی رُوح پرواز کر گئی۔ آپ بہت غم ناک ہوئے مجبوراً غلام کو اُسی ٹاٹ میں لپیٹ کر دفن کر دیا۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اور حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور فرمایا عبداللہ تو نے ہمارے دوست کو ٹاٹ میں کیوں دفن کیا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

کائنات کو ترک کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ عارف کا ادنیٰ ترین فرض یہ ہے کہ جملہ ماسوا سے بیزار ہو جائے اور اگر اس کی دوستی میں کائنات کو بھی ترک کرنا پڑے تو اس کی بھی پرواہ نہ کرے۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

دوست داری سے فراغت

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ دوستانِ الٰہی کے دل میں کبھی بہشت کا خیال تک نہیں آنے پاتا۔ باوجودیکہ اہلِ محبّت محض محبّت کی وجہ سے مجبور ہیں۔ پھر بھی وہ ان لوگوں کا سا کام کرتے ہیں جو سوئے ہوئے ہوں یا جاگتے۔ مطلوب کے طالب نہیں اور دوست داری کی طلب سے قطعی فارغ ہیں اور مشاہدۂ حق کے مطلوب ہیں کیونکہ عاشق کے لیے عشق کا دیکھنا گناہ ہے اور مطلوب کے مقابلے میں طلب گاری کا خیال سرکشی کے مترادف ہے۔

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

یک زمانہ صحبتِ با اولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

ولی کی ایک گھڑی کی صحبت — سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ — چوں محمدؐ درمیانِ انبیآ

اولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمد انبیاء کے درمیان

صوفی کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"صوفی وہ ہے جو کدورت سے صاف ہو اور تفکر سے پُر ہو اور خدائے عزوجل میں بشر سے منقطع ہو۔ اس کی آنکھوں میں خاک اور سونا یکساں ہو۔ اور تصوف کے معنی کم کھانا اور خدا سے آرام حاصل کرنا اور خلق سے بھاگنا ہے اور توکل رکھنا ہے۔"

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود — ایں سخن حق است باللہ می شود

اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے — خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند — صحبتِ طالع ترا طالع کند

نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی — اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است — ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے — اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است — دل تجلّی جلیل اکبر است

کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے — دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

Marfat.com
Marfat.com

ہر ایک کے فرض کے بارے میں پوچھا جائے گا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ:
"اے غلام! تو نے عمر کو علم کے لکھنے، اس کے یاد کرنے میں بغیر اس پر عمل کرنے کے ضائع کر دیا، یہ تجھے کیا فائدہ دے گا؟ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن انبیاؑ اور علماء سے فرمائے گا کہ تم مخلوق کے نگہبان تھے پس تم نے اپنی رعایا کے ساتھ کیا معاملہ کیا اور بادشاہوں اور امیروں سے فرمائے گا کہ تم میرے خزانوں کے خزانچی تھے آیا تم نے فقیروں کو ان کے حقوق پہنچائے اور کیا تم نے یتیموں کی پرورش کی اور خزانوں سے وہ میرا حق جو تم پر میں نے فرض کر دیا تھا تم نے نکالا؟

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

دُنیا آفتوں کا مجسمہ ہے؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث الثقلین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ عالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اے قوم! تم صبر کرو اس لیے دنیا سرتا پا آفتوں اور مصیبتوں کا مجسمہ ہے اور اس کے سوا دنیا سے کچھ شاذ و نادر ہی ہے۔ دنیا کی کوئی نعمت ایسی نہیں کہ جس کے پہلو میں مصیبت و غم نہ ہو۔ اس کی کوئی خوشی ایسی نہیں جس کے ساتھ رنج نہ ہو۔ اس کی کوئی فراخی ایسی نہیں جس کے ساتھ تنگی نہ ہو۔ دنیا کو پیٹھ دے کر شرع کے ہاتھوں دنیا سے اپنے حصہ تقدیری لیتے رہو۔ پس یہ تحقیق دنیا سے حصہ حاصل کرنے کا یہی علاج ہے۔"

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہوا ہوتا ہے

گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے

مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت

بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے ریا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ

چوں محمّد درمیانِ انبیا
ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

زاہد کی اقسام

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ زاہد چار چیزوں سے بنتا ہے:

اوّل یہ کہ کھانے میں۔
دوم یہ کہ لباس میں۔
سوم یہ کہ بھائیوں میں۔
چہارم یہ کہ دنیا میں۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

تقدیر کی موافقت کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوثِ اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ
"اے منافق! تجھ پر افسوس ہے کہ تو میرے اس شہر سے نکل جانے کی

Marfat.com
Marfat.com

آرزو کرتا ہے۔ اگر میں حرکت کروں تو اَمر بدل جائے اور اعضاء جدا ہو جائیں اور بات بدل جائے۔ تمام تغیرات پیدا ہو جائیں لیکن میں عجلت سے اللہ تعالیٰ کے عذاب آنے سے ڈرتا ہوں۔ میں خود سے تیار نہیں ہوں بلکہ میرے اُوپر تقدیر کا پہنچنا ہے وہ ضرور پہنچے گی پس میں تقدیر کی موافقت کرنے والا ہوں۔ الٰہی تو سلامتی اور توفیق عطا فرما۔

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نُورِ خُدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

علاماتِ توکل تین ہیں

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت سہیل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ توکل کی تین مندرجہ ذیل علامات ہیں:

اوّل یہ کہ متوکل کسی سے سوال نہ کرے۔
دوم یہ کہ جب ملے تو اُسے قبول نہ کرے۔
سوم یہ کہ اگر قبول کرے تو اُسے خرچ کر دے۔

Marfat.com
Marfat.com

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے
مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت
بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا
اَولیاء کے دَرمیان غوثِ اعظم کا مَرتبہ
چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَیسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

قرآن کو مخلوق نہ کہنے کا صلہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ محمد بن خزیمہ نامی نے فرمایا کہ حضرت امام احمد حنبل کے وصال کے بعد مَیں نے آپ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ الٰہ العالمین نے آپ کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔ فرمایا میری مغفرت فرما کر میرے سر پر تاج رکھ کر فرمایا جاؤ جنّت میں چلے جاؤ کیونکہ ہر طرح تکالیف برداشت کیں مگر قرآن کو مخلوق نہ کہا۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے
ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وُہ اللہ ہو جاتا ہے

صُحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صُحبت تجھے نیک کر دے گی
صُحبتِ طالع ترا طالع کند
اَور بُرے آدمی کی صُحبت تجھے بُرا کر دے گی

Marfat.com
Marfat.com

دِل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دِلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اِس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دِل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دِل تجلّی جلیل اکبر است
دِل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

اَولیاء اللہ کی پہچان

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ جسے دوست بنا لیتا ہے اُسے تین خصلتوں سے نوازتا ہے :

۱۔ دریا کی مانند سخی ہو جاتا ہے۔

۲۔ زمین جیسی عاجزی اور تواضع کرتا ہے۔

۳۔ آفتاب کی طرح مشفق ہو جاتا ہے۔

نورِ حق ظاہر بود اندر وَلی
اللہ کا نُور وَلی کے اندر ظاہر ہوتا ہے

نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
تُو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صُورتِ ظلِّ اِلٰہ
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے

یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے

دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خُدا
ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

Marfat.com
Marfat.com

اُمّتِ محمّدیہ کا زاہد تکلّف سے بَری ہے

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ:

"میرے نانا جان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اور میری اُمت کے متقی تکلف سے بَری ہیں۔ متقی عبادتِ الٰہی میں تکلف نہیں کرتا کیونکہ عبادت تو ان کی طبیعت ہو جاتی ہے۔ متقی اللہ کی عبادت بغیر تکلّف کے ظاہر و باطن دونوں سے کرتا ہے لیکن منافق ہر حالت میں تکلیف ہی کرتا ہے اور خصوصًا اللہ تعالیٰ کی عبادت میں وہ عبادت کو ظاہر میں بہ تکلف ادا کرتا ہے اور باطن میں اسے چھوڑتا ہے وہ متقیوں کے مقام میں داخل ہونے کی قدرت نہیں رکھتے۔ ہر جگہ کے لیے ایک خاص گفتگو ہے اور ہر عمل کے لیے مخصوص مرد۔ لڑائی کے قابل وہی آدمی ہیں جو اس کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔"

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود — گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود
اُس کا کہا ہوا اللہ کا کہا ہُوا ہوتا ہے — اگرچہ عبداللہ کا کہا ہُوا ہو

سایۂ یزداں بود بندہ خدا — مُردہ ایں عالم و زندہ خُدا
اللہ کا بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے — اللہ زندہ ہے اور سارا جہان مُردہ ہے

یک زمانہ صُحبتِ با اَولیا — بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا
وَلی کی ایک گھڑی کی صُحبت — سو سال کی بے رِیا فرمانبرداری سے بہتر ہے

غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا — چوں محمّد درمیانِ انبیا
اَولیاء کے درمیان غوثِ اعظم کا مرتبہ — ایسا ہے جیسا کہ محمّد انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

امام کی تعظیم کے صدقہ میں نجات کا حصول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دریائے دجلہ کے کنارے وضو کر رہے تھے کہ ایک اور آدمی بھی آپ کے اُوپر کی طرف وضو کر رہا تھا۔ اس نے آپ کو نیچے کی طرف وضو کرتے ہوئے دیکھا تو تعظیم کے خیال سے اُٹھ کر نیچے کی طرف چلا گیا۔ کسی شخص نے اُسے وفات کے بعد خواب میں دیکھ کر پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا اس نے کہا کہ وضو کرنے میں امام کی تعظیم کرنے کے میری نجات ہو گئی۔

اللہ اللہ گفتہ اللہ می شود
اللہ اللہ کہتے بندہ اللہ ہو جاتا ہے

ایں سخن حق است باللہ می شود
خدا کی قسم یہ بات صحیح ہے کہ وہ اللہ ہو جاتا ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
نیک آدمی کی صحبت تجھے نیک کر دے گی

صحبتِ طالع ترا طالع کند
اور بُرے آدمی کی صحبت تجھے بُرا کر دے گی

دل بدست آور کہ حج اکبر است
دُوسروں کی دلداری کر کہ یہ حج اکبر ہے

ایں ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است
اس لیے کہ ہزاروں کعبوں سے ایک دل بہتر ہے

کعبہ تعمیر خلیل اطہر است
کعبہ ابراہیم (خلیل اللہ) کا تعمیر کردہ ہے

دل تجلّی جلیل اکبر است
دل اللہ تعالےٰ کی تجلّی گاہ ہے

بعد از وفات انعام و اکرام کا حصول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ جن کا نام رفیع بن سلیمان تھا، نے کہا کہ میں نے امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو بعد از وصال خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ ذاتِ باری تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کونسا سلوک کیا۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کرسی پر بٹھا کر زر و جواہر نثار کیے اور چند دینار کے بدلے میں ستر ہزار دینار دے کر رحمت فرمائی۔

Marfat.com
Marfat.com

نورِ حق ظاہر بود اندر ولی — نیک بیں باشی اگر اہلِ دلی
اللہ کا نور ولی کے اندر ظاہر ہوتا ہے — تو اگر اہلِ دل ہے تو نیک بن کے بیٹھ

پیرِ کامل صورتِ ظلِّ الٰہ — یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا
کامل پیر اللہ کا سایہ ہے — یعنی پیر کا دیدار اللہ کا دیدار ہے

حُبِّ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است
درویشوں کی محبت جنت کی چابی ہے — ان کے دشمن کی سزا لعنت ہے

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا — ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را راہنما
خزانہ بخشنے والے عالم کو فیض پہنچانے والے اور اللہ کے نور کو ظاہر کرنے والے، ناقصوں کے کامل پیر اور کاملوں کو راستہ دکھانے والے

عارف کی نشانی

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

نعمتِ دنیا اور قربِ الٰہی میں فرق

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا نے سات دن اور رات تک روزہ افطار نہ کیا اور نہ ہی سوئیں۔ ساتویں دن بھوک نے غلبہ کیا۔ نفس نے کہا کہ تو مجھے کب تک مصائب میں مبتلا رکھے گی۔ اتنے میں ایک شخص نے آکر آواز دی اور کھانا دے گیا۔ آپ نے لے کر رکھ لیا اور چراغ روشن کرنے لگی۔ اتنے میں ایک بلّی نے آکر کھانا گرا دیا۔ پھر آپ نے پانی کا کوزہ لا کر روزہ افطار کرنا چاہا مگر جب پانی لے کر آئیں تو چراغ گل ہو گیا۔ اُسی وقت آپ نے پانی پینا چاہا لیکن کوزہ گر کر ٹوٹ گیا۔ آپ نے افسردہ ہو کر کہا الٰہی یہ کیا راز ہے۔ پھر آپ نے غیب سے آواز سُنی کہ رابعہ اگر تو چاہتی ہے کہ دنیا کی نعمت تم پر وقف کر دوں۔ تو اپنا غم تیرے دل سے واپس لے لوں گا۔ کیونکہ میرا غم اور

Marfat.com
Marfat.com

دنیا کی نعمت ایک دل میں جمع ہونا ناممکن ہے۔ رابعہ تیری بھی مراد ہے اور میری بھی ایک مراد ہے۔ دونوں مرادیں اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔ آپ نے جب یہ آواز سُنی تو فرمایا کہ میں نے دل کو دنیا سے بالکل ہی قطع کر دیا اور اُمید کو مختصر کر دیا اور میں سمجھی کہ یہ میری آخری نماز ہے اور خلقت سے اس طرح قطع تعلق کر لیا کہ جب دن ہوتا ہے تو اس خوف سے کہ مبادا دنیا مجھے اپنے میں مشغول کر لے دُعا گو ہوں کہ الٰہی مجھے اپنے ذکر میں مشغول رکھ تاکہ کوئی مجھے تیرے شغل سے باز نہ رکھ سکے۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد در میانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے۔ — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

حضرت رابعہ بصری اور دیدار الٰہی

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا سے لوگوں نے دریافت کیا کہ جس کی آپ عبادت کرتی ہیں کیا اُسے کبھی دیکھا بھی ہے۔ فرمایا اگر نہ دیکھتی تو اس کی عبادت کیسے کرتی۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

حضرت ابراہیم ادہم اور حضرت خضر کا مکالمہ

حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بلخ کے بڑے عظیم الشان شہنشاہ تھے اور بڑی شان و شوکت سے حکومت کرتے تھے۔ ایک رات آپ اپنے محل میں سوئے ہوئے تھے کہ آدھی رات کے وقت آپ اچانک نیند سے بیدار ہو گئے۔ معلوم ہوا کہ ایک آدمی چھت پر ٹہل رہا ہے۔ پوچھا کون ہے اور یہاں اس وقت کیا کرتا ہے۔ اُس نے کہا کہ میں آپ کا دوست ہوں یہاں پر میرا اُونٹ گم ہو چکا ہے اُسے تلاش کر رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ شاہی محلات کی چھتوں پر اُونٹ آجائیں اُس آدمی نے جواب دیا بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جامہ اطلس پہن کر عیش و عشرت میں خدا مل جائے۔ یہ جواب سُن کر آپ کے دل میں ایک خوف سا پیدا ہو گیا۔ دوسرے دن پھر آپ دربار عام میں بڑی شان و شوکت کے ساتھ تخت پر تشریف فرما تھے کہ یکایک ایک بارعب آدمی اندر داخل ہُوا۔ امیروں، وزیروں اور غلاموں میں سے کسی میں یہ جرأت

Marfat.com
Marfat.com

پیدا نہ ہوئی کہ اس طرح اندر آنے کی وجہ دریافت کی جائے۔ وہ شخص تیز رفتاری سے آپ کے تخت تک پہنچ گیا۔ آپ نے نہایت تعجب سے پوچھا کہ تو کون ہے اور یہاں کس لیے آیا ہے۔ اس شخص نے کہا کہ میں اس سرائے میں ذرا ٹھہرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا یہ سرائے نہیں ہے شاہی محل اور دربار ہے۔ وہ شخص کہنے لگا کہ آپ سے پہلے اس محل میں کون رہتا تھا۔ فرمایا میرا باپ۔ پھر کہا کہ اس سے پہلے کون تھا فرمایا میرا دادا۔ اسی طرح کئی پشتوں تک پہنچ کر اس نے پوچھا کہ آپ کے بعد یہاں کون رہے گا۔ فرمایا میری اولاد۔ پھر اُس شخص نے کہا کہ ذرا خیال کرو جس مکان میں اتنے آدمی آئیں اور چاہیں لیکن مستقل کوئی بھی نہ رہ سکے تو یہ مقام سرا نہیں تو اور کیا ہے یہ کہہ کر وہ باہر آگیا لیکن آپ کے دل میں رات کے واقعہ سے ایک آگ سی لگی ہوئی تھی۔ اس معاملہ نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔ آپ تنہا اس کے پیچھے دوڑے اور اسے پکڑ کر پوچھا کہ تم کون ہو؟ وہ شخص بولا کہ میں خضر ہوں۔ یہ سنتے ہی آپ کا درد اور بڑھ گیا۔ پھر محلات میں واپس آکر لیٹ گئے مگر آرام میسر نہ تھا۔ آخر اسی حالت میں باہر کی ہوا لینے کے لیے گھوڑے پر سوار ہو کر چلے گئے اور ساتھی اللہ کی حکمت کہ راستے ہی سے جُدا ہو گئے۔ ہاتف غیبی سے ندا ہوئی کہ اے ابراہیم اُس وقت سے پہلے جاگو جبکہ تمھیں موت کے ذریعے جگایا جائے گا۔ پھر ایک ہرن کو دیکھ کر آپ نے شکار کرنا چاہا مگر حکمت الٰہی سے ہرن بولا کہ تم مجھے شکار نہیں کر سکتے بلکہ خود شکار ہو جاؤ گے کیا تمھارے لیے کوئی اور مشغلہ نہیں ہے۔ یہ باتیں سن کر آپ کے دل میں خوف خداوندی اس قدر طاری ہوا کہ قدرتِ الٰہی سے آپ کی باطنی آنکھ بھی روشن ہو گئی اور برکاتِ الٰہی کا نزول ہونے لگا۔ آپ نے پھر شہنشاہیت کو چھوڑ کر فقیرانہ لباس بدل کر شہر سے باہر جنگل کی راہ لی۔

بادشاہی چھوڑ کر اور جامۂ فقر زیبِ تن فرما کر جنگلوں اور صحراؤں سے گزرتے ہوئے آپ نیشاپور پہنچ گئے۔ وہ ایک غار جو نہایت خطرناک تھی اس میں عرصہ نو برس ریاضت

Marfat.com
Marfat.com

میں مشغول رہے۔ ہر جمعہ کے دن غار سے باہر تشریف لاتے۔ لکڑیاں جنگل سے کر کے نیشاپور میں فروخت کر کے آدھی رقم فی سبیل تقسیم کر دیتے اور آدھی رقم اپنے تصرف میں لاتے۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از خاکِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

جانوروں کا بھاگ جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا پہاڑ پر تشریف لے گئیں تو ہرن اور دوسرے جنگلی جانور وغیرہ آپ کے اردگرد جمع ہو گئے۔ اتنے میں حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بھی اس طرف آ نکلے۔ چنانچہ انہیں دیکھتے ہی سب کے سب جانور بھاگ گئے۔ آپ بہت حیران ہوئے اور وجہ پوچھی۔ حضرت رابعہ نے کہا کہ آپ نے آج کیا کھایا تھا۔ جواب دیا کہ آہو کی چربی۔ فرمایا جب تم نے اُن کی چربی کھائی تو وہ تم سے کیوں نہ بھاگتے

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

بزرگانِ حرم کا استقبال کرنا

حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مسلسل چالیس سال تک صحرانوردی میں آہ وزاری کرتے رہے یہاں تک کہ مکّہ مکرمہ پہنچے۔ آپ کی آمد کی خبر بزرگان حرم کو بھی کسی ذریعہ سے ہوگئی۔ وہ سب لوگ آپ کے استقبال کے لیے آئے۔ جب کو اس بات کا علم ہُوا تو آپ نے اپنے آپ کو قافلے سے ذرا آگے بڑھا لیا اور ان سے علیٰحدہ ہوگئے "تا کہ آپ کو کوئی پہچان نہ سکے۔ بزرگانِ حرم کے خدمت گاروں نے جو آگے آگے تھے۔ آپ سے پوچھا کہ ابراہیم ادہم نزدیک ہی ہیں کیونکہ بزرگانِ حرم ان کے استقبال کے لیے تشریف لائے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ بزرگ لوگ اس زندیق سے کیا چاہتے ہیں۔ یہ سُن کر اُن لوگوں نے آپ کو پیٹا اور کہا کہ تو ایسے بزرگ کو زندیق کہتا ہے زندیق تو تُو خود ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میں بھی تو یہی کہتا ہوں۔ جب وہ لوگ آپ کے پاس سے گزر گئے تو آپ نے اپنے

Marfat.com
Marfat.com

نفس کو مخاطب کیا اور کہا کہ تو نے اپنے کیے کی سزا پالی۔ خدا کا شکر ہے کہ میں نے تجھے اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا۔ اور تو مشائخین حرم لطف نہ اُٹھا سکا۔ پھر آپ حرم شریف میں مقیم ہو گئے۔ آپ ہمیشہ اپنی محنت سے کما کر اپنا اور اپنے یاروں کا پیٹ پالتے رہے۔ کبھی آپ کھیتوں کی رکھوالی کرتے اور کبھی جنگل سے جا کر لکڑیاں کاٹ لاتے اور فروخت کر کے گزر اوقات کرتے تھے۔

اَولیآ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں مُحمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

کشتی کا غرق ہونے سے بچ جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ ایک کشتی میں سوار تھے۔ دیکھتے ہی دیکھتے ایک زبردست لہر کشتی کی طرف آئی۔ آپ نے فوراً قرآن کریم اٹھا کر سامنے کیا اور کہا الٰہی کیا تو ایسی حالت میں ہمیں غرق کرے گا جب تیرا کلام پاک ہمارے درمیان ہے۔ اُسی وقت وہ لہر اور دریا کا جوش مدہم پڑ گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

اُمّت کے لیے بخشش کی دعا

ایک دفعہ کا ذکر ہے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا کہ میری اُمت میں ایک ایسا مرد ہے جس کی سفارش سے اللہ تعالیٰ میری اُمت کے اس قدر گنہگاروں کو قیامت کے دن بخش دے گا جس قدر قبیلۂ ربیع و مضر کی بھیڑوں کے بال ہیں۔ آپ کے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ کون شخص ہے اور کہاں رہتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اویس اس کا نام ہے قرن میں جو علاقہ یمن میں رہتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے اسے باطنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ صحابہ نے بارگاہِ نبوی میں عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کا کوئی ایسا دوست بھی ہے جو آپ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوتا آپ نے فرمایا ہاں اویس۔ وہ کیونکر۔ فرمایا وہ اس لیے کہ غلبۂ حال اور تعظیم شریعت اس کی والدہ ضعیفہ، نابینی اور مومنہ ہے۔ وہ شتر بانی کر کے اس کی خدمت بجا لاتا ہے۔ پھر سوال کیا کہ کیا ہم اس کی زیارت کر سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں

Marfat.com
Marfat.com

البتہ عمر بن خطاب اور علی بن ابی طالب انھیں دیکھیں گے۔ اس کے بائیں ہا
پہلو پر ورم کے برابر ایک سفید داغ ہے لیکن وہ برص کا داغ نہیں۔ جب
اس سے ملو تو میرا اسلام کہنا اور میری اُمت کے حق میں دعا کے لیے التماس کرنا

اَولیآ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک عورت اور حضرت حسن بصری

ایک دفعہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک عورت کو دیکھا جو
منہ اور ننگے سر غصہ میں بھری ہوئی شوہر کی شکایت لے کر میرے پاس آئی۔
نے اس عورت سے کہا کہ اپنا سر اور منہ ڈھانپ لو۔ عورت نے جواب دیا کہ
ایک مخلوق کی محبت میں اس قدر سرشار ہوں کہ مجھے اپنے تن بدن کی بھی ہوش
نہیں۔ یا حضرت اگر آپ نہ بتاتے تو مجھے برہنگی کا علم نہ ہوتا اور میں اسی طرح
بازار چلی جاتی مگر تعجب ہے کہ باوجودیکہ آپ خالق کی دوستی کا دعویٰ کرتے
ہیں آپ نے مجھے ننگے منہ اور ننگے سر کس طرح دیکھ لیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

بارگاہِ الٰہی سے کپڑوں کا حصول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکیلے ہی کہیں جا رہے تھے اور زبان پر ذکر الٰہی بھی جاری تھا۔ کوئی دل جلا آدمی بھی آپ کے پیچھے پیچھے چلا آ رہا تھا وہ بھی ذکر الٰہی میں کر رہا تھا۔ آپ نے بارگاہِ الٰہ العالمین میں عرض کی کہ یا اللہ میرے پاس کپڑے نہیں ہیں۔ چنانچہ فوری طور پر بارگاہِ خداوندی میں آپ کی دُعا مقبول ہوئی اور کپڑوں کا جوڑا عنایت ہُوا۔ جنھیں آپ نے پہن لیا۔ اُسی وقت وہ دِل جا جو آپ کے پیچھے پیچھے چلا آ رہا تھا سامنے آ کر کہنے لگا کہ میں بھی آپ کے ساتھ ذکرِ الٰہی میں شامل تھا اس لیے آپ اپنے پُرانے کپڑے مجھے دے دیں۔ آپ نے فوراً اُسے اپنے پرانے کپڑے دے دیئے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِرا

اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہ

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے

ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ

جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ

وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

خاندان نبوت کی سخاوت

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک دن کسی شخص کی روپوں کی تھیلی گم ہو گئی۔ اس
حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آکر کہا کہ آپ نے ہی میری روپوں کی
گم کی ہے۔ آپ نے اس سے پوچھا کہ تمہاری تھیلی میں کتنے روپے تھے۔ اس نے
میری تھیلی میں ایک ہزار روپیہ تھا۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس شخ
کو اپنے گھر لے گئے اور دو ہزار روپے اُسے دے دیئے۔ جب وہ شخص اپنے گھر وا
آیا تو اُسے اس کی گم شدہ تھیلی مل گئی۔ اس نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر معذرت
طلب کی اور دو ہزار روپیہ واپس کرنا چاہا۔ آپ نے فرمایا ہم دی ہوئی چیز واپس
نہیں لیتے۔ اس شخص نے لوگوں سے آپ کے متعلق دریافت کیا۔ جب لوگوں نے
آپ کا تعارف کرایا تو وہ شخص بہت شرمسار ہوا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ظُلم کا انسداد کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہو کر عرض پرداز ہوا کہ اے شیخ میں اپنی ذات پر بہت ظلم کر چکا ہوں۔ مجھے کچھ نصیحت فرمائیں جس پر میں عمل کروں اور راہِ نجات حاصل کر سکوں۔ آپ نے فرمایا اگر تم قبول کرو تو میں تمھیں چھ باتیں بتاؤں اگر تم نے ان پر عمل کیا تو تجھے کسی قسم کا بھی نقصان نہیں پہنچے گا:

اوّل یہ کہ جب اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرو اور گناہ کا کام سرزد ہو تو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی روزی مت کھاؤ۔

اس نے کہا کہ پھر کہاں سے کھاؤں

فرمایا کہ:

یہ تیرے لیے زیبا نہیں کہ تو اس کا دیا ہوا رزق کھا کر اس کی نافرمانی کرے۔

Marfat.com
Marfat.com

دوم یہ کہ جب گناہ یا نافرمانی کرنے کا ارادہ ہو تو اس کے ملک یا بادشاہت سے باہر نکل کر گناہ کرو۔

اس نے کہا کہ ساری کائنات تو اُسی کی ہے کوئی کہاں جائے

فرمایا کہ:

یہ کہاں مناسب ہے کہ اس کے ملک میں رہ کر اس کی نافرمانی کی جائے۔

سوم یہ کہ گناہ ایسی جگہ کیا جائے جہاں وہ دیکھ نہ سکے۔

عرض کیا یہ ناممکن ہے وہ تو دلوں کے بھیدوں سے بھی واقف ہے۔

فرمایا کہ:

"جب رزق اُس کا کھاؤ اور اس کے ملک میں رہو اور نافرمانی بھی اُسی کی کرو یہ کیسے ممکن ہے۔

چہارم یہ کہ جب موت کا فرشتہ آئے تو اس کو کہو کہ ذرا توبہ کرنے کی مہلت دے دے۔

عرض کیا یہ بھی ناممکن ہے وہ میرا کہنا نہیں مانے گا

فرمایا کہ:

جب یہ حالت ہے تو اُس کے آنے سے پہلے توبہ کر لینی چاہیئے۔

پنجم یہ کہ جب قبر میں منکر نکیر آئیں تو انھیں باہر نکال دے۔

کہا یہ بھی نہیں ہو سکتا۔

فرمایا کہ:

پھر ان کے سوالات کا جواب دینے کے لیے تیار ہو۔

ششم یہ کہ قیامت کے دن حساب کتاب ہو چکنے کے بعد جب گنہ گاروں کو دوزخ کی طرف بھیجا جائے گا تو دوزخ میں جانے سے انکار کر دینا۔

Marfat.com
Marfat.com

کہا یہ بھی ناممکن ہے؟
فرمایا کہ:
تُو پھر گناہ مت کر۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیا کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیِ پاک کا انبیاء کے درمیان

اہل قبور کا آپس میں جھگڑنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک قبرستان سے گزرے اور دیکھا کہ اہل قبور آپس میں جھگڑ رہے ہیں۔ آپ نے بارگاہِ الٰہی میں دُعا کی۔ الٰہی! مجھے ان کی حالت سے آگاہ فرما۔ ہاتف غیبی سے ندا آئی کہ انہیں سے دریافت کرلے۔ آپ نے اُن سے دریافت کیا۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ ایک ہفتہ ہوا کسی اللہ کے بندے نے اِدھر سے گزرتے ہوئے سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب ہمیں بخشا۔ وہ ثواب ہم آج سات دن سے آپس میں تقسیم کر رہے ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے چھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

والدہ کی اطاعت کا صلہ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک رات حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی والدہ محترمہ نے فرمایا۔ بیٹا! آدھا دروازہ کھول دو۔ یہ کہہ کر آپ محوِ خواب ہو گئیں۔ آپ حیران تھے کہ کونسا دروازہ دائیں طرف کا یا بائیں طرف کا کھولوں۔ اسی حیرانی میں تھے کہ والدہ محترمہ کی مرضی کے خلاف کوئی کام نہ کر بیٹھوں۔ دروازے ہی میں کھڑے کھڑے تمام رات گزر گئی۔ صبح کے وقت آپ نے دیکھا کہ جس چیز کی آپ کو تمنا تھی وہ دروازہ سے اندر داخل ہو گئی۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے چھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

هر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے
او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

اللہ کے نام کا اَدب کرنے سے ولایت کا حُصول

حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ تعالیٰ ایک روز حالتِ نشہ اور مستی کے عالم میں کہیں جا رہے تھے۔ اُسی حالت میں آپ کو ایک کاغذ کا ٹکڑا نظر پڑا جس پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھا ہوا تھا۔ آپ نے اس کاغذ کے ٹکڑے کو اُٹھا کر صاف کیا اور پھر عطر خرید کر معطر کیا اور ایسی جگہ رکھا جہاں بے اَدبی نہ ہو۔ اسی رات آپ نے خواب میں دیکھا کہ ایک بزرگ آدمی کو ذاتِ باری تعالیٰ سے حکم ہو رہا ہے کہ تم جا کر بشر حافی کو کہہ دو کہ تم نے ہمارے نام کی عزت کی اور اسے معطّر کر کے بلند جگہ پر رکھا ہم بھی اسی طرح پاک کر کے تمہیں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا کریں گے۔ یہ حکم باری تعالیٰ سُن کر وہ بزرگ بہت حیران ہُوا اور دل میں کہا کہ بشر حافی تو ایک فاسق و فاجر آدمی ہے یقیناً میرا خواب غلط ہے۔ وہ بزرگ وضو کر کے پھر محوِ خواب ہو گیا۔ پھر خواب میں وہی حکم ہُوا۔ لیکن پھر قوتِ مقصودہ کی غلطی سمجھ کر تیسری بار وضو کر کے پھر سو گیا۔ تو یہی خواب دیکھا۔ وہ بزرگ صبح اُٹھا اور مجبوراً آپ کے گھر کی طرف گیا اور دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ شراب خانے میں ہو گا۔ وہ بزرگ شراب خانے گیا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہُوا کہ آپ نشہ شراب میں بیہوش پڑے ہیں۔ بزرگ نے لوگوں سے کہا کہ تم اسے کہہ دو کہ میں اسے کچھ پیغام دینا چاہتا ہوں۔ لوگوں نے بڑی مشکل سے آپ کو سمجھایا تو آپ نے جواب دیا کہ پوچھو کس

Marfat.com
Marfat.com

شخص کا پیغام لایا ہے۔ اس بزرگ نے کہا کہ پیغام خداوندی لایا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا نام سن کر آپ زار و قطار رونے لگے اور دل میں خیال کیا کہ اللہ ہی جانے کیسا پیغام ہے۔ کیا معلوم کس قسم کا عذاب خداوندی نازل ہونے والا ہے۔ ڈر کی وجہ سے نشہ جاتا رہا۔ اور آپ نے اپنے گرداگرد سے لوگوں کو ہٹا دیا اور سچی توبہ کی اور پھر کبھی یہ راستہ نہ دیکھا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — **تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ**

اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — **بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے**

ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — **غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ**

جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — **چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ**

وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

توکل علی اللہ کیا ہے؟

حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک دن اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے جنگل کی طرف تشریف لے گئے۔ وہاں کئی دن آپ کو کچھ کھانے کو نہ ملا۔ اسی طرف آپ کا ایک دوست رہتا تھا۔ آپ نے خیال کیا کہ اگر دوست کی طرف گیا تو توکل باطل ہو جائے گا۔ چنانچہ دوست کے ہاں نہ گئے۔ آخر ایک مسجد میں پہنچے اور وہاں یہ پڑھنا شروع کیا تو کلت علی الحی الذی لایموت میں نے اس ذات باری پر توکل کیا جسے موت نہیں اور ہمیشہ زندہ ہے۔ غیب سے آواز آئی کہ ایسا شخص کس طرح متوکل ہو سکتا ہے جو خورد و نوش کے لیے دوستوں کے گھر جانے کا قصد کرتا ہے اور

Marfat.com
Marfat.com

کہتا ہے کہ میرا ربّ زندہ ہے اور جسے موت نہیں۔ وہ شخص متوکل ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرتا ہے۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیِّ پاک کا انبیاء کے درمیان

مخلوق سے حاجت روائی نہ کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا کی خادمہ ہانڈی پکا رہی تھی کہ خادمہ کو پیاز کی ضرورت پیش آئی۔ خادمہ نے آپ سے کہا کہ پیاز ہمسایہ کے گھر سے لے لیں۔ آپ نے خادمہ سے فرمایا کہ چالیس سال سے میں نے اپنے خالق سے عہد کر رکھا ہے کہ اُس کی مخلوق سے کچھ نہ طلب کروں گی پیاز نہیں ہے تو نہ سہی۔ اُسی وقت قدرت خداوندی سے ایک جانور اُڑتا ہوا آیا اور چھلی ہوئی پیاز ہانڈی میں ڈال دی۔ یہ دیکھ کر آپ نے فرمایا کہ مجھے فکر ہے کہ یہ پیاز ناجائز ہے۔ پھر آپ نے اس سالن سے روٹی ہی نہیں کھائی سوکھی روٹی کھالی۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ را ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جاتے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

گوشت کا خون بن جانا

حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ابتداً تونگر تھے بصرہ میں بہت بڑے ساہوکار تھے۔ سود لیتے تھے اور قرض خواہوں کی طرف روزانہ قرضے کے تقاضے کے لیے جایا کرتے تھے۔ اگر وہ سود نہ ادا کرتے تو آمد و رفت کا خرچ اُن سے طلب کرتے جس سے اپنا گزارہ کرتے۔ ایک دن آپ ایک مقروض کے ہاں تقاضا کے لیے گئے مگر وہ گھر پر موجود نہ تھا اس کی بیوی نے جواب دے دیا کہ میرا شوہر گھر میں نہیں ہے اور میرے پاس کچھ نہیں ہے کہ میں آپ کا قرض ادا کر سکوں البتہ آج ایک بکری ذبح کی تھی جس کی صرف گردن باقی ہے اگر تم چاہو تو لے سکتے ہو۔ چنانچہ آپ بکری کی گردن ہی لے کر اپنے گھر آ گئے اور بیوی سے کہا کہ یہ سود کے بدلے لی ہے اسے پکاؤ۔ آپ کی بیوی نے کہا کہ لکڑی اور روٹی نہیں ہے۔ یہ سن کر آپ نے کہا کہ اچھا میں جاتا ہوں اور سود کے طریق پر ہی روٹی اور لکڑی بھی لاتا ہوں۔ چنانچہ دوسرے مقروض لوگوں کی طرف گئے

Marfat.com
Marfat.com

ورکسی سے لکڑی اور کسی سے روٹی سود کے طور پر لے کر آ گئے۔ چنانچہ
پ کی بیوی نے وہ بکری کی گردن پکا کر جب کھانے کے لیے سالن نکالنے
گئی تو باہر سے کسی سوالی نے سوال کیا۔ آپ نے جواب دیا کہ چلے جاؤ تمہیں کچھ
نہیں مل سکتا جس قدر تجھے دیا جائے گا تو امیر ہو جائے گا اور ہم فقیر ہو جائیں گے
چنانچہ سائل نا اُمید ہو کر واپس چلا گیا اُس کے واپس چلے جانے کے بعد جب آپ
کی بیوی نے سالن نکالنے کے لیے ہانڈی میں چمچہ ڈالا تو اللہ کی قدرت سے وہ
گوشت خون کی صورت میں تبدیل ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس نے نہایت افسوس اور
حیرانی کے ساتھ شوہر کو مخاطب کر کے کہا کہ دیکھ تیری کنجوسی اور شوخی نے کیا رنگ
اختیار کیا۔ جب آپ نے ہانڈی کو دیکھا تو دل میں ایک آگ سی لگ گئی اور
اُسی وقت سچے دل سے تمام بُرائی سے تائب ہو گیا۔ دوسرے دن آپ نے
اپنے مقروض لوگوں کو بلایا اور اصل رقم وصول کر کے سود چھوڑ دیا۔ جمعہ کا دن تھا
راستے میں بچے کھیل رہے تھے۔ جب اُنہوں نے آپ کو دیکھا تو کہا اے بچو!
دور ہٹ جاؤ حبیب سود خور آ رہا ہے کہیں اس کے پاؤں کی گرد ہم پر نہ پڑے۔
تاکہ ہم بھی اس کی طرح بدبخت نہ ہو جائیں۔ یہ بات سن کر آپ کے دل میں ایک
نئی آگ سی لگ گئی اور تمام خیالات کو چھوڑ کر سیدھے حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ
اللہ تعالیٰ علیہ کی مجلس میں حاضر ہوئے۔ اتفاق کی بات ہے کہ وہاں جا کر جو بات
سُنی وہ جلتی پر تیل کا کام کر گئی۔ پھر توبۃ النصوح کی اور واپس آ گئے۔ آتے ہوئے
راستہ میں ایک جال والا نظر پڑا جونہی اس نے آپ کو دیکھا بھاگ نکلا۔ آپ
نے کہا بھائی بھاگنے کی ضرورت نہیں بلکہ مجھے تجھ سے بھاگنا چاہیئے تاکہ میرے
جیسے گنہ گار کا تم پر سایہ نہ پڑے۔ پھر آگے گئے اور اسی راستہ سے گزرے
جہاں لڑکے کھیل رہے تھے۔ لڑکوں نے آپ کو دیکھ کر کہا ہٹ جاؤ حبیب

Marfat.com
Marfat.com

توبۃ النصوح کرکے آرہا ہے ہم گنہ گاروں کی گرد اس پر پڑ گئی تو گنہ گار ہو جائیں گے۔ یہ بات سن کر آپ کے دل میں ایک اور بات پیدا ہوئی اور دل ہی دل میں کہا الٰہی صرف ایک ہی دن میں تو نے میری توبہ کا اثر اپنے دوستوں تک پہنچا اور میری نیکی کو ظاہر کر دیا۔ اس کے بعد آپ گھر پہنچے۔ لوگوں کو جمع کر کے کہا جس کسی کا مال میرے پاس ہے لے جائے۔ چنانچہ تمام کا تمام مال دے دیا اور اپنا مال بھی اللہ کی راہ میں تقسیم کر دیا۔ جب آپ کے پاس کچھ نہ رہا تو ایک شخص نے آکر اپنا کوئی حق مانگا جس کے عوض آپ نے اپنا پیراہن اتار کر دیا۔ اس کے چلے جانے کے بعد ایک اور آدمی آگیا جسے اپنی بیوی کی چادر دے کر خلاصی کروائی۔ اب دونوں میاں بیوی نیم برہنہ تھے۔ دریائے فرات کے کنارے ایک عبادت گاہ بنا کر ریاضت میں مشغول ہو گئے۔ سارا سارا دن حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں حاضر رہ کر علم دین سیکھتے اور رات کو بارگاہِ الٰہی میں حاضر رہتے۔ عرصہ تک یہی حال رہا۔ ایک دن آپ کی بیوی نے کہا کہ گھر میں بالکل خرچ نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا، کام پہ جاتا ہوں جو مزدوری ملے گی وہ لا کر تجھے دے دوں گا۔ چنانچہ کئی روز اسی طرح کرتے اور تمام دن عبادتِ الٰہی میں گزار دیتے۔ پھر شام کو خالی ہاتھ گھر چلے جاتے۔ جب بیوی مزدوری کے لیے سوال کرتی تو فرماتے جس کے ہاں میں نے مزدوری کی ہے وہ بڑا کریم ہے مجھے اس سے مانگتے ہوئے شرم آتی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ہر دسویں دن اجرت لے لیا کرو۔ چنانچہ نو دن تک آپ اسی طرح روز دن کو عبادت گاہ چلے جاتے اور رات کو واپس آجاتے۔ دسویں دن تک اس خیال سے کہ اب جا کر بیوی کو کیا جواب دوں گا شرمندہ ہو رہے تھے اور آہستہ آہستہ تشریف لا رہے تھے کہ اسی اثناء میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے آپ کے گھر میں آٹا، گھی اور تین ہزار درہم اور دیگر ضروریات کی چیزیں بھجوا دیں اور کہا کہ دس دن کی مزدوری ہے۔ اگر زیادہ کام کرو گے

Marfat.com
Marfat.com

تو اُجرت زیادہ دوں گا۔ آپ جب گھر کے قریب پہنچے تو گھر کے اندر سے نہایت عمدہ کھانوں کی خوشبو آئی۔ حیران ہوئے۔ اسی حیرانی میں آپ اندر داخل ہوئے تو دیکھا کہ کئی قسم کے کھانے تیار ہیں۔ بیوی نے خوشی خوشی کہا کہ وہ تو بہت ہی نیک بخت ہے جس کی تم مزدوری کرتے ہو۔ اُس نے آج یہ چیزیں اور دس دن کی مزدوری کے طور پر بھیجی ہیں کہ کہلا بھیجا ہے کہ کام ذرا زیادہ محنت سے کرو تو میں مزدوری زیادہ دوں گا۔ یہ سن کر آپ آبدیدہ ہو گئے اور خیال کرنے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے محض ایک گنہ گار کی دس دن کی ناکام اور بے حضور عبادت کے عوض یہ کچھ عطا فرمایا اگر زیادہ حضورِ قلب سے عبادت کی جائے تو کیا کچھ نہ کرے گا۔ یہ کہہ بالکل ہی دنیا سے منہ موڑ لیا اور عبادتِ الٰہی میں مصروف ہو گئے۔ اور غوث کی منزل پر پہنچ گئے۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

حضرت رابعہ بصریہ کی ولادت کا منظر

جس شب حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ علیہا کی ولادت ہوئی اُس رات آپ کے والد کے وہاں اتنا کپڑا بھی نہیں تھا جس میں آپ کو لپیٹا جا سکے اور اتنا روغن بھی نہیں تھا کہ آپ کی ناف پر لگا دیا جاتا۔ گھر میں بالکل اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ آپ اپنے والد کے ہاں چوتھی لڑکی پیدا ہوئی تھیں اس لیے آپ کو رابعہ کے نام سے موسوم کیا گیا۔ غرض آپ کے والد سے آپ کی پیدائش کی رات کہا گیا کہ ہمسایہ کے گھر چراغ جلانے کے لیے تیل لے آؤ تاکہ چراغ روشن کیا جا سکے۔ لیکن آپ کے والد نے وعدہ کیا ہوا تھا کہ وہ مخلوق کے سامنے کبھی بھی سوال نہ کرے گا اس لیے گھر والوں کے مجبور کرنے پر آپ پڑوسی کے گھر گئے مگر دروازہ پر ہاتھ رکھ کر واپس آ گئے اور کہہ دیا کہ دروازہ بند ہے اسی غم و فکر میں نیند آ گئی۔ رات کو خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کے والد کو خواب ہی میں بشارت اور تسلی دی اور فرمایا کہ اسی شہر بصرہ ہی میں عیسیٰ زادان کو ایک کاغذ پر لکھ کر میرا پیغام دو کہ تو ہر شب سو بار مجھ پر درود بھیجتا تھا اور جمعہ کو چار سو مرتبہ مگر گزشتہ جمعہ کو درود بھیجنا بھول گیا ہے اس کا کفارہ یہ ہے کہ حلال کمائی کے چار سو دینار اس شخص کو جو پیغام تمہیں دے رہا ہے اسے دے دو۔

صبح اُٹھ کر حضرت رابعہ بصرہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا کے والد گرامی رونے لگے اور خط لکھ کر ایک شخص کو بھیج دیا۔ امیر عیسیٰ زادان نے جب وہ خط دیکھا تو کہا کہ دس ہزار درہم اس شکرانے میں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے مجھے

Marfat.com
Marfat.com

یاد فرمایا ہے فقراء وغرباء کو تقسیم کر دو اور چار سو دینار میری طرف سے اور چار سو دینار ارشاد نبوی کی تعمیل میں اس شخص کو دے دو اور لکھ بھیجا کہ اس بزرگی کے باعث کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا پیغام لائے ہو۔ میں مناسب نہیں سمجھتا کہ میرے پاس آؤ اس لیے میں خود آپ کے آستانہ پر حاضر ہوا کروں گا۔ خدا کی قسم جب تمہیں کسی قسم کی حاجت ہو تو مجھے اطلاع دے دینا۔ آپ کے والد نے وہ روپیہ لے لیا اور ضرورت کی اشیاء خرید لیں۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

میدانِ عرفات کا منظر

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میدان عرفات میں کھڑے خلقِ خدا کا نظارہ کر رہے تھے۔ دورانِ نظارہ کہا کہ اگر اس قدر لوگ کسی بخیل کے ہاں چلے جائیں اور اس سے زر طلب کریں تو وہ انھیں ناکام واپس نہیں کرے گا۔ الٰہی تو کریم ہے تو ان کی بخشش تیرے لیے ایک معمولی سی بات ہے۔ اُمید ہے کہ تو ان سب کی بخشش کر دے گا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

سچّائی کی حکمت عملی

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ حجاج بن یوسف کے آدمیوں سے بھاگ کر حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کے صومعہ میں چھپ گئے۔ اتنے میں حجاج کے آدمی بھی آگئے اور آپ سے پوچھا کہ خواجہ حسن بصری کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا میرے عبادت خانہ کے اندر ہیں۔ حجاج کے آدمی اندر چلے گئے مگر حضرت حسن بصری کو نہ دیکھ سکے۔ باہر آکر کہنے لگے اے حبیب حجاج تم سے جیسا سلوک کرتا ہے تمہارے ساتھ ایسا ہی سلوک ہونا چاہیئے۔ تم نے سرے سے ہی جھوٹ بول دیا۔ حبیب نے کہا کہ تمہیں نظر نہ آئے تو میں کونسے قصور میں شمار ہوں۔ میرے سامنے عبادت خانہ کے اندر گیا ہے۔ اُنہوں نے پھر اندر جا کر دیکھا مگر نہ پایا۔ لاچار ہو کر واپس ہوئے۔ تب حضرت خواجہ حسن بصری نے باہر آکر کہا کہ تم نے میرے اُستاد ہونے کا بھی لحاظ نہ کیا اور میرا پتہ بتا دیا۔ فرمایا کہ میرے سچ بولنے ہی کی وجہ سے تم کو خلاصی نصیب ہوئی۔ اگر میں جھوٹ بولتا تو دونوں گرفتار ہو جاتے۔ حضرت حسن بصری

Marfat.com
Marfat.com

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے پوچھا کہ آپ نے اُس وقت کیا پڑھا کہ مجھے وہ نہ دیکھ سکے حالانکہ اُنہوں نے کئی بار مکان کے اندر میرے اوپر ہاتھ بھی رکھا۔ حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میں نے اُس وقت دو بار آیۃ الکرسی۔ دو بار سورۂ اخلاص اور دو بار آمن الرسول پڑھ کر میں بارگاہِ خداوندی میں عرض کی الٰہی میں نے حسن کو تیرے سپرد کیا تو ہی اس کی نگہبانی فرما اور ان دشمنوں کی نظر سے محفوظ فرما۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیا کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیِ پاک کا انبیاء کے درمیان

قرآن کی تلاوت سن کر انتقال ہو جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے سامنے کسی خوش الحان قاری نے قرآن کریم کی آیت تلاوت کی۔ آپ نے فرمایا کہ اس قاری کو میرے بیٹے کے سامنے لے جاؤ اور ساتھ ہی قاری کو ہدایت کر دی کہ سورہ القارعہ کی تلاوت نہ کرنا کیونکہ میرا لڑکا قیامت کے متعلق سُن کر اتنی طاقت نہیں رکھتا کہ زندہ رہ سکے۔ قاری نے نادانستہ طور پر آپ کے بیٹے کے سامنے سورہ القارعہ ہی تلاوت کر دی۔ سورۃ کی تلاوت سنتے ہی اس نے ایک نعرہ مارا اور رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے چھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

تین باتوں کا فکر دامن گیر ہے

ایک بار لوگوں نے حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا سے دریافت کیا کہ آپ نے نکاح کیوں نہیں کیا۔ فرمایا کہ مجھے تین باتوں کا فکر دامن گیر ہے اگر تم لوگ مجھے اس سے فارغ کر دو تو میں نکاح کر لوں گی۔

اوّل یہ کہ موت کے وقت ایمان سلامت رہے گا یا نہیں۔ لوگوں نے کہا ہم نہیں جانتے۔

دوسرا غم یہ ہے کہ میرا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا یا بائیں ہاتھ میں جواب دیا گیا کہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

تیسرا غم یہ ہے کہ جب قیامت کے دن ایک جماعت کو دائیں طرف بہشت میں لے جائیں گے اور ایک جماعت کو بائیں طرف دوزخ میں تو میں کس طرف میں ہوں گی۔ لوگوں نے جواب دیا کہ ہم نہیں جانتے۔ فرمایا کہ جب مجھے اتنے غم ہوں تو بتاؤ کہ شوہر کی خدمت کس طرح کر سکتی ہوں۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

دل کا دُھل جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا گزر ایک مست کے قریب سے ہُوا جو آلودہ حالت تھا۔ آپ نے فوراً پانی لا کر اس کے منہ کو دھویا اور فرمایا کہ جس منہ سے ذکر الٰہی کیا جائے اُس کا آلودہ حالت رہنا واجب نہیں اور سخت بے ادبی میں داخل ہے۔ جب وہ مست اپنی ہوش میں آیا تو لوگوں نے اُس سے کہا کہ ابراہیم ادہم نے تمہارا منہ دھویا تھا۔ مست کہنے لگا کہ میں توبہ کرتا ہوں اس کے بعد اُس نے خواب میں دیکھا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہوا کہ تو نے محض میرے لیے ایک مست کے منہ کو دھویا اور ہم نے تمہارے دل کو دھو دیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

حضرت بشر حافی کا سطح آب پر چلنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت احمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ تعالیٰ سے فرمایا کہ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو پیغام دے دینا کہ میں نماز پڑھ کر تمھارے پاس آؤں گا۔ میں نے پیغام پہنچا دیا۔ حضرت معروف کرخی آپ کے منتظر رہے۔ ظہر، عصر اور مغرب یہاں تک کہ عشاء کی نماز سے بھی فارغ ہو چکے مگر آپ تشریف نہ لائے۔ میں نے دل میں خیال کیا کہ بشر حافی جیسا آدمی وعدہ خلافی کرے یہ ممکن نہیں۔ چنانچہ میں آپ کا منتظر ہو کر مسجد کے دروازہ پر بیٹھا کر ہا یہاں تک کہ آپ مصلیٰ اُٹھا کر مسجد سے باہر چلے گئے جب دریائے دجلہ کے کنارے پہنچے تو سطح آب پر چلنے لگے۔ صبح تک حضرت معروف سے گفتگو میں محو رہے اور واپسی پر بھی اسی طرح دجلہ کو عبور کیا۔ میں آپ کے قدموں پر گر پڑا اور دُعا کے لیے درخواست کی۔ آپ نے بارگاہِ الٰہی میں دعا کی اور فرمایا کہ کسی سے ذکر نہ کرنا۔ چنانچہ اُن کی زندگی میں میں نے کسی سے ذکر نہ کیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

مالِ دنیا ولی کے قدموں پر نثار

ایک دفعہ حضرت رابعہ بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا بہت سخت بیمار ہوئیں لوگوں نے آپ سے بیماری کی وجہ پوچھی تو آپ نے فرمایا کہ آج فجر کے وقت میرے دل میں جنت کی خواہش پیدا ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر عتاب کیا چنانچہ بیماری اس عتاب کی وجہ سے ہے۔ جس وقت حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ آپ کی خبر گیری کے لیے تشریف لائے تو دیکھا کہ ایک رئیس آدمی دو پوں کی تھیلی لیے ہوئے آپ کے دروازے پر زار و قطار رو رہا ہے۔ آپ نے اس سے اس طرح رونے کی وجہ پوچھی۔ اس نے کہا کہ میں حضرت رابعہ کے لیے ایک چیز لایا ہوں اور اس خیال سے رو رہا ہوں کہ شاید وہ قبول نہ کریں۔ آپ میری سفارش کر دیں۔ جب حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ اندر داخل ہوئے تو آپ نے اس شخص کا پیغام بھی دے دیا۔ آپ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو بُرا کہتا ہے خدا

Marfat.com
Marfat.com

اُس کی روزی بند نہیں کرتا جس کی زندگی اُس کی محبت کے ساتھ گزرتی ہے اسے رزق کے بغیر زندہ رکھتا ہے۔ جب سے میں نے اُسے دیکھ لیا ہے مخلوق سے منہ پھیر لیا ہے۔ تم ہی بتاؤ کہ میں کیسے لُوں جس کی نسبت مجھے نہیں معلوم کہ حرام ہے یا حلال۔ بھلا میں کیسے لے سکتی ہوں۔

اَولیآ را ہست قدرت از اِلٰہ — **تیر جستہ باز گردانند ز راہ**

اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشت گلے — **بوسہ زن بر آستانِ کاملے**

ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — **غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ**

جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — **چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ**

وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک دل اور دو محبوب

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ اپنے بیٹے کو گود میں لیے پیار کر رہے تھے۔ بیٹا نے باپ سے کہا ابا جان کیا میں تمہیں پیارا لگتا ہوں؟ آپ نے فرمایا ہاں بیٹا تم مجھے پیارے لگتے ہو۔ پھر لڑکے نے پوچھا کہ کیا اللہ تعالیٰ بھی آپ کو پیارا لگتا ہے اور اُسے بھی اپنا دوست سمجھتے ہو۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ تب لڑکے نے کہا کہ ابّا جان ایک دل میں دو محبوب نہیں رہ سکتے یہ سُن کر غیرتِ حق کے باعث آپ نے لڑکے کو علیٰحدہ کر دیا اور ذکر خداوندی میں مصروف ہو گئے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

سونے کی سوئیاں لانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دریائے دجلہ کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے اور اپنی گودڑی سوئی سے سی رہے تھے۔ اتفاقاً اُدھر سے بلخ کے ایک آدمی کا گزر ہُوا۔ آدمی نے آپ کو پہچان لیا اور کہا کہ سلطنت چھوڑ کر تمھیں کیا حاصل ہُوا۔ آپ نے فوراً وہ سوئی جس سے آپ گدڑی سی رہے تھے دریا میں پھینک دی اور دریائی جانوروں کو کہا کہ میری سوئی لادو۔ اُسی وقت ہزاروں مچھلیاں منہ میں سونے کی سوئیاں لے کر آئیں اور آپ کے قدموں میں سوئیاں ڈال دیں۔ آپ نے اُس شخص کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ یہ سب سے کمترین چیز ہے جو میں نے حاصل کی۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآرا ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مشت گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

پتھروں کا طواف کرنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک آدمی جس کا نام ابوجعفر اعود تھا حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمتِ قدسیہ میں حاضر ہُوا۔ آپ کے چند دوست بھی موجود تھے۔ پتھروں کی اطاعت کا ذکر چھڑ گیا۔ ایک تخت وہاں پڑا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ اگر میں اس تخت کو کہوں کہ وہ اس مکان کے گرد طواف کرے تو وہ فوراً کرنے لگے۔ آپ کے کہنے کی دیر تھی کہ تخت متحرک ہو گیا اور مکان کے گرد طواف کر کے پھر اپنی جگہ ٹھہر گیا۔

اَولیآرا ہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مشت گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے
چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک سیب سے دل کا سیاہ ہو جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاتھ میں ایک سُرخ سیب تھا۔ آپ نے سیب کو دیکھ کر فرمایا کیسا لطیف سیب ہے اُسی وقت غیب سے آواز آئی کہ بایزید کیا تجھے شرم نہیں آتی کہ اَدنیٰ سیب پر ہمارا نام لیتا ہے۔ اس کے بعد چالیس دن تک اللہ تعالیٰ کا نام آپ کے دل سے فراموش ہو گیا۔ پھر آپ نے قسم کھائی کہ تمام عمر بسطام کا میوہ نہ کھاؤں گا۔

اَولیآ راہست قدرت اَز اِلٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے
تیر جستہ باز گردانند زِ راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کن از مشتِ گلے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔
بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے
چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

پہاڑ کا چلنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک بزرگ کے ہمراہ کسی پہاڑ پر محوِ گفتگو تھے کہ اس بزرگ نے آپ سے پوچھا کہ آدمی کی کمالیت کی نشانی ہے؟ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ کامل وہ شخص ہے کہ اگر پہاڑ کو کہے کہ چل تو وہ اُسی وقت چل پڑے۔ چنانچہ اُسی حالت میں پہاڑ چلنے لگا۔ آپ نے فرمایا کہ اے پہاڑ میں نے تمھیں چلنے کا حکم تو نہیں دیا۔ یہ سُن کر پہاڑ اُسی وقت اپنے مقام پر ٹھہر گیا۔

اَولیآ را ہَست قدرت از اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیا کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو شَیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

سانپ کا پنکھا چلانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک دیوار کے سائے میں آرام فرما رہے تھے اور ایک سانپ نرگس کی شاخ منہ میں لیے ہوئے آپ کو پنکھا کر رہا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

چلتے پانی سے گزر جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کہیں جا رہے تھے کہ دریائے دجلہ کے کنارے حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے ملاقات ہو گئی۔ آپ نے پوچھا کہ اے امام المسلمین آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں۔ فرمایا کشتی دیر میں آئے گی۔ آپ نے فرمایا اگرچہ میں نے علم آپ ہی سے سیکھا لیکن دل حسد و کبر سے پاک کر ڈالیے۔ دنیا سے علیٰحدگی اختیار کر لیجئے۔ مصائب پر صبر سے کام لیجئے اور تمام کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر کے پاؤں پر پانی رکھ کر دریا سے پار ہو جائیے۔ یہ کہہ کر دریا میں سے پار گزر کر پار ہو گئے۔ یہ منظر دیکھ کر حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بیہوش ہو گئے۔ جب ہوش میں آئے تو لوگوں نے پوچھا یہ کیونکر ہوا۔ فرمایا کہ اس شخص نے مجھ سے علم سیکھا اس وقت مجھ کو ملامت کی اور پانی پر پاؤں رکھ کر دریا کے پار ہو گیا۔ کل کو پل صراط سے گزرتے وقت ہم سب اسی طرح رہ جائیں گے تو کیا ہوگا۔ پھر خواجہ صاحب نے آپ سے پوچھا کہ یہ مقام تم نے کس طرح حاصل کیا۔ فرمایا کہ دل کو سفید کرتا ہوں۔ آپ کاغذ سیاہ کرتے ہیں

Marfat.com
Marfat.com

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میرے علم نے دوسروں کو نفع دیا مگر مجھے نفع نہ دیا۔ میں پہلے جیسا ہی رہا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

منکر نکیر اور حضرت رابعہ بصری کا مکالمہ

حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا کے وصال کے بعد کسی نے آپ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ منکر نکیر نے آپ کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔ آپ نے فرمایا کہ جب منکر نکیر نے آکر مجھ سے سوال کیا کہ تیرا رب کون ہے؟ میں نے انہیں کہا کہ واپس تشریف لے جایئے اور اللہ تعالےٰ سے کہئے کہ اتنی مخلوق ہونے کے باوجود تو نے ایک کمزور عورت کو اَب بھی فراموش نہ کیا۔ تو مَیں جس نے تمام کائنات میں تجھے ہی عزیز رکھا کیسے بھول سکتی ہوں تو خواہ مخواہ دوسروں کو بھیج کر مجھ سے سوال کرتا ہے کہ تیرا رب کون ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جاتے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک اعرابی کے سوال کا شافی جواب

ایک اعرابی حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے سوال کیا کہ صبر کسے کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا، صبر دو طرح کا ہوتا ہے:

ایک مصیبت پر صبر کرنا

دوسرے ان چیزوں پر صبر کرنا جن سے اللہ نے منع فرمایا ہے۔

اس کے بعد صبر کی تلقین کی۔ اعرابی نے کہا کہ میں نے آپ سے زاہد بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا اور نہ ہی آپ سے زیادہ کسی کو صابر دیکھا۔ آپ نے فرمایا میرا زہد و رغبت اور صبر جزع کے باعث ہے اور یہ عین جزع ہے اور میرا زہد آخرت کی خواہش کے باعث ہے۔ پھر فرمایا کہ صبر اُس شخص کا ہے جو جزا کے سوال کو درمیان سے اُٹھا دے تاکہ اس کا صبر محض اللہ تعالیٰ کے لیے ہو نہ کہ بدن کی سلامتی کے لیے اور زہد اللہ تعالیٰ کے واسطے نہ کہ بہشت کی خواہش کے لیے اور یہ علامت مخلص لوگوں کی ہے اور اخلاص کی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

اہل اللہ سے سوال نہ کرنا چاہیئے

اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ظلم سے نجات دلانا

ایک عورت جو سلسلۂ بیعت میں حضور غوث اعظم سے تعلق رکھتی تھی۔ ایک دن وہ عورت کسی کام سے پہاڑ کی غار کی طرف گئی تو اُس کا عاشق بھی اُسی غار کی طرف ہو لیا اور اُس کے پاس جا کر عصمت ریزی کرنے لگا۔ عورت نے اپنی خلاصی کی جب کوئی بھی صورت نہ دیکھی تو حضور غوث اعظم کا نام مبارک لے کر پکارنے لگی،

الغیاث یاغوث اعظم الغیاث یاغوث الثقلین الغیا ث
یاشیخ محی الدین الغیاث یا سیّدی عبد القادر ۔

اُس وقت آپ مدرسہ میں وضو فرما رہے تھے اور پاؤں میں لکڑی کی کھڑاویں تھیں۔ آپ نے انھیں پاؤں سے اُتار کر غار کی طرف پھینکا۔ وہ فاسق کے مراد پانے سے پہلے پہنچ گئیں اور سر پہ پڑنے لگیں حتّٰی کہ وہ مر گیا۔ پھر وہ عورت اُنھیں اُٹھا کر آپ کے دربار گوہر بار میں حاضر ہوئی اور حاضرین کے سامنے آپ سے اپنا تمام واقعہ عرض کیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک تاجر کی امداد فرمانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک تاجر ایک قافلہ کے ساتھ سُرخ شکر لادے تجارت کے لیے گیا۔ راستہ میں رات کے وقت اُس کے اُونٹ گم ہو گئے۔ بہت تلاش کرنے پر بھی نہ ملے سخت گھبرایا۔ حضور غوث اعظم کا مرید تھا اس لیے پکارنے لگا:

"یا سیّدی غوث اعظم میرے اُونٹ سامان سمیت غائب ہو گئے۔"

اسی اثناء میں دیکھا کہ پہاڑ پر ایک سفید پوش بزرگ کھڑے اپنی آستین سے اپنی طرف اشارہ فرما رہے ہیں اس طرح کہ جیسے اپنی طرف بلا رہے ہیں۔ جب میں اس طرف گیا تو اس اشارہ کرنے والے کو وہاں غائب پایا اور اُونٹ سامان سمیت اُس مکان سے دستیاب ہو گئے۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے چھوٹے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیِ پاک کا انبیاء کے درمیان

درندہ مصلیٰ نماز پر

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ حاکم مصر کافور خشیدی نامی نے حضرت ابو عبداللہ محمد تکراری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں ایک سو دینار بھیجے۔ آپ نے اس کے ایلچی کے سامنے یوں اظہار فرمایا گویا آپ پاگل ہیں۔ ایلچی واپس آکر کافور سے کہنے لگا کہ آپ نے مجھے ایک مجنوں کے پاس بھیجا تھا؟ کافور نے جواب دیا وہ مجنوں نہیں ہیں وہ تو شب زندہ دار اور صائم النہار بزرگ ہیں۔ پھر کافور نے ایلچی کو ساتھ لیا اور رات کے دوران اسے لے کر مختلف اولیاء کے پاس گھومتا پھرا۔ پھر اسے لے کر حضرت تکروری کے مرشد ابن باجا علیہ الرحمہ کی سرکار میں حضرت تکروری کی تلاش میں پہنچا مگر آپ وہاں بھی نہ ملے باہر نکلے تو ایک آدمی کو نماز پڑھتے پایا۔ دونوں نے نمازی کو غور سے دیکھا۔ یہ نمازی حضرت تکروری ہی تھے دونوں آپ کے پیچھے چل دیئے۔ جب بڑے دروازے تک ان کے پیچھے آئے تو دروازے کو بند پایا۔ کافور نے عرض کیا حضور! یہ آپ کی عادت شریفہ کے خلاف ہے آپ میرے سامنے دروازہ بند فرما رہے ہیں۔ دروازہ کھل گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

حضرت شیخ تکروری رحمۃ اللہ علیہ باہر تشریف لائے آپ چل دیئے اور وہ دونوں پیچھے ہو لیے آخر مقبرہ تک جا پہنچے۔ آپ وہاں نماز پڑھنے لگے۔ نماز پڑھ کر وہاں سے واپس ہوئے تو ایک درندہ آیا اور مقامِ نماز پر آکر لیٹنے لگا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیِ پاک کا انبیاء کے درمیان

ہاتھ کا ساکت ہو جانا

ایک دفعہ ایک بزرگ نے کہا کہ میں حضرت محمد بن اسمٰعیل المعروف خیر النساج کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک آدمی آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا یا شیخ! آپ نے کل دو درہموں کا سُوت فروخت کیا تھا تو میں دیکھ رہا تھا میں آپ کے پیچھے پیچھے ہو لیا اور آپ کے تہہ بند سے دو درہم کھول لیے اس وقت سے میرا ہاتھ کندھے سے بندھا ہُوا ہے۔ یہ سُن کر آپ ہنس دیئے اور اپنے ہاتھ سے میرے ہاتھ کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے ہاتھ کھول دیئے۔ پھر فرمانے لگے جا ان درہموں سے اپنے بچوں کے لیے کچھ خرید لے مگر جا پھر کبھی ایسا نہ کرنا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

انگشتری کا کمال

حضرت عبدالرحمٰن نامی بزرگ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ عالمِ مستی میں کہا کہ جب تک میں زندہ ہوں قلیمنا شریف نہیں جاؤں گا کیونکہ وہاں پر ابوالوفاء موجود ہیں اس لیے آپ کے وہاں ہوتے ہوئے مجھے حاجت نہیں ہے۔ پھر جذبۂ مستی کے بعد اس بات سے توبہ کی اور ابوالوفاء کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ حضرت ابوالوفاء نے مجھے دیکھ کر فرمایا۔ آپ نے یہ الفاظ کہے تھے۔ عبدالرحمٰن نے عرض کیا جی حضور! آپ نے فرمایا اَب کیا وقت ہے۔ عبدالرحمٰن نے جواباً عرض کیا ظہر کا وقت ہے۔ آپ نے درمیانی اُنگلی کو شہادت کی انگلی پر رکھا اور فرمایا اَب دیکھو کون سا وقت ہے۔ عبدالرحمٰن نے جو دیکھا تو سخت اندھیرا تھا۔ عرض کیا حضور! اَب تو سخت اندھیری رات ہے۔ آپ نے انگشتری مبارک اُتاری اور مصلّا کا ایک کنارہ اُٹھایا اور اسے اپنے ہاتھ سے چھوڑا اور فرمایا اَب دیکھو انگشتری کہاں ہے۔ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کے ایک گہرے گڑھے میں آگ میں موجود تھی۔ میں یہ منظر دیکھ کر خوفزدہ ہو گیا۔ ابوالوفاء نے فرمایا کہ قسم بخدا اگر شفقتِ پدری کا خیال نہ ہوتا تو اَب تُو اس انگشتری

Marfat.com
Marfat.com

کی جگہ ہوتا کہ عجب کمالات دکھاتا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو شَیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک شخص اژدہا کی خدمت میں

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک منکر شخص نے حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا حضرت مجھے فلاں مسئلہ سمجھائیں۔ آپ نے اُس کے افکار کو کشف کی رُو سے دیکھ کر فرمایا کہ فلاں پہاڑ کی غار میں میرا ایک دوست رہتا ہے اس کے پاس جاؤ اور سوال کرو وہ تمہارے مسئلہ کو حل کر دے گا وہ شخص اُس غار میں گیا تو دیکھا کہ ایک بہت بڑا اژدہا حالت غضب میں بیٹھا ہے۔ اژدہا کو دیکھتے ہی ڈر کی وجہ سے اُس کی ٹٹی نکل گئی اور بے تحاشا وہاں سے بھاگا۔ جوتیاں بھی وہیں رہ گئیں۔ واپس آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر پاؤں پر گر پڑا۔ آپ نے فرمایا، سبحان اللہ! کیا تو اپنی جوتیاں بھی نہ سنبھال سکا۔ محض ایک مخلوق سے ڈر کر تیری ٹٹی نکل گئی تو پھر خدا کی ہیبت کا مسئلہ میں تجھے کیسے کشف کرا سکتا ہوں۔ حالانکہ تو انکا

Marfat.com
Marfat.com

کے طور پر میرے پاس آیا تھا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ

اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مشتِ گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے

ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ

جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ

وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ڈاکو کا ولی اللہ بن جانا

ایک بزرگ جن کا نامِ نامی اسمِ گرامی محمد بن محمد کاکیس تھا پہلے بہت بڑے راہزن تھے۔ ایک دفعہ آپ ایک جائداد پر ڈاکہ ڈالنے لگے اور مویشی ہانک لے یہ جاگیر حضرت شیخ شنبکی کے پڑوس میں واقع تھی۔ جاگیردار آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے یا حضرت! کاکیس نے ہمارے مویشی پکڑ لیے ہیں اور اب ہم ان سے مویشی واپس نہیں لے سکتے۔ آپ نے ایک خادم کو ان کی طرف بھیجا کہ جاؤ اسے میری طرف سے پیغام دو کہ تمھیں بلایا جا رہا ہے تاکہ وہ بارگاہِ الٰہی میں توبہ کرے اور ان لوگوں کے مویشی بھی واپس کرے۔ جب خادم ان کے پاس آیا تو آپ نے اس پر نگاہ ڈالی کہ خادم بیہوش ہو کر زمین پر گر گیا۔ جب خادم کو ہوش آیا تو اس کا سر حضرت شیخ تاج العارفین کے گھٹنوں پر پڑا تھا۔ جب خادم کو ہوش آیا تو آپ نے فرمایا بتایئے حضرت شیخ نے آپ

Marfat.com
Marfat.com

کو کیا پیغام دے کر بھیجا تھا۔ خادم نے کہا حضرت صاحب کا یہ پیغام تھا کہ آپ توبہ کریں اور مویشی واپس کریں۔ کہنے لگے ہاں میں اس فعل سے توبہ کرتا ہوں۔ پھر سر آسمان کی طرف اُٹھا کر کہنے لگا۔ مجھے تیری جوانی کی قسم! میں اس فعل سے سچی توبہ کرتا ہوں۔ پھر کپڑے پھاڑ دیئے۔ جانور اُن کے مالکان کو واپس کر دیئے۔ خادم سے کہا چلئے حضرت شیخ صاحب کی خدمت میں عرض کر دیجئے! خادم حاضر ہو رہا ہے۔ خادم نے واپسی اس بات کی اطلاع شیخ صاحب کو کر دی۔ حاضرین یہ سُن کر بول اُٹھے حضور! وہ ہرگز نہیں آئے گا۔ حضرت شیخ نے فرمایا وہ ضرور آئے گا وہ جھوٹ نہیں بولے گا۔ پھر وہ دفعتاً آ پہنچے۔ حضرت شیخ نے اُٹھ کر گلے لگا لیا۔ عہد و پیمان ہوا۔ اپنے کپڑے پہنا کر پہلو میں بٹھا لیا۔ جب ظہر کا وقت ہُوا تو موذن نے اذان کہی۔ تو حضرت شیخ نے فرمایا ابوالوفاء! عرش کے مرغ کی اذان تک انتظار کیجئے۔ پھر فرمایا ابوالوفاء! اللہ تعالیٰ تیرے لیے علم کا غلیچہ بچھا دے گا اب تو لوگوں کے سامنے کلام کیا کر۔ شیخ ابوالوفاء اُٹھے بغداد آئے تو آسمان کا منادی ندا کر رہا تھا۔ "لوگو! اس شخص کے لیے اُٹھ کھڑے ہو۔" پھر تمام لوگ انھیں کی طرف متوجہ ہو گئے۔

اَولیآ را ہست قدرت از اِلٰہ — تیر جستہ باز گردانند ز راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشتِ گلے — بوسہ زن بر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

ایک آتش پرست کا قبولِ اسلام

حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہمسایہ جو آگ کی پوجا کرتا تھا۔ اس کا ایک شیر خوار بچہ تھا جو تمام رات تاریکی کی وجہ سے روتا رہتا تھا۔ آپ ہر روز جراغ اُٹھا کر اس کے گھر کی طرف لے جاتے تو بچہ خاموش ہو جاتا۔ جب وہ آتش پرست اپنے سفر سے واپس آیا تو بچے کی ماں نے شیخ کی نسبت سارا حال بیان کر دیا۔ آتش پرست نے کہا افسوس ہے کہ جب شیخ کی طرف سے روشنی پہنچ گئی تو پھر ہم اپنے آپ کو غفلت کی تاریکی میں کیوں رکھیں۔ اس کے بعد آتش پرست آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہو گیا۔

اَولیا را ہست قدرت از اِلٰہ — **تیر جستہ باز گردانند ز راہ**

اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشت گلے — **بوسہ زن بر آستانِ کاملے**

ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — **غوثِ اعظم درمیانِ اَولیا**

جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیا کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیا — **چُوں محمد درمیانِ انبیا**

وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبی پاک کا انبیاء کے درمیان

یہود و نصاریٰ کا اسلام قبول کرنا

حضرت شیخ عمر الیمانی نے فرمایا کہ حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ کی مجلس مبارک میں یہود و نصاریٰ اسلام سے مشرف ہوتے تھے۔ ہر مجلس مبارک میں ایسا ہی ہوتا تھا۔

Marfat.com
Marfat.com

بارش کا بند ہو جانا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضور غوث الثقلین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اہل مجلس سے وعظ فرما رہے تھے کہ اتنے میں بارش شروع ہو گئی۔ آپ نے آسمان کی طرف نظر اٹھا کر بارگاہ خداوندی میں عرض کیا۔ الٰہی! میں تیری رضا کے لیے لوگوں کو جمع کرتا ہوں اور تو ان کو بھگانے کے لیے بارش برساتا ہے۔ آپ کا یہ کہنا ہی تھا کہ مدرسہ پر بارش برسنا بند ہو گئی اور مدرسہ کے چاروں طرف بارش معمول کے مطابق ہوتی رہی۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

وجد طاری ہو جانا

شیخین کا بیان ہے کہ حضور غوث الثقلین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی مجلس مبارک میں نہ تو کسی کو تھوک آتا تھا اور نہ ہی کوئی کسی سے کلام کرتا تھا۔ کسی شخص کو مجلس میں کھڑا ہونے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ آپ کی تقریر دل پذیر سے حضرت محدث ابن جوزی کو وجد طاری ہو جاتا تھا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جاتے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

صاحبِ مزار سے عطا ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک آدمی نے کہا کہ میں ایک فقیر شخص تھا جس کے پاس کچھ بھی نہیں تھا۔ میں اس عظیم المرتبت شخص کے مزار پر حاضر ہو کر عرض کیا۔ اے قبر میں رہنے والے آپ نے اپنا نام بزازہ رکھا ہے تو مجھے پہننے کے لیے کپڑے عطا کیجئے۔ میں محتاج ہوں۔ میرے پاس کچھ نہیں اور ننگا ہو چکا ہوں۔ میں زیارت سے فارغ ہو کر اپنے گھر آیا۔ دوسری صبح کو میری والدہ آئیں۔ ان کے پاس قمیض اور شلوار تھی کہنے لگیں میں اپنے کچھ ملنے والوں کے پاس گئی تھی اُنہوں نے مجھ سے پوچھا کیا آپ کا کوئی لڑکا ہے۔ میرے مثبت جواب پر کہنے لگے یہ قمیض اور شلوار اسے دے دینا یہ دونوں کپڑے پاکر میں نے دل میں کہا چادر بھی تو چاہیئے تھی میں جسے اُوڑھ کر سو سکتا۔ صبح میں آپ کی قبر مبارک پر زیارت کے لیے حاضر ہُوا تو اپنی والدہ کی ساری بات عرض کر دی اور کہا جناب شیخ میری طرف سے اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے مجھے ابھی ایک چادر کی ضرورت ہے جسے میں اُوڑھ کر سو سکوں۔ میں نے ان کے پاس

Marfat.com
Marfat.com

کھڑے ہو کر دُعا مانگی اور واپس لوٹ آیا۔ میں راستے میں تھا کہ ایک شخص نے مجھے آکر چادر دے دی۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

یکمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

شقّی کو سعید بنا دیا

حضور غوث الثقلین کے زمانہ میں ایک مقرب ولی کی ولایت چھن گئی اور چھوٹے بڑے سب کے سب اُسے مردود کہنے لگے۔ وہ تین سو ساٹھ اولیاء کاملین کی خدمت میں حاضر ہو کر ملتجی ہُوا اور سب نے اُس کے لیے دربارِ خداوندی میں سفارش کی لیکن اُن کی سفارش قبول نہ ہوئی اور تمام نے اس کا نام لوحِ محفوظ کی فہرست میں اشقیا میں لکھا دیکھا تو انہیں یہ خبر سنائی گئی کہ تم کبھی بھی اپنی پہلی منزل پر نہیں آسکتے۔ چنانچہ یہ سن کر اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا آخر کار حضور غوث الثقلین نے دعا کی اور اس کا نام اشقیا کی صف سے مٹا کر اصفیاء کی صف میں لکھ دیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

بہشت کی پرواہ نہ کرنا

حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک دن چند آدمیوں کے ساتھ ایک قبرستان سے گزرے۔ فرمایا کہ اس قبرستان میں ایسے لوگ بھی ہیں جنھوں نے آٹھوں بہشتوں کی ذرہ بھر بھی پرواہ نہ کی۔ لیکن پھر بھی اس قدر حسرت دل میں باقی لے گئے کہ اگر اس حسرت کا ذرہ بھر اہلِ آسمان کے پیش کیا جائے تو خوف کے مارے سب کے سب غرق ہو جائیں۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے
چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک ظالم قاضی کی معزولی

ابوالوفاء یحییٰ بن سعید جو ابن المزاحم الظالم کے نام سے مشہور و معروف تھا اسے خلیفہ المقتفی لامراللہ نے عہدۂ قضا پہ مامور کیا تو حضور غوث الثقلین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے منبر پہ چڑھ کر خلیفہ سے فرمایا: اے خلیفہ تم نے ایک ظالم آدمی کو منصبِ قضا پہ مامور کیا ہے کل تم بارگاہِ الٰہی میں کیا جواب دو گے۔ خلیفہ نے جب یہ آپ کا فرمان سُنا تو کانپ کانپ کر رونے لگا اور اُسی وقت اس ظالم شخص کو عہدۂ قضا سے معزول کر دیا۔

اولیآ را ہست قدرت از الٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے
تیر جستہ باز گردانند ز راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشتِ گلے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔
بوسہ زن بر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے
چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

بے وضو نام لینے پر ہلاکت

حضور غوث الثقلین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پر شروع شروع میں جلالیت کا بہت غلبہ تھا۔ اس غلبہ کی یہ حالت تھی کہ جو شخص آپ کا نام بے وضو لیتا اس کا سر تن سے جدا ہو جاتا اور وہ مر جاتا تو آپ نے اپنے نانا جان حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ فرما رہے ہیں کہ بیٹا اس حالت کو چھوڑ دو کیونکہ ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے جس میں لوگ میرا اور رب تعالیٰ کا نام بھی بغیر آداب کے ذکر کیا کریں گے۔ آپ نے اپنے نانا پاک کی اُمت پر رحم کھا کر اس حالت کو ترک کر دیا۔

اَولیآ را ہست قدرت از اِلٰہ — تیر جستہ باز گردانند ز راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے چھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشت گلے — بوسہ زن بر آستانِ کاملے
ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم درمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

چالیس سال عشاء کے وضو سے نماز فجر ادا کرنا

ایک بزرگ کا بیان ہے کہ میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرصہ چالیس سال رہا اور اس مدت میں میں نے ہمیشہ آپ کو عشاء کے وضو سے نمازِ فجر ادا کرتے دیکھا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک موسیقار کا تائب ہونا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ رات کو قبرستان سے واپس آرہے تھے دیکھا کہ راستہ میں ایک موسیقار لڑکا بربط بجا رہا تھا۔ آپ نے اسے دیکھ کر لاحول پڑھا۔ یہ سُن کر وہ لڑکا غصہ میں غضبناک ہو گیا اور بربط اُٹھا کر آپ کے سر پر دے مارا۔ آپ کو سر پر چوٹ لگی اور بربط بھی ٹوٹ گیا۔ آپ جناب اپنے گھر واپس چلے آئے۔ پھر دوسرے دن علی الصبح ایک مرید کے ہاتھ حلوے کی ایک پیالی اور بربط کی قیمت اس لڑکے کے پاس بھیج کر پیغام بھیجا کہ میں تم سے معافی کا خواستگار ہوں۔ بربط کی قیمت لے لو اور حلوہ کھا کر اس رنج کی تلخی کو بھول جاؤ۔ جو کل رات تمہیں پہنچی۔ جب یہ پیغام اور قیمت لڑکے کو ملا تو بہت شرمندہ ہُوا۔ اور چند ایک اور ساتھیوں کے ہمراہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر معذرت کے ساتھ تائب ہو گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

توکل عَلَی اللہ کیا ہے ؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ جن کا نام نامی اسم گرامی حضرت شفیق بلخی ہے اُن کے شاگرد نے حج کا ارادہ کیا۔ حضرت شفیق بلخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شاگرد سے فرمایا کہ تم پہلے بسطام جاکر حضرت بایزید بسطامی کی زیارت کرو۔ جب وہ آپ کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے دریافت کیا کہ تم کس کے مرید ہو؟ اُس نے عرض کیا کہ میں حضرت شفیق بلخی کا مرید ہوں۔ پھر آپ نے پوچھا کہ وہ کیا کہتا ہے۔ عرض کیا کہ وہ مخلوق سے اَوجھل اور توکل علی اللہ پر بھروسہ کیے ہوئے ہے اور کہتا ہے کہ اگر زمین و آسمان سونا بن جائے۔ زمین سے کچھ پیدا نہ ہو اور نہ ہی آسمان سے کچھ برسے اور تمام کائنات کی مخلوق میرا عیال ہو تب بھی میں توکل علی اللہ پر ہی قائم رہوں گا۔ آپ نے یہ سُن کر فرمایا یہ تو بہت بڑا کفر ہے۔ اگر بایزید کی جان پر بھی بن جائے تب بھی اس کافر و مشرک کے شہر میں قیام نہ کرے اور جب تو واپس آجائے تو اپنے مرشد سے کہہ دینا کہ محض دو روٹیوں کے عوض اللہ تعالیٰ کو نہ آزمائے۔ بھوک لگنے پر کسی ہم جنس

Marfat.com
Marfat.com

سے دو روٹیاں مانگ لے لیکن توکل کے بوجھ کو الگ رکھ دے تاکہ اس کی بدبختی سے تمام شہر زمین میں نہ دھنس جائے۔ یہ کلام سُن کر وہ مرید واپس چلا آیا۔ جب اپنے مرشد کی خدمت میں پہنچا تو انھوں نے پوچھا کہ جلدی کیوں واپس آگیا ہے۔ مرید نے تمام بات عرض کر دی۔ جب شفیق نے یہ باتیں سنیں تو خود کو ان تمام نقائص میں مبتلا پایا۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

علم حقیقی کا حصول

شہر بسطام کے بزرگوں میں سے ایک بزرگ جو نہایت متقی اور پرہیز گار تھا وہ ہمیشہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حلقہ میں حاضر رہتا تھا اور صاحب اثر بھی تھا۔ ایک دن اُس نے آپ کی خدمت میں عرض کیا یا شیخ۔ تیس سال ہوئے کہ صائم الدہر اور قائم اللیل ہوں۔ لیکن جس علم کا آپ ذکر فرماتے ہیں اس کا ایک شائبہ بھی اپنے آپ میں نہیں رکھتا ہوں باوجودیکہ میں علم کی تصدیق کرتا ہوں۔ اور اسے محبوب بھی رکھتا ہوں۔ آپ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ تیس سال کیا اگر تیس سو سال تک بھی تو ایسا کرتا رہے تو ایک ذرّہ تک بھی اُسے نہ سمجھ سکے۔ پوچھا کیوں؟ فرمایا کہ تو اپنے نفس کی

Marfat.com
Marfat.com

وجہ سے حجاب میں ہے۔ اُس نے عرض کیا اس کا کوئی علاج بھی ہے۔ آپ نے فرمایا اگر میں تجھے اس کا علاج بتادوں تو تُو اسے قبول نہیں کرے گا۔ اُس نے عرض کیا میں کئی سالوں سے اس کی تلاش میں ہوں میں ہر قیمت میں اسے قبول کروں گا۔ آپ نے فرمایا کہ ابھی جا کر اپنے سر اور داڑھی کو منڈوا دو اور پہنے ہوئے کپڑے اُتار کر گودڑی پہن لو۔ جس قوم کے لوگ تمہیں اچھا نہ سمجھتے ہوں اُن میں جا بیٹھو اور اَخروٹ کا ایک تھیلا بھر کر اپنے پاس رکھ لو اور لڑکوں کو کہہ دو کہ جو ایک طمانچہ مجھے لگائے گا اُسے ایک اَخروٹ دُوں گا۔ اور جو دو طمانچے لگائے گا اُسے دو اَخروٹ ملیں گے۔ اور لڑکوں سے طمانچے کھانے کی غرض سے شہر کے اردگرد چکّر لگاؤ تاکہ وہ تجھے خوب پیٹیں۔ جس جگہ پر تمہیں زیادہ رسوا کیا جائے اُسی جگہ پر اپنا قیام کر لو۔ یہی تمہارا علاج ہے۔ جب اس نے یہ عجب علاج سُنا تو حیران ہو اللہ کی تعریف بیان کی۔ یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ مشرک لوگ یہ اللہ کی تعریف کر کے مسلمان ہو جاتے ہیں تو تم یہی کلمات پڑھ کر مشرک ہو گئے۔ پوچھا کیوں؟ فرمایا اس لیے کہ تُو نے یہ کلمہ تعظیم حق کے لیے نہیں پڑھا بلکہ تم نے اپنی تعظیم بیان کی ہے۔ پھر وہ کہنے لگا کہ میں اس طرح علاج نہیں کر سکتا۔ آپ نے فرمایا میں نے تمہیں پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ تمہارا علاج یہی ہے مگر تم نہیں کر سکو گے۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِ راہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت گلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

لہ سُبحَانَ اللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

Marfat.com
Marfat.com

هر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے
چوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

عبادت میں لطف نہ آنا

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کو عبادت میں کچھ لطف نہ آیا۔ آپ نے خادم سے فرمایا کہ دیکھ گھر میں کیا چیز ہے۔ اس نے کہا ایک انگور کا خوشہ ہے فرمایا یہ کسی کو دیدو کیونکہ ہمارا گھر بنئے کی دکان نہیں۔ اس کے بعد پھر عبادت میں پہلے کی طرح لطف آنے لگا۔ دروازہ کھل گیا۔ دیکھا کہ ایک دریائے زخار موجیں مار رہا ہے۔ فرمایا کہ آؤ اس دریا سے پار چلیں۔ لیکن ابراہیم ہروی ڈر گئے اور کہا کہ میرا یہ مقام نہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ صحرا سے وہ جو جن کو آپ نے چن کر کھانا پکایا ہے اور توشہ دان میں رکھا ہے وہ چوپار پایوں کے کھائے ہوئے ہیں لیکن تم نے دانوں کو اکٹھا کر کے روٹی پکائی اور کھائی۔ جب اس کے متعلق زیادہ تحقیق کی گئی تو ایسا ہی پایا چنانچہ ابراہیم ہروی تائب ہو گیا۔

اولیآ را ہست قدرت از الٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے
تیر جستہ باز گردانند ز راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشتِ گلے
ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔
بوسہ زن بر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

هر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے
او نشیند در حضورِ اولیاؔ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیاؔ
غوثِ اعظم کا مرتبہ اولیاؔ کے درمیان ایسا ہے
چوں محمدؐ درمیانِ انبیاؔ
جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

ایک حیران کُن کرامت

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بزرگ جس کا نام شیخ ابوسعید تھا وہ حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا امتحان لینا چاہتا تھا۔ آپ نے ابوسعید کو اپنے ایک مرید کے پاس جانے کی ہدایت کی جس کا نام بھی ابوسعید ہی تھا۔ جب ابوسعید ابوسعید کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ بھیڑیئے ان کی بکریوں کی حفاظت کر رہے ہیں اور وہ نماز میں مشغول ہیں۔ آپ کے مرید نے نماز سے فارغ ہو کر پوچھا کہ تم کیا چاہتے ہو۔ شیخ ابوسعید نے کہا کہ گرم گرم روٹی اور انگور چاہیئے۔ آپ کے مرید ابوسعید کے ہاتھ میں لکڑی تھی فوراً اُسی کو توڑ کر دونوں حصّے زمین میں گاڑ دیئے۔ اُسی وقت اُس میں قدرتِ الٰہی سے انگور لگ گئے مگر جو حصّہ ابوسعید کے سامنے تھا اس میں انگور سیاہ رنگ کے تھے لیکن جو حصّہ آپ کے مرید کے سامنے تھا اس میں انگور سفید رنگ کے تھے۔ ابوسعید نے پوچھا کہ رنگت میں فرق آنے کی وجہ کیا ہے۔ فرمایا کہ تم نے امتحان کے طور پر چاہا اور میں نے یقین کے طور پر۔ اس لیے ہر چیز کا رنگ اس کے حال کے لائق ہوتا ہے۔ اس کے بعد ایک کمبل شیخ ابوسعید کو دے کر کہا کہ اسے حفاظت سے رکھنا۔ چنانچہ ابوسعید جب حج کو گئے تو عرفات میں وہ کمبل گم ہو گیا۔ جب وہ حج سے واپس بسطام آئے تو وہی کمبل اس چرواہے ابوسعید کے پاس تھا۔

Marfat.com
Marfat.com

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا — غوثِ اعظم دَرمیانِ اَولیآ
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے — غوثِ اعظم کا مرتبہ اَولیآ کے درمیان ایسا ہے

اُو نشیند در حضورِ اَولیآ — چُوں محمّد درمیانِ انبیآ
وہ اَولیاء کاملین کی صحبت اِختیار کرے — جیسا کہ نبیؐ پاک کا انبیاء کے درمیان

بارش کا نزول

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کچھ آدمی جمع ہو کر حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ خدمت میں حاضر ہوئے اور قحط کی شکایت کر کے قحط دفع ہونے کی دعا کرنے کے لیے عرض کیا کہ حضور بارش کی سخت قلّت ہے اس لیے بارش ہونی چاہیئے ۔ آپ نے سر گھٹنوں میں رکھا اور چند لمحوں کے بعد سَر اُٹھا کر فرمایا کہ جاؤ اپنے مکان کے پرنالوں کو درست کرو بارش آ رہی ہے ۔ آپ کی زبان مبارک سے یہ لفظ نکلنے کی دیر تھی کہ بارش برسنی شروع ہو گئی ۔ اور ایک دن رات تک مسلسل بارش برستی رہی۔

اَولیآ راہَست قدرت اَز اِلٰہ — تیر جَستہ باز گردانند زِراہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اَولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے — کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پَیدا کُن از مُشت ِگلے — بوسہ زَن بَر آستانِ کاملے
ایک مُشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔ — کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

Marfat.com
Marfat.com

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے

چوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبی پاک کا انبیاء کے درمیان

حضرت خضر کے ہاتھ میں ہاتھ

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص نے حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ حضور قبرستان میں آپ کو فلاں شخص نے جنازے پر دیکھا کہ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے تھے۔ نماز جنازہ کے بعد دیکھا کہ آپ نے ہوا میں پرواز کی۔ آپ نے فرمایا کہ اُس شخص نے جو کچھ کہا بالکل سچ کہا۔

اولیآ را ہست قدرت از الٰہ
اللہ تعالیٰ کی عطا سے اولیاء کو یہ طاقت حاصل ہے

تیر جستہ باز گردانند ز راہ
کمان سے پھینکے ہوئے تیر کو واپس کر لیتے ہیں

کیمیا پیدا کن از مشت گلے
ایک مشت مٹی کیمیا بن جائے گی۔

بوسہ زن بر آستانِ کاملے
کسی کامل کے آستانے کی گدائی کر

ھر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا
جو اللہ کا مصاحب بننا چاہے

غوثِ اعظم درمیانِ اولیآ
غوث اعظم کا مرتبہ اولیآ کے درمیان ایسا ہے

او نشیند در حضورِ اولیآ
وہ اولیاء کاملین کی صحبت اختیار کرے

چوں محمدؐ درمیانِ انبیآ
جیسا کہ نبی پاک کا انبیاء کے درمیان

Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

WAHBA PUBLISHERS LAHORE

ہماری کتابیں

میرا کتابیں

توحید پارک امامیہ کالونی
شاہدرہ لاہور

Marfat.com
Marfat.com